www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | اتوار 28 رجب 1447ھ 18 جنوری 2026ء، صفحات 24 | شمارہ 195

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 40 روپے

بلوچستان میں امن و خوشحالی کو مستحکم بنانے اور اسمگلنگ کی روک تھام کیلئے تمام ادارے اقدامات تیز کریں، سرفراز بگٹی

ریاستی دفاعی کانفرنس کا 21 واں اجلاس، صوبے میں اینٹی سمگلنگ اور اینٹی نارکوٹکس آپریشنز پر خصوصی توجہ دی گئی اور مضر سرگرمیوں کے خلاف کارروائیوں کو تیز کرنے پر زور دیا گیا

کانفرنس ڈیڑھ سال سے باقاعدگی سے ہو رہی ہے جو صوبے میں امن و استحکام کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم ثابت ہوئی ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان اجلاس کے شرکاء سے اظہار خیال

اجلاس میں کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان شریک، صوبے میں مجموعی سلامتی کی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت اور عوام کی فلاح و بہبود کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

وزیر اعلیٰ بلوچستان کا مکران کوسٹل ہائی وے بس حادثے پر افسوس کا اظہار، وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ٹیلی فونک رابطہ، زخمیوں کو بہتر علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے پر بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور کور کمانڈر بلوچستان لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد خان کی مشترکہ زیر صدارت ریاستی دفاعی کانفرنس (بارڈنگ آف دی اسٹیٹ کانفرنس) کا 21 واں اجلاس کوئٹہ میں منعقد ہوا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ کانفرنس گزشتہ ڈیڑھ سال سے باقاعدگی سے ہو رہی ہے جو صوبے میں امن و استحکام کے لیے ایک موثر پلیٹ فارم ثابت ہوئی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ تقریباً ہر 21 دن بعد ہونے والے اس اجلاس کا بنیادی مقصد پچھلی کانفرنس میں کیے گئے فیصلوں پر عمل درآمد کی پیشرفت کو یقینی بنانا ہے اجلاس میں وفاقی و صوبائی اداروں اور محکموں کے علاوہ سیکورٹی فورسز (پاکستان آرمی، فرنٹیئر کور، پاکستان کوسٹ گارڈ) کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں صوبے میں اینٹی سمگلنگ اور اینٹی نارکوٹکس آپریشنز پر خصوصی توجہ دی گئی اور ان مضر سرگرمیوں کے خلاف کارروائیوں کو......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

جنید صفدر رشتہ ازدواج میں منسلک، تصاویر و ویڈیوز وائرل

بارات میں نواز شریف، شہباز شریف دلہے کی والدہ مریم نواز شریک

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق وزیر اعظم نواز شریف کے نواسے اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے صاحبزادے جنید صفدر رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے، نکاح چیئرمین اسلامی نظریاتی کونسل راغب نعیمی نے پڑھایا۔ لاہور میں جنید صفدر کی شادی کی تقریبات جاری ہیں جب کہ آج......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

قوم کی یکجہتی اور شعور ہی پاکستان کی اصل طاقت ہے، ترجمان پاک فوج

ملک میں عوامی رشتوں کو مضبوط بنانے میں تعلیمی اداروں کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے، ڈائریکٹر جنرل آئی ایس پی آر

پاک فوج نے ہمیشہ ریاست اور آئین کی سربلندی کے لیے قربانیاں دی ہیں، اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں دیگر کا اظہار خیال

اسلام آباد (زاہد احمد خان) پاک فوج کے محکمہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل کی زیر صدارت اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور میں اساتذہ، طلبہ و طالبات اور مختلف مدارس و تعلیمی اداروں کے نمائندوں کے ساتھ ایک خصوصی اور فکری نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں قومی و علاقائی سلامتی، موجودہ حالات اور نوجوانوں کے کردار پر جامع گفتگو کی گئی۔ نشست سے خطاب کرتے ہوئے......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ کے پی سہیل آفریدی ریلی کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

انسپائرڈ گیمبٹ دفاعی تعلق میں نئی جہت ہے، امریکی سینٹرل کمانڈ

مشق میں انفنٹری کی مہارتوں، جدید حکمتِ عملیوں اور انسدادِ دہشتگردی کی کارروائیوں پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی

امریکی اور پاکستانی فوج نے نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سنٹر پبی میں مشق کے دوران تربیت مکمل کی، ایکس پر جاری بیان

واشنگٹن (م ڈ) پاکستان اور امریکی افواج کی مشترکہ مشق انسپائرڈ گیمبٹ سے دفاعی شراکت داری مزید مستحکم ہو گئی، امریکا نے پاکستان کے ساتھ مشترکہ مشق انسپائرڈ گیمبٹ کو دفاعی تعلقات میں نئی جہت قرار دیا ہے۔ امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کے آفیشل ایکس اکاؤنٹ پر جاری بیان میں کہا گیا کہ رواں ہفتے امریکی اور پاکستانی فوج نے نیشنل کاؤنٹر ٹیررازم سنٹر پبی میں مشق انسپائرڈ گیمبٹ......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت ریاستی دفاعی کانفرنس کے 21 ویں اجلاس میں کور کمانڈر لیفٹیننٹ جنرل راحت نسیم احمد، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان اور اعلیٰ حکام شریک ہیں

ایران امریکا کشیدگی ختم کرانے کیلئے روسی صدر پیوٹن سرگرم، ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور اسرائیلی وزیر اعظم نیتن یاہو سے رابطہ، ثالثی کی پیشکش

ایران میں نئی قیادت تلاش کر رہے ہیں، ٹرمپ — ہزاروں مظاہرین کے قتل کا ذمہ دار ٹرمپ ہے، آیت اللہ خامنہ ای

ڈونلڈ ٹرمپ نے ایرانی عوام کو اکسانے، ملک میں بدامنی پھیلانے اور سوشل میڈیا و بیانات کے ذریعے تشدد کو ہوا دینے میں براہ راست کردار ادا کیا، رہبر اعلیٰ ایران

ایرانی قیادت کا مطلب احترام ہے، خوف اور موت نہیں، اقتدار برقرار رکھنے کیلئے ہزاروں لوگوں کو قتل کرنے کی بجائے ملک کو درست طریقے سے چلایا جائے، امریکی صدر

ایران میں پُرامن احتجاج کو صیہونی حمایت یافتہ دہشتگردوں نے پرتشدد بنایا، جی سیون ممالک کا بیان مداخلت پسندانہ ہے مظاہروں میں اسرائیلی کردار کے ٹھوس شواہد ہیں، ایرانی وزارت خارجہ

لندن میں ایرانی سفارتخانے کے باہر احتجاج کرنے والے متعدد افراد گرفتار، مشتعل مظاہرین نے ایرانی سپریم لیڈر کی پوسٹرز اور تصاویر کو آگ لگا دی، لندن پولیس کیساتھ جھڑپ میں 4 اہلکار زخمی

تہران، واشنگٹن، ماسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) ایران کے حالیہ فسادات میں ٹرمپ ذاتی طور پر ملوث اور ذمہ دار ہیں، سپریم لیڈر آیت اللہ خامنہ ای نے کہا ہے کہ حالیہ مظاہروں میں ہونے والی ہلاکتوں اور مالی نقصان کے اصل ذمہ دار ڈونلڈ ٹرمپ ہیں۔ عالمی......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کا ایک نہیں دو بار مینڈیٹ چوری ہوا، بیرسٹر گوہر

3 سال سے تحریک چلا رہے ہیں، ہری پور تا مانسہرہ اسٹریٹ موومنٹ جاری رہیگی، عوام ووٹ پر ڈاکہ ڈالنے نہیں دینگے

ہم قانون کی بالادستی کیلئے کھڑے ہیں، ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال کے لیے فنڈز جاری کر دیئے گئے ہیں، سہیل آفریدی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ ہمارا ایک نہیں بلکہ دو بار مینڈیٹ چوری ہوا ہے۔ ہری پور کے صدیق اکبر چوک پر میں ریلی کے شرکاء سے خطاب میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ ہم اپنا مینڈیٹ چوری نہیں......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

سپریم کورٹ کا آئندہ ہفتے کا ججز روسٹر جاری، سات بینچز تشکیل

بینچ ایک چیف جسٹس یحییٰ خان آفریدی اور جسٹس شاہد بلال پر مشتمل

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ نے آئندہ ہفتے کے مقدمات کی سماعت کے لیے ججز کا روسٹر اور کازلسٹ جاری کر دی ہے، جس کے مطابق عدالت میں سات بینچز......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستان کی مقبوضہ کشمیر میں مساجد کی پروفائلنگ کی شدید مذمت

ذاتی معلومات اور تصاویر کا جبری حصول منظم ہراسانی کے مترادف ہے

مقبوضہ کشمیر میں خوف پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے، ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان نے مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارتی حکومت کی جانب سے مساجد اور مسجد انتظامی کمیٹیوں کی پروفائلنگ کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور اسے مذہبی آزادی کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ دفتر خارجہ کے ترجمان نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ ذاتی معلومات اور تصاویر کا جبری حصول منظم ہراسانی کے مترادف ہے......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت ہر محاذ پر مدارس و ملکی استحکام کی جنگ لڑے گی، مولانا فضل الرحمن

وطن کی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے نااہل حکمرانوں کی غلط پالیسیوں کے باعث پاکستان بحرانوں کا شکار ہے، امیر جمعیت

جب تک ہمارے نوجوان اور قوم دینی اقدار اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار رہیں گے ہمیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا

جمعیت پاکستان کو ایک حقیقی اسلامی فلاحی ریاست بنانے کا عزم رکھتی ہے، بلوچستان کے رہنما حافظ خلیل احمد کی قیادت ملنے والے وفد سے گفتگو

اسلام آباد / کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام پاکستان کے مرکزی امیر قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان نے کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام ہر محاذ پر شعائر اسلام، عقیدہ ختم نبوت ناموس صحابہ تحفظ دینی مدارس اور ملکی استحکام کی جنگ لڑے گی ہم کسی بھی صورت دین کی بنیادی اقدار اور وطن کی سالمیت پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے نااہل حکمرانوں کی غلط پالیسیوں......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا مثبت بات کریں تو انہیں ویلکم کہیں گے، گورنر سندھ

اب ماحول بدل چکا ہے، پوری دنیا کی نظریں اب پاکستان پر ہیں، کامران ٹیسوری

خدارا یہاں آکر منفی باتیں نہ کریں ملک ایک اور 9 مئی کا متحمل نہیں ہوسکتا، گفتگو

کراچی (آن لائن) گورنر سندھ کامران ٹیسوری نے کہا ہے کہ اگر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا مثبت بات کریں تو انہیں ویلکم کہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ خدارا یہاں آکر منفی باتیں نہ کریں، توڑ پھوڑ کی سیاست نہ کریں، اب یہ ملک ایک اور 9 مئی کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ کامران ٹیسوری کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی نے 4 سال میں لوگوں کو گالیاں دینا سکھایا ہے، ایک دن......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

خطے میں پائیدار امن و سلامتی باہمی مشاورت سے ممکن ہے، اسحاق ڈار

ایرانی وزیر خارجہ سے ٹیلی فونک رابطہ، علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور اسلامی جمہوریہ ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا ہے، جس میں......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

مکران کوسٹل ہائی وے پر حادثہ، 10 مسافر جاں بحق، 36 افراد زخمی

اورماڑہ زیرو پوائنٹ کے قریب کراچی سے جیونی جانے والی مسافر بس تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی، 7 شدید زخمی بذریعہ طیارہ کراچی منتقل

حادثے کے باعث مکران کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک عارضی طور پر معطل، پولیس اور ریسکیو 1122 کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں

گوادر (آن لائن) اورماڑہ کے قریب مکران کوسٹل ہائی وے پر مسافر بس کو حادثہ، 10 مسافر جاں بحق ہو گئے 36 افراد زخمی ہو گئے 7 شدید زخمیوں کو بذریعہ طیارہ کراچی منتقل کر دیا گیا تفصیلات کے مطابق مکران کوسٹل ہائی وے پر اورماڑہ زیرو پوائنٹ کے قریب کراچی سے جیونی جانے والی مسافر بس تیز رفتاری کے باعث الٹ گئی پولیس کے مطابق......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

اوورسیز پاکستانیوں کی موبائل سمز بلاک نہیں ہونگی، پی ٹی اے

بیرون ملک مقیم افراد سہولت کیلئے متعلقہ کمپنی سے رجوع کر سکتے ہیں

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پی ٹی اے نے بیرون ملک پاکستانیوں کے لیے بڑی سہولت کا اعلان کیا ہے۔ نیوز کے مطابق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

اورماڑہ کے مقام پر حادثہ کا شکار ہونے والی مسافر بس جائے وقوعہ پر تباہ حال پڑی ہے

صدر مملکت کا سرگودھا اور اورماڑہ میں حادثات پر افسوس کا اظہار

اسلام آباد (آن لائن) صدر مملکت آصف علی زرداری نے سرگودھا اور اورماڑہ میں پیش آنے والے المناک ٹریفک حادثات میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ صدر مملکت......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

سعودی فرماں روا ہسپتال سے روانہ، رپورٹس تسلی بخش قرار

ریاض (م ڈ) سعودی فرماں روا شاہ سلمان بن عبد العزیز طبی معائنے کے بعد ہسپتال سے روانہ ہو گئے۔ شاہ سلمان بن عبد العزیز ریاض کے کنگ فیصل اسپیشلسٹ ہسپتال سے روانہ ہو گئے۔ عرب نیوز کے مطابق......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

استور سمیت بالائی علاقوں میں شدید برف باری، زمینی رابطہ منقطع

موسم مزید سرد برف باری سے نظام زندگی مفلوج ہوگیا، لوگ گھروں میں محصور

استور (آن لائن) شدید برف باری سے کئی استور اور شمالی بالائی علاقوں کا زمینی رابطہ منقطع ہوگیا۔ استور میں گزشتہ کئی گھنٹوں سے شدید برف باری کا سلسلہ......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پارٹی میں حتمی فیصلہ نواز شریف ہی کرتے ہیں، اعظم نذیر تارڑ

اچکزئی پرانے سیاست دان، نواز شریف ساتھیوں کی قدر کرتے ہیں، جیل میں ملاقات ایک قانونی معاملہ ہے

سپریم کورٹ کے فیصلے موجود ہیں، سزا یافتہ شخص ملکی سیاست نہیں چلاسکتا، اپوزیشن کو سمجھنا چاہیے، وفاقی وزیر قانون

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ پارٹی میں مشاورت ہوتی ہے لیکن حتمی فیصلہ نواز شریف کرتے ہیں۔ گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ محمود خان اچکزئی پرانے سیاست دان ہیں......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

لندن میں ایران مخالف مظاہرے کے دوران آیت اللہ خامنہ ای کی تصویر نذر آتش کی جا رہی ہے

لاہور، شدید دھند کے باعث فضائی آپریشن درہم برہم

علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 25 پروازیں متاثر، تین منسوخ کر دی گئیں

لاہور (آئی این پی) موسم کی خرابی اور شدید دھند کے باعث فضائی آپریشن درہم برہم ہوگیا، علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے اندرون اور بیرون ممالک جانے......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

جسٹس نجم الدین مینگل کل بلوچستان ہائیکورٹ کے مستقل جج کا حلف اٹھائیں گے

کوئٹہ (خ ن) عدالت عالیہ بلوچستان کے جج جسٹس نجم الدین مینگل کی بطور مستقل جج حلف برداری کی تقریب 19 جنوری 2026 بروز پیر صبح 11:30 بجے......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

جھل مگسی، فائرنگ سے چیئرمین یوسی آصف خان مگسی جاں بحق

مقتول چیف آف پنجک سردار فرحان سہراب خان مگسی کے بھائی تھے دو کمسن بیٹے زخمی

گنداواہ / جھل مگسی (محمد قاسم سیال) جھل مگسی کی یونین کونسل پنجک شہر میں برادری کے دو فریقین میں فائرنگ، چیئرمین یونین کونسل میر آصف خان مگسی جاں بحق......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

ایف آئی اے کی کارروائی، انسانی اسمگلنگ میں ملوث سابق ریٹائرڈ ملازم گرفتار

ملزم محمد اسماعیل کو کوئٹہ سے گرفتار جو ویزا فراڈ اور مائیگرنٹ سمگلنگ میں ملوث ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کوئٹہ کے عملے کی کارروائی انسانی اسمگلنگ میں ملوث سابقہ ریٹائرڈ ملازم کو گرفتار کرلیا گرفتار ملزم......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

سیکورٹی اداروں کو جدید امریکی آلات سے لیس کیا جائیگا، محسن نقوی

فیڈرل کانسٹیبلری کی تنظیم نو، ایف آئی اے اور این سی سی آئی اے کی استعداد کار بڑھانے میں امریکی تعاون کا خیر مقدم کرینگے

مالیاتی فراڈ و دہشتگردی کی فنڈنگ روکنے کیلئے جدید سافٹ ویئر وقت کی ضرورت ہیں، امریکی سفیر و اعلیٰ سطحی وفد سے بات چیت

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وفاقی وزیر داخلہ و نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی سے امریکی سفیر نیٹلی بیکر کی سربراہی میں اعلیٰ سطح کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاک امریکہ تعلقات اور مشترکہ مفادات کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران دوطرفہ سیکورٹی تعاون......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

آصف زرداری میں کوئی تو بات ہے، دوبار صدر بنے، اعتزاز احسن

لاہور پی پی کی جان ہے، یہاں سے بلاول ہار جائیں میں نہیں مانتا، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما بیرسٹر چوہدری اعتزاز احسن نے کہا ہے کہ آصف علی زرداری......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ بورڈ آف پیس کے ارکان کے ناموں کا اعلان

میجر جنرل جیسپر جیفرز کو عالمی استحکام فورس کا کمانڈر مقرر کیا گیا

واشنگٹن (م ڈ) وائٹ ہاؤس نے ٹرمپ کے منصوبے کے تحت غزہ بورڈ آف پیس کے ارکان کے ناموں کا اعلان کر دیا۔ وائٹ ہاؤس کے مطابق میجر جنرل جیسپر جیفرز کو عالمی استحکام فورس کا کمانڈر مقرر کیا گیا ہے، وزیر خارجہ مارکو روبیو، ٹرمپ کے......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

لاپتہ افراد کا مسئلہ انتہائی سنگین، اسے فوری حل کرنیکی ضرورت ہے، مالک بلوچ

گھٹنے و سیاسی فکر پر کاربند رہ کر ہی سیاسی و قومی اہداف حاصل کیا جاسکتا ہے کوہلو و بارکھان میں پارٹی ایک منظم قوت بن چکی ہے، سربراہ

ماورائے قانون لوگوں کے لاپتہ ہونے کی خبریں ہیں اگر کوئی مجرم ہے تو عدالتوں میں پیش کیا جائے، نیشنل پارٹی

گرینڈ الائنس کے مسائل کو گفت و شنید سے حل کیا جائے جیل و قید مسائل کا حل نہیں، شمولیتی اجتماع سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (یو این اے) کوہلو و بارکھان جیسے علاقوں میں سیاسی کارکن نے روایتی و غیر جمہوری عناصر کو اپنے منظم جدوجہد سے شکست دی لاپتہ افراد کا مسئلہ انتہائی سنگین ہے فوری حل کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد، غیرت کے نام پر خاتون و مرد قتل، ملزم فرار

ملزم نے اپنی بیوی (ر) اور رحمت اللہ کو قتل کر دیا، لاشیں ورثاء کے حوالے

نصیر آباد (نامہ نگار) نصیر آباد کے علاقے تھانہ میر حسن کی حدود میں غیرت کے نام پر ایک عورت سمیت دو افراد کو قتل کر دیا گیا ملزم فرار ہونے میں کامیاب......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ملک بھر کے سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق

127 نمونے دسمبر 2025 میں قومی ادارہ صحت کو بھجوائے گئے تھے، 40 نمونوں میں پولیو وائرس پازیٹو کی رپورٹ

سندھ میں سب سے زیادہ 23، بلوچستان کے 2، پنجاب کے 6 اور خیبر پختونخوا کے 8 نمونوں میں وائرس کی تصدیق

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان سے دسمبر 2025 میں حاصل کیے گئے سیوریج کے نمونے قومی ادارہ صحت بھجوائے گئے تھے، بلوچستان کے دو نمونوں میں پولیو وائرس......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

جمہوریت دشمن بلدیاتی قانون کسی صورت قبول نہیں، حافظ نعیم الرحمن

عوام اپنے حق کے لیے بیدار ہوگئے، مقامی حکومتوں کا مؤثر نظام قائم کیا جائے

افسر شاہی عوامی نمائندوں کے ماتحت، بلدیاتی انتخابات جماعتی بنیادوں پر ہوں

فیصل آباد (آن لائن) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پنجاب کے عوام سے خوفزدہ نون لیگ نے جمہوریت دشمن بلدیاتی قانون......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

سندھ طاس معاہدے کی معطلی کشیدگی بڑھائیگی، امریکی جریدہ

پانی کی سیاست کا نیا رخ، بھارت پانی کو اسٹریٹیجک ہتھیار بنا رہا ہے، جنوبی ایشیا میں پانی بحران بڑا انسانی خطرہ بن سکتا ہے

بھارت سندھ طاس معاہدہ یکطرفہ معطل نہیں کر سکتا، آبی ڈیٹا کی فراہمی روکنا بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے، رپورٹ

دہلی (م ڈ) بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی معطلی کے بعد جنوبی ایشیا میں پانی کی سیاست نے......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

بیرون ملک روزگار اور تحفظ میں اضافے کیلئے اہم اقدامات

گزشتہ سال 7 لاکھ 62 ہزار 499 افراد بیرون ملک بھجوائے گئے

کارکنوں کی ترسیلات زر 2025 میں 40 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں، وزارت

اسلام آباد (آن لائن) وزارت سمندر پار پاکستانی و ترقی انسانی وسائل نے اپنے نظام میں بہتری کے ذریعے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے روزگار اور تحفظ میں نمایاں اضافہ کیا ہے۔ بیورو آف امیگریشن کی جانب سے بیرون ملک روزگار کے متلاشی افراد کے لیے مختلف اقدامات کیے گئے ہیں جس کے نتیجے میں پاکستانی کارکنوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

ہم نے سیاست پر ریاست بچانے کو ترجیح دی، طلال چوہدری

گوجرہ (م ڈ) وفاقی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے اپنی سیاست نہیں بلکہ ریاست بچانے کو ترجیح دی۔ وفاقی وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے تقریب سے خطاب......... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

شوکت خانم ہسپتال کے سینئر ڈاکٹر پروفیسر جمشید انتقال کر گئے

مرحوم ڈاکٹر جمشید عظیم انسان تھے، خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، ڈاکٹر زاہد محمود



کوئٹہ (سٹی رپورٹر) لاہور شوکت خانم کینسر ہسپتال کے سینئر ڈاکٹر پروفیسر جمشید قضائے الٰہی سے انتقال کر گئے، مرحوم کی......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

افواج پاکستان ملٹی ڈومین آپریشنز کی تیاریوں میں مصروف

مشقیں جدید ٹیکنالوجی، تباہ کن فائر پاور اور افواج پاکستان کی صلاحیتوں کا مظہر

ملٹی ڈومین آپریشنز فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کے باہمی اشتراک کو نمایاں کرتے ہیں

اسلام آباد (زاہد احمد خان) افواج پاکستان میں ملٹی ڈومین آپریشنز جنگی محاذ پر کامیابی کی ضمانت ہیں افواج پاکستان بدلتے جنگی تقاضوں سے ہم آہنگ ملٹی ڈومین آپریشنز کے لیے بھرپور تیاری میں مصروف ہیں۔ ملٹی ڈومین آپریشنز میں فضائی، زمینی، سائبر، الیکٹرانک وارفیئر، خودکار نظام اور انفارمیشن آپریشنز کو مشترکہ حکمت عملی کے تحت دشمن کے خلاف مربوط انداز میں استعمال کیا جاتا ہے فضائی برتری، کثیر المقاصد ڈرونز اور دور مار کرنے والے ہتھیاروں......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

آن لائن فراڈ کیس، 7 چینی باشندوں سمیت 12 ملزمان عدالت میں پیش

کراچی (م ڈ) کراچی میں شہریوں سے آن لائن فراڈ کے کیس میں 7 چینی باشندوں سمیت 12 ملزمان کو عدالت میں پیش کیا گیا۔ تفتیشی حکام نے بتایا کہ ملزمان......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور چیف سیکرٹری شکیل قادر خان کرکٹ میچ کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

ایک ماہ کیلئے بجلی 48 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بجلی صارفین پر مزید بوجھ پڑنے کا امکان ہے، کیونکہ ایک ماہ کے لیے بجلی 48 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کی درخواست دائر کر دی گئی ہے۔ سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی (سی پی پی اے) نے ماہانہ......... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

سی ٹی ڈی کے متعدد آپریشنز، را ایجنٹ سمیت 49 دہشتگرد گرفتار

لاہور سے بھارتی خفیہ ایجنسی کا ایجنٹ گرفتار کیا، قبضے سے بارودی مواد، اسلحہ اور اہم سرکاری و حساس عمارتوں کے نقشے برآمد

صوبے بھر سے 6 ہزار 131 کومبنگ آپریشنز، 5 سو 99 مشتبہ افراد زیر حراست، 2 لاکھ سے زائد افراد سے پوچھ گچھ کی گئی

لاہور (بیورو رپورٹ) دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے خدشات کے پیش نظر کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ نے پنجاب کے مختلف شہروں میں وسیع کارروائیاں کیں، جن کے دوران بھارتی خفیہ ایجنسی 'را' کے ایجنٹ سمیت 49 دہشت گرد گرفتار کیے گئے۔ حکام......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

فواد چوہدری کی نواز شریف سے سیاسی ٹمپریچر کم کرنے کی اپیل

نیشنل ڈائیلاگ کیلئے وزیر اعظم سے درخواست کی، جواب نہیں آیا، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر اطلاعات اور سینئر سیاستدان فواد چوہدری نے حکمران جماعت مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف سے اپیل کی ہے۔ ایک نجی چینل کے پروگرام میں گفتگو میں فواد چوہدری نے نواز شریف سے ملک کا......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

بنیادی سہولتوں سے محروم کلی محمد شہی کچرے کے ڈھیر بیماریاں پھیلانے لگے

گنجان آبادی کلی محمد شہی میں صفائی کے ناقص انتظامات، کچرے کے ڈھیر اور بند نالیوں نے شہریوں کو اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے

پیدل چلنا اور گاڑیوں کی آمدورفت مشکل، صفائی عملہ اور کچرا اٹھانے والی گاڑیوں کی عدم موجودگی نے مسائل کو مزید سنگین بنا دیا ہے

گندگی اور تعفن کے باعث بچوں، بزرگوں اور خواتین میں مختلف بیماریاں پھیلنے لگیں، صحت عامہ کو سنگین خطرات لاحق ہو گئے ہیں

نالیوں صفائی مرمت، اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب سڑکوں کی مرمت کی جائے، ماما فضل لہڑی، شبیر احمد زہری، بابو لعل بخش کی مشرق سے گفتگو

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مصروف اور گنجان آباد علاقے سریاب روڈ پر واقع کلی محمد شہی ایک عرصے سے بنیادی سہولیات کی شدید قلت کا شکار ہے، جہاں صفائی کے ناقص انتظامات، جگہ جگہ کچرے کے ڈھیر، بند نالیاں اور سڑکوں پر بہتا گندا پانی شہریوں کے لیے روزمرہ زندگی کو اذیت ناک بنا چکا ہے۔ بارہا شکایات کے باوجود متعلقہ اداروں کی جانب سے کوئی مؤثر اقدام سامنے نہیں آیا، جس کے باعث حالات دن بدن بدتر ہوتے جا رہے ہیں۔ ضلعی انتظامیہ اور میونسپل حکام فوری نوٹس لے کر علاقے میں صفائی، نکاسی آب اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ ان خیالات کا اظہار علاقہ مکین ماما محمد فضل لہڑی، شبیر احمد زہری، بابو لعل بخش لہڑی اور دیگر نے مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کلی محمد شہی میں صفائی کا کوئی منظم نظام موجود نہیں۔ گلیوں اور سڑکوں کے کنارے کچرے کے بڑے بڑے ڈھیر جمع ہو چکے ہیں، جن سے تعفن اٹھتا رہتا ہے جس سے مختلف بیماریاں جنم لے رہی ہیں۔ نالیاں بند ہونے کے باعث گھروں کا گندا پانی سڑکوں پر بہتا رہتا ہے، جس سے نہ صرف پیدل چلنے والوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے بلکہ موٹر سائیکل سوار اور گاڑیوں کے لیے بھی آمدورفت مشکل ہو گئی ہے۔ بارش کے دنوں میں صورتحال مزید سنگین ہو جاتی ہے۔ معمولی بارش کے بعد ہی سڑکیں تالاب کا منظر پیش کرنے لگتی ہیں، جبکہ نالیاں ابل پڑتی ہیں اور گندا پانی گھروں میں داخل ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ بچوں، بزرگوں اور خواتین کے لیے گھروں سے نکلنا مشکل ہو چکا ہے، جبکہ طلبہ کو اسکول اور کالج جانے میں شدید دقت پیش آتی ہے۔ کئی مقامات پر گندا پانی جمع ہونے سے پھسلن پیدا ہو جاتی ہے، جس کے باعث حادثات کا خطرہ بھی بڑھ گیا ہے۔ کچرے کے ڈھیروں کے باعث نہ صرف بدبو پھیلتی ہے بلکہ آوارہ کتوں اور دیگر جانوروں کی بھرمار بھی ہو گئی ہے، جو بچوں کے لیے خطرے کا سبب بن رہے ہیں۔ صفائی کے عملے کی عدم موجودگی اور کچرا اٹھانے والی گاڑیوں کے نہ آنے کی وجہ سے شہری مجبوراً کچرا سڑکوں کے کنارے پھینکنے پر مجبور ہیں، جس سے مسئلہ مزید سنگین صورت اختیار کر چکا ہے۔ ماما محمد فضل لہڑی نے کہا کہ کلی محمد شہی کے رہائشی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ "ہم کئی بار متعلقہ محکموں کو درخواستیں دے چکے ہیں، مگر کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ صفائی کا نظام بہتر نہ ہونے کے باعث ہمارے بچے بیمار پڑ رہے ہیں، جبکہ بزرگوں کو سانس اور جلدی امراض کا سامنا ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ علاقے میں باقاعدہ صفائی مہم شروع کی جائے اور نالیاں کھول کر نکاسی آب کا مؤثر انتظام کیا جائے۔ شبیر احمد زہری نے اس موقع پر بتایا کہ گندے پانی کے بہاؤ سے سڑکیں بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہو رہی ہیں۔ سڑکوں پر پانی جمع رہنے سے گڑھے بن گئے ہیں، جس سے گاڑیوں کو نقصان پہنچتا ہے اور آئے روز حادثات ہو رہے ہیں۔ اگر یہی صورتحال رہی تو آنے والے دنوں میں یہ علاقہ مکمل طور پر ناقابل رہائش بن سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ترقی کے دعوؤں کے باوجود زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں۔ بابو لعل بخش لہڑی نے کہا کہ علاقے میں سیوریج نظام مکمل طور پر ناکارہ ہو چکا ہے۔ نالیاں کئی مہینوں سے صاف نہیں کی گئیں، جس کے باعث گندا پانی سڑکوں پر بہہ رہا ہے۔ متعلقہ حکام صرف وعدے کرتے ہیں، مگر عملی اقدامات نظر نہیں آتے۔ ہم چاہتے ہیں کہ اعلیٰ حکام خود آ کر حالات کا جائزہ لیں اور فوری حل نکالیں۔ علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ صفائی کے ناقص انتظامات کے ساتھ ساتھ اسٹریٹ لائٹس کی کمی بھی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ رات کے وقت اندھیرا چھا جانے سے جرائم کا خدشہ بڑھ جاتا ہے، جبکہ گندے پانی اور کچرے کے باعث چلنا پھرنا مزید مشکل ہو جاتا ہے۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ علاقے میں اسٹریٹ لائٹس نصب کی جائیں تاکہ رات کے وقت بھی آمدورفت محفوظ بنائی جا سکے۔ سماجی حلقوں کا کہنا ہے کہ کلی محمد شہی جیسے علاقوں میں بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی نہ صرف شہریوں کی زندگی کو متاثر کر رہی ہے بلکہ شہر کی مجموعی خوبصورتی اور صحت عامہ کے لیے بھی خطرہ بن چکی ہے۔ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو گندگی اور گندے پانی سے وبائی امراض پھیلنے کا خدشہ بڑھ سکتا ہے۔ شہریوں نے ضلعی انتظامیہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن اور دیگر متعلقہ اداروں سے اپیل کی ہے کہ کلی محمد شہی میں فوری طور پر صفائی مہم شروع کی جائے، نالیاں کھولی جائیں، کچرا اٹھانے کا باقاعدہ نظام متعارف کرایا جائے اور سڑکوں کی مرمت کی جائے۔ اگر بروقت اقدامات کیے جائیں تو نہ صرف شہریوں کی مشکلات میں کمی آ سکتی ہے بلکہ علاقے میں رہائش کے معیار کو بھی بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ علاقہ مکینوں نے خبردار کیا کہ اگر ان کے مسائل پر فوری توجہ نہ دی گئی تو وہ احتجاج پر مجبور ہوں گے۔ بنیادی سہولیات ہر شہری کا حق ہیں اور اس حق سے محروم رکھنا کسی صورت قابل قبول نہیں۔ شہریوں نے امید ظاہر کی کہ متعلقہ حکام ان کی آواز سنیں گے اور کلی محمد شہی کو بھی دیگر علاقوں کی طرح صاف، محفوظ اور رہنے کے قابل بنانے کے لیے عملی اقدامات کریں گے

تربت یونیورسٹی میں سے فارغ التحصیل طلبہ کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد

ظہور احمد بلیدی، وی سی تربت یونیورسٹی پروفیسر گل حسن بلوچ، جسٹس ریٹائرڈ شکیل بلوچ نے شرکت کی

تربت (ن ن) تربت یونیورسٹی میں سے فارغ التحصیل طلبہ کے اعزاز میں تقریب کا انعقاد کیا گیا، صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی، تربت یونیورسٹی کے وائس چانسلر، پروفیسر گل حسن بلوچ، جسٹس ریٹائرڈ بلوچستان ہائی کورٹ شکیل بلوچ، ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کا مجو گران برکت اسماعیل، ڈاکٹر امیر بخش بلوچ، سابقہ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر محمد جان رضا اور گورنمنٹ عطاء شاد ڈگری کالج تربت کے پرنسپل پروفیسر ظہیر بلوچ گورنمنٹ عطاء شاد ڈگری کالج تربت کے ابتدائی بیچ کے فارغ التحصیل طلبہ (Alumni) نے شرکت کی اور یونیورسٹی میں گزرے دنوں کو یاد کیا۔

تربت: صوبائی وزیر منصوبہ و ترقیات ظہور احمد بلیدی، گل حسن بلوچ و دیگر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ: سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی اشرف درانی سے ان کی والدہ کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی فرض عین سمجھا جائے، غلام رسول کھیتران

بنیادی مرکز صحت ناہڑ کوٹ کے معائنہ کے موقع پر ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی

کوئٹہ (پ ر) عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے سلسلے میں ڈسٹرکٹ سپورٹ منیجر پی پی ایچ آئی بارکھان غلام رسول کھیتران نے بنیادی مرکز صحت ناہڑ کوٹ کا جامع اور تفصیلی دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے مرکز صحت میں تعینات طبی و انتظامی عملے کی حاضری، دستیابی اور پیشہ ورانہ کارکردگی کا باریک بینی سے جائزہ لیا، جبکہ مختلف شعبہ جات کے ریکارڈز کی جانچ پڑتال بھی کی۔ ڈی ایس ایم پی پی ایچ آئی نے او پی ڈی کے نظام، مریضوں کے اندراج، ... کی کاوشوں کو سراہا۔ غلام رسول کھیتران نے عملے کی مجموعی کارکردگی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے ہدایت کی کہ مریضوں کے ساتھ خوش اخلاقی، بروقت علاج اور معیاری خدمات کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے دوران ڈیوٹی عملے کو عملی تربیت اور رہنمائی بھی فراہم کی تاکہ عوام کو بہتر سے بہتر طبی سہولیات میسر آ سکیں۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ پی پی ایچ آئی بلوچستان کی جانب سے بنیادی مراکز صحت کی مسلسل نگرانی کا مقصد عوام کو مؤثر، معیاری اور ...

سرحدوں کا دفاع کرنے والے سیکورٹی اہلکار قومی ہیروز ہیں، جہانگیر شاہ

خاران کے شہریوں نے فوری اطلاع دے کر علاقے کو بڑے نقصان سے بچایا

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما سید جہانگیر شاہ نے خاران میں سیکورٹی فورسز کی بروقت کارروائی کے دوران 12 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر ایف سی اور سیکورٹی اداروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ اپنی جانوں کی جان و مال کی پرواہ کیے بغیر عوام اور ملک کی سرحدوں کا دفاع کرنے والے سیکورٹی اہلکار ہمارے قومی ہیرو ہیں جن کی قربانیاں انشاء اللہ رائیگاں نہیں جائیں گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ گزشتہ روز 20 کے قریب دہشت گردوں نے خاران شہر میں داخل ہو کر نجی بینکوں میں لوٹ مار اور تھانے پر حملہ کیا جس کی شہریوں نے فوری اطلاع سیکورٹی اداروں کو دی جس پر ایف سی اور دیگر سیکورٹی اداروں نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے 12 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا جبکہ انکے دیگر ساتھی فرار ہو گئے جن کی تلاش جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردوں کے خلاف آپریشن میں کرنل وردان اور میجر عاصم زخمی ہو گئے زخمیوں کو ہم خراج تحسین پیش کرتے ہیں انہوں نے اپنی جان کی پرواہ کیے بغیر دہشت گردوں کے حملے کو ناکام بنایا۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اپنے غیر ملکی آقاؤں کی خوشنودی کیلئے سرکاری املاک، بے گناہ شہریوں اور سیکورٹی فورسز کو نشانہ بناتے ہیں جو کسی بھی طرح بلوچستان کے عوام کے ہمدرد نہیں ہیں دہشت گرد عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں انکے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو بھی چاہئے کہ وہ کسی بھی مشکوک شخص یا دہشتگردوں کے بارے میں فوری طور پر سیکورٹی اداروں کو اطلاع دیں تاکہ دہشت گردوں کے خلاف بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے کیونکہ عوام کے بغیر دہشتگردی کا صفایا ممکن نہیں ہے۔

بلوچستان کے شمالی اضلاع میں موسم شدید سرد اور ابر آلود رہنے کی توقع ہے، موسمیاتی مرکز

کوئٹہ (پ ر) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق شمالی اضلاع میں موسم شدید سرد اور جزوی طور پر ابر آلود رہنے کی توقع ہے۔ اسی طرح اتوار کے روز بھی صوبے کے بیشتر اضلاع میں سرد اور خشک موسم برقرار رہے گا، جبکہ شمالی علاقوں میں شدید سردی کے ساتھ جزوی ابر آلود موسم متوقع ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم سرد اور خشک رہا، جبکہ شمالی اور شمال مغربی اضلاع میں رات اور صبح کے اوقات میں شدید سردی ریکارڈ کی گئی۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے میں سب سے کم درجہ حرارت زیارت میں منفی 1.4 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کا چیف منسٹر الیون اور چیف سیکرٹری الیون کے مابین دوستانہ کرکٹ میچ میں کھلاڑیوں اور منتظمین کے ہمراہ گروپ فوٹو

تعلیم کو معیاری بنا کر غربت ناخواندگی کا خاتمہ ممکن ہے، بہادر خان کاکڑ

تعلیم کو مہنگا اور مشکل و منافع کا روبار بنانے والے ہمارے خیر خواہ نہیں، ناظم آئی جی ٹی

کوئٹہ (آن لائن) ناظم اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان بہادر خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان کو غربت ناخواندگی سے نکالنے کیلئے معیاری تعلیم عام کرنے کی ضرورت ہے تعلیم کو مہنگا اور مشکل ومنافع کا روبار بنانے والے ہمارے خیر خواہ نہیں اسلامی جمعیت طلبہ پڑھے لکھے جاہلوں کے بجائے پڑھے لکھے صالحین پیدا کر رہے ہیں جس سے آگے نسلیں پیدا ہوسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈیرہ مراد ضلع نصیر آباد کی جانب سے اسٹوڈنٹس ایجوکیشنل ایکسپو ڈیرہ مراد جمالی SEE2026 سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر نائب امیر جماعت اسلامی بلوچستان بشیر احمد ماندائی نے خطاب میں کہا کہ اٹھا لاکھ دیواریں طلوع سحر تو ہوگا۔ یہ شب کے پاسباں کب تک نہ ہم کو راستہ دیں گے۔ پروگرام کی صدارت برادر حسن البنا زہری ناظم ضلع اسلامی جمعیت طلبہ نصیر آباد نے کی تقریب میں نصیر آباد کے تمام پرائیویٹ اور گورنمنٹ سکولز کے طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ بہادر خان کاکڑ ناظم اسلامی جمعیت طلبہ بلوچستان، بشیر احمد ماندائی نائب امیر صوبہ بلوچستان احسان اللہ ناصر محمد صوبہ بلوچستان نے خطاب میں کہا کہ بلوچستان کے طلبا پر تعلیم کے دروازے بند کیے جا رہے ہیں سرکاری تعلیمی اداروں کی فیسز میں بے تحاشا اضافہ تعلیم کے دروازے غریب محنتی اہل طلبا پابند کرنے ہیں بلوچستان کو ریگستان اسی ناخواندگی بدعنوانی اور بدامنی نے بنایا ہے بلوچستان کے سب خیر خواہ ملکر بلوچستان کے طلبا و نوجوانوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے عملی فوری جدوجہد و اقدامات کریں اسلامی جمعیت طلبہ اور جماعت اسلامی اہل بلوچستان کی تعلیمی خدمات جاری رکھے گی تقریب میں سرباز محمد یحییٰ بابا، اعجاز احمد ساسولی، سر عبدالفتاح ابڑو، سر انصاف سیال، سر رحمت اللہ ساسولی، غلام فرید بھٹو جنرل سیکرٹری جماعت ضلع نصیر آباد، شاہد علی بھنگر ناظم اسلامی جمعیت طلبہ نصیر آباد مقام نے خصوصی شرکت کی۔ ایکسپو میں صوبہ بلوچستان کا جاری کردہ سلوگم ہی سے ہے۔ روشن بلوچستان مناسبت سے تقریری مقابلے مضمون نویسی ڈرائنگ آرٹ اور سائنس ایگزیبیشن کے مقابلے جات اور ساتھ میں مختلف اسٹالز کا بھی انعقاد کیا گیا اور کامیاب پوزیشن ہولڈر طلبہ اور مہمانان میں اعزازی شیلڈ تقسیم کی گئی۔

چمن شہر میں بڑھتی ہوئی بدامنی باعث تشویش ہے، اے کیو ایم

ضلعی انتظامیہ کی نااہلی کی وجہ سے عوام کی جان و مال خطرے میں ہے،

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ (اے کیو ایم) نے چمن شہر میں بڑھتی ہوئی چوری، ڈکیتی، رہزنی اور بے گناہ شہریوں کے قتل عام پر شدید الفاظ میں تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اے کیو ایم نے کہا کہ چمن کی امن و امان کو خاص سازش کے تحت خراب کیا جا رہا ہے اور عوام کو شرپسند ڈاکوں، چوروں اور قاتلوں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ بے گناہ شہریوں کے خلاف روزانہ کے واقعات میں بتدریج اضافہ انتظامیہ کے لیے بڑا چیلنج بن چکا ہے اور کسی بھی وقت نقصان پہنچ سکتا ہے۔ افغان قومی موومنٹ نے حکومت اور ضلعی انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ عوام کی جان و مال کے تحفظ کے لیے ایماندار اور فرض شناس افسران کی تعیناتی کی جائے اور سیاسی اثر و رسوخ کے تحت تعینات غیر ذمہ دار افسران کا فوری تبادلہ کیا جائے۔ اے کیو ایم نے زور دیا کہ حکومتی بدانتظامی اور خراب طرز حکمرانی کی وجہ سے عوام پر عرصہ حیات تنگ کیا جا رہا ہے اور فوری اقدامات کے بغیر شہر میں امن قائم نہیں ہو سکتا۔

فاروق شاہ، رحمن اور احسان اللہ کی ہمشیرہ انتقال کر گئی

میزئی اڈہ (نامہ نگار) مرحوم صدر کاکا کی صاحبزادی، مرحوم عبدالوہاب عرف بابو شاہ، فاروق شاہ، رحمن اور احسان اللہ کی ہمشیرہ، مرحوم شاکر اللہ کی بیوہ، اور محب اللہ، نقیب اللہ، نصیر، عرفان، حسن اور جمیل کی والدہ محترمہ انتقال کر گئیں مرحومہ کی فاتحہ خوانی کلی الکوزی، مدنی مسجد کے ساتھ واقع گھر میں ہوگی۔ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، پسماندگان کو صبر جمیل دے اور یہ غم برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

ہدایت الرحمن بلوچ کا کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک حادثے پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) مولانا ہدایت الرحمن بلوچ کا مکران کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک حادثے پر افسوس۔ امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن بلوچ نے مکران کوسٹل ہائی وے پر اورماڑہ کے قریب تیز رفتاری کے باعث مسافر کوچ حادثہ اور اس میں 10 مسافر کی شہادت اور درجنوں کے زخمی ہونے پر دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے محنت مزدوری کرنے والے زخمی مزدوروں کے سرکاری خرچ سے علاج اور شہدا کے لواحقین کی مالی مدد کرنے کا مطالبہ بھی کیا مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے کہا کہ ڈرائیور تیز رفتاری کے گریز ٹریفک قوانین پر عمل کریں قیمتی جانوں کا تیز رفتاری اور ڈرائیورز کی غفلت و کوتاہی سے ضائع ہونا لمحہ فکریہ ہے انہوں نے زخمیوں کی صحت یابی اور شہدا کی مغفرت پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا بھی کی۔

محب اللہ کی والدہ انتقال کر گئیں

میزئی اڈہ (نامہ نگار) مرحوم صدر کاکا کی صاحبزادی، مرحوم عبدالوہاب عرف بابو شاہ، فاروق شاہ، رحمن اور احسان اللہ کی ہمشیرہ، مرحوم شاکر اللہ کی اہلیہ، اور محب اللہ، نقیب اللہ، نصیر، عرفان، حسن اور جمیل کی والدہ انتقال کر گئیں مرحومہ کی فاتحہ خوانی کلی الکوزی، مدنی مسجد کے ساتھ واقع گھر میں ہوگی۔

کوئٹہ: پاکستان غریبوں کی پارٹی کے چیئرمین ڈاکٹر قاسم بلوچ، عظیم بٹ کا چوہدری کی شادی کی تقریب میں گروپ فوٹو

کوئٹہ: عبدالبصیر اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

تحصیلدار نانا صاحب کو بحال کیا جائے، رحیم کاکڑ

کوئٹہ (یو این اے) تحریک انصاف کے رہنماؤں سابق میٹرو ناظم رحیم کاکڑ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر واعظ ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ اور عمر فاروق ایڈووکیٹ نے ایم پی اے اسفند یار خان کاکڑ اور اس کے آفیشل چمچوں کی جانب سے تحصیل نانا اور دیگر سرکاری افسران کو بلیک میل کرنے کی شدید مذمت کی ہے۔ رہنماؤں نے کہا کہ ایم پی اے اسفند یار خان پر نیب کے ریڈار پر موجود کیسوں کی مکمل انکوائری کی جائے اور ان کے مبینہ کرپشن اسکینڈلز منظر عام پر لائے جائیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ ایم پی اے نے سرور خان کاکڑ کے کلن سے حاصل کی گئی زمینوں کا غلط استعمال گزشتہ دس سال سے جاری رکھا ہوا ہے۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ تحصیلدار نانا صاحب محمود احمد ترین کو فوری طور پر دوبارہ بحال کیا جائے، بصورت دیگر تحریک انصاف وائٹ پیپر جاری کرنے اور ہائی کورٹ سے رجوع کرنے کا حق رکھتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ تحریک انصاف ہمیشہ عوام اور سرکاری افسران کے ساتھ کھڑی ہے اور کسی بھی کرپشن یا غلط استعمال کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

آئی جی پولیس رشتہ داروں کی بازیابی میں کردار ادا کریں، اللہ بخش

ایس ایچ او شالکوٹ نے سونا خان کے مقام پر گاڑی سمیت حراست میں لیا تھا

مغویوں کی بحفاظت بازیابی، ملوث آفیسران کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ کے رہائشی اللہ بخش نے کہا ہے کہ میرے بھائی سعید احمد شاہوانی اور رشتہ دار محمد طارق کو 27 نومبر 2025ء کو مستونگ سے کوئٹہ آتے ہوئے گاڑی سمیت سونا خان کے مقام سے پولیس نے غیر قانونی طور پر حراست میں لیا ہے، جس کے خلاف ہم نے سیکرٹری داخلہ، آئی جی پولیس سے رابطہ کرنے کے ساتھ بلوچستان ہائیکورٹ اور سیشن کورٹ سے بھی رجوع کیا ہے۔ ہم پولیس سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمارے رشتہ داروں کی بازیابی میں اپنا کردار ادا کریں، ہمیں خدشہ ہے کہ انہیں کوئی نقصان نہ پہنچایا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر تنویر احمد، غلام مصطفیٰ سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ سعید احمد شاہوانی اور رشتہ دار محمد طارق کو مستونگ سے کوئٹہ آتے ہوئے گاڑی سمیت ایس ایچ او شالکوٹ اور ایس ایچ نے سونا خان کے مقام سے غیر قانونی طور پر حراست میں لیکر انہیں 47 روز تک مختلف خفیہ مقامات پر چھپائے رکھا اس حوالے سے ہم نے بلوچستان ہائیکورٹ اور سیشن کورٹ سے رجوع کرنے کے علاوہ سیکرٹری داخلہ اور آئی جی پولیس تک آواز پہنچائی اس کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہوئی بلکہ۔ ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان، چیف جسٹس آف بلوچستان، آئی جی پولیس سمیت دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ مغویوں کی بحفاظت بازیابی کیلئے اپنا کردار ادا کرکے ملوث آفیسران کے خلاف قانونی کارروائی کرکے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔

وفاق المدارس کا امتحانی نظم و ضبط لائق تحسین ہے، حافظ حبیب الرحمن

شفافیت اور نظم و ضبط کی مثال سرکاری تعلیمی اداروں میں نہیں ملتی، حافظ عابد اللہ حنفی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت طلباء اسلام ضلع کوئٹہ کے صدر حافظ حبیب الرحمن جنرل سیکرٹری حافظ عابد اللہ حنفی سیکرٹری اطلاعات حافظ اکرام اللہ سیکرٹری مالیات حافظ عبد المنتقم کاکڑ حافظ محمد موسیٰ محمد اسماعیل مری محمد قیصر جان عبدالقاہر روبینی نیاز محمد ناصر حافظ سعید ربانی نیک محمد ولی رحمت اللہ سلیمانخیل قاری محمد عثمان شفیع اللہ نعمت اللہ مبشر نے اپنے مشترکہ بیان میں ملک بھر میں وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحانات کے مثالی آغاز پر زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے وفاق المدارس العربیہ نے ایک بار پھر ثابت کر دیا ہے کہ وہ دنیا کا سب سے بڑا اور منظم تعلیمی بورڈ ہے جس کے امتحانی نظام کی شفافیت اور نظم و ضبط کی مثال سرکاری تعلیمی اداروں میں بھی نہیں ملتی انہوں نے کہا کہ پورے ملک میں لاکھوں طلباء و طالبات کا بیک وقت پرامن طریقے سے امتحان میں شریک ہونا وفاق المدارس کی قیادت پر اعتماد کا مظہر ہے مدارس دینیہ نہ صرف قرآن و سنت کی تعلیمات عام کر رہے ہیں بلکہ ایک بہترین امتحانی نظام کے ذریعے طلبہ کی علمی صلاحیتوں کو بھی نکھار رہے ہیں انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ مدارس کے اس خود مختار اور شفاف نظام سے استفادہ کرے

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار بی بی سرساندہ کو بے نظیر کفالت پروگرام کی رقم ادا کردی گی

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے احکامات پر درخواست گزار بی بی سرساندہ کو بے نظیر کفالت پروگرام کے 13500 روپے فراہم کر دیے گئے۔ شکایت گزار خاتون بی بی سرساندہ نے بتایا کہ وہ ایک غریب خاندان سے تعلق رکھتی ہیں اور انہوں نے بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے وظیفے کے لیے درخواست دی ہے، لیکن انہیں طویل عرصے سے کوئی وظیفہ موصول نہیں ہوا۔ لہٰذا، درخواست گزار خاتون انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب آئی اور متعلقہ محکمے کی تاخیر اور عدم توجہی کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔ لہٰذا، وفاقی محتسب نے احکامات جاری کیے کہ درخواست گزار کے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی جانب سے امداد بحال کی جائے۔ احکامات موصول ہوتے ہی متعلقہ محکمے نے درخواست گزار کو سہ ماہی قسط کی رقم 13500 روپے جاری کر دیے۔ اس بروقت اور منصفانہ فیصلے پر درخواست گزار نے وفاقی محتسب کا شکریہ ادا کیا۔ لہٰذا، شکایت کنندہ نے متعلقہ حکام سے اپنی شکایت کے فوری ازالے کی درخواست کی ہے۔

وزیر اعلیٰ کے پانچ نئے اضلاع کے اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں، حیات خان کاکڑ

سہولت کے لیے نئے اضلاع کا قیام وقت کی اہم ضرورت تھا، رکن صوبائی کونسل

عوام کے مفاد میں ایک اچھا اور بروقت فیصلہ کرنے پر علاقہ مکین مبارکباد پیش کرتے ہیں،

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی کونسل کے رکن حیات اللہ خان کاکڑ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے وزیر اعلیٰ میر سرفراز خان بگٹی کی جانب سے بلوچستان میں پانچ نئے اضلاع کے اعلان کا وہ پرجوش خیر مقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز خان بگٹی کا تعلق ایک معزز اور سیاسی گھرانے سے ہے۔ ان کے والد محترم بھی پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی ایک اہم سیاسی شخصیت رہ چکے ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے بلوچستان کے عوام اور صوبے کے مفاد میں ایک بہت اچھا اور بروقت فیصلہ کیا ہے۔ حیات اللہ خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان رقبے کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے، اس لیے انتظامی سہولت کے لیے نئے اضلاع کا قیام وقت کی اہم ضرورت تھا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کی قیادت نے ہمیشہ اس ملک کے لیے بے پناہ قربانیاں دی ہیں۔ شہید محترمہ بینظیر بھٹو اور شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پاکستان کے لیے عظیم قربانیاں پیش کیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ وزیر اعلیٰ میر سرفراز خان بگٹی کی قیادت میں بلوچستان ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا اور یہ فیصلے صوبے کے عوام کے لیے فائدہ مند ثابت ہوں گے۔

عوامی مسائل کا حل اولین ترجیح میں شامل ہے، زرک مندوخیل

کوئٹہ (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے رکن صوبائی اسمبلی شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ عوامی مسائل ہمارے اولین ترجیح ہے وزیر اعظم پاکستان اور چیف آف آرمی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جس طرح بلوچستان کے مسائل پر توجہ دی ہے وہ ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے اگر بلوچستان اور وفاق کے درمیان اسی طرح رابطوں کا سلسلہ جاری رہا تو بلوچستان جلد دیگر صوبوں کے برابر آ جائے گا اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بحیثیت پاکستانی قوم ہم نے یہ طے کرنا ہوگا کہ ہم ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے دہشتگردی کے خلاف ایک آواز ہو کر اپنا کردار ادا کریں گے کیونکہ بلوچستان کئی عرصہ سے وفاق نے محروم رکھا کر لیکن موجودہ دور میں وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور چیف آف آرمی اسٹاف فیلڈ مارشل نے جس طرح بلوچستان کے مسائل پر توجہ دی ہے وہ خوش آئند ہے وہ ہر دو مہینے کے بعد بلوچستان آتا اور یہاں کے عوامی مسائل سننا خوش آئند بات ہے اور اس طرح رابطوں سے مسائل حل اور عوام کی محرومیوں میں کمی آ سکتی ہے انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل ہمارے اولین ترجیح ہے وزیر اعظم پاکستان اور چیف آف آرمی فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے جس طرح بلوچستان کے مسائل پر توجہ دی ہے وہ ملک کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے اگر بلوچستان اور وفاق کے درمیان اسی طرح رابطوں کا سلسلہ جاری رہا تو بلوچستان جلد دیگر صوبوں کے برابر آ جائے گا۔

قومی بیانیے کے فروغ میں بھرپور کردار ادا کریں گے، احسان خان کاکڑ

پاکستان کو کوئی بھی دشمن میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرت نہیں کر سکتا، صدر جوانان پاکستان

کوئٹہ (اے این این) جوانان پاکستان نظریاتی بلوچستان کے صدر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ صوبہ سندھ کے صدر محمد ابراہیم خان منگل علاوہ نگ صدر مولانا مفتی محمد یوسف جام جہانگیر ضلع پشین کے سینئر نائب صدر ظریف خان اور دیگر نے کراچی میں ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ہم قومی بیانیے کو فروغ کرنے میں بھرپور انداز میں کردار ادا کریں گے کیونکہ پاک فوج اور انٹیلی جنس اداروں نے جس طرح ملک میں انتشار پھیلانے والے عناصر اور دہشت گردوں کے خلاف جو ایکشن لے رہا ہے اس سے صاف لگتا ہے کہ جلد ہی ہمارا ملک فیلڈ مارشل چیف آف ڈیفنس ارمی چیف جنرل حافظ سید عاصم منیر کے قیادت میں ملک کا نام روشن ہوگا پاک فوج کے پیشہ وارانہ صلاحیتوں سے پوری دنیا واقف ہیں اور ہم آج پاک فوج کے جوانوں کے ساتھ کندھا سے کندھا ملا کر ان دشت گردوں اور سہولت کاروں اپنے منطقی انجام دیکر دم لیں گے دونوں صوبوں کے صدور نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ہم فکر حمید گل اور نظریہ حمید گل اپنے مرکزی سرپرست اعلیٰ اور جانشین جنرل حمید گل محترمہ عظمیٰ حمید گل اور چیئرمین نجیب اللہ خان کی قیادت میں پاکستان کونے کونے تک پہنچائینگے ہمارے بانی قائد رہبر معظم جنرل حمید گل نے کہا کہ جب تک ہم آپس میں متحد منظم متحرک ہونگے تو پاکستان کو کوئی بھی دشمن میلی آنکھ سے دیکھنے کی جرت نہیں کریگا ہم سب سے پہلے پاکستان بعد میں سیاست کیونکہ جب ریاست ہوگا تو سیاست ہوگا جوانان پاکستان نظریاتی ہر قسم کی دشت گردی لسانیت فرقہ واریت تعصب قومیت کے خلاف ہے۔

کرپشن، لوٹ مار اور بھتہ خوری میں واشک پہلے نمبر آ چکا ہے، مجیب الرحمن محمد حسنی

سات برسوں کے دوران اربوں روپے کے ترقیاتی فنڈز ریلیز ہوئے جو کرپشن کی نظر ہوگے

کوئٹہ (آئی این پی) ممتاز قبائلی و سیاسی رہنما سابق صوبائی وزیر مجیب الرحمن محمد حسنی نے واشک میں فارم 47 ایم پی اے کی سرپرستی میں جاری کرپشن، لوٹ مار اور بھتہ خوری پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس وقت کرپشن، لوٹ مار اور بھتہ خوری کے اعتبار سے ضلع واشک پورے بلوچستان میں بدترین مثال بن چکا ہے اور گزشتہ 7 سال سے مسلط کردہ ایم پی اے نے جس نوعیت کی اندھیر نگری قائم کر رکھی ہے اس کی ماضی میں کوئی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ واشک کو گزشتہ سات برسوں کے دوران اربوں روپے کے ترقیاتی فنڈز فراہم کیے گئے لیکن زمینی حقائق اس کے برعکس ہیں اور عوام کو کسی قسم کا عملی فائدہ نظر نہیں آ رہا۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ مسلط ایم پی اے نے بلوچستان کے بدنام اور کرپٹ افسران کو دانستہ طور پر واشک میں تعینات کر کے انہیں کھلی چھوٹ دے رکھی ہے جہاں یہ افسران خود بھی کرپشن میں ملوث ہیں اور ایم پی اے کے مفادات کا بھی خیال رکھتے ہیں، انہوں نے کہا کہ مذکورہ ایم پی اے نے 7 سال کے دوران لیویز، ٹیچرز اور ہیلتھ سمیت تمام نوکریاں اوپن بولی کے ذریعے فروخت کیں۔ انہوں نے کہا کہ مذکورہ مذہبی جماعت سے تعلق رکھنے والا مسلط ایم پی اے ٹھیکیداروں اور افسران سے 30 فیصد کمیشن وصول کرتا ہے۔

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال ناصر سے انکی بھابھی کی وفات پر خالد حسین مگسی فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

11 روٹس پر چلنے والی لوکل بسوں کی بندش قابل مذمت ہے، بابو شفیع لہڑی

سیکڑوں ڈرائیوروں اور کنڈیکٹروں کے گھروں کے چولہے بجھ گئے ہیں، اختر جان کاکڑ

بسیں چلانے کی اجازت نہ دی گئی تو احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے، شیر احمد لہڑی، ملک عبدالمجید کاکڑ

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) متحدہ لوکل بس فیڈریشن کے صدر بابو شفیع لہڑی، سرپرست حاجی اختر جان کاکڑ، جنرل سیکرٹری شیر احمد لہڑی، ملک عبدالمجید کاکڑ نے کہا ہے کہ کوئٹہ اور ملحقہ علاقوں کے 11 روٹس پر چلنے والی لوکل بسوں کی بندش کے فیصلے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس شعبے کی بندش سے بسوں پر چلنے والے ڈرائیور اور کنڈیکٹروں کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں اگر ہمیں بسیں چلانے کی اجازت نہ دی گئی تو ہم سخت احتجاج کرنے پر مجبور ہوں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو کچلاک پھاٹک کے قریب اپنے دیگر عہدیداروں اور ساتھیوں، حاجی محمد آصف بازئی، سمنگلی روٹ کے صدر خالد درانی، حاجی محمد افضل شاہوانی سریاب، محمد اقبال جنگ، منظور احمد بازئی، حاجی نیاز محمد کاکڑ، قدرت محمد حسنی، بخت محمد، حاجی سراج الدین، حاجی عبدالرحمان، عصمت اللہ کاکڑ، محمد انور منگل زئی، غلام جیلانی زہری، یاسر زہری اور حاجی اسحاق بازئی اور دیگر کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ لوکل بسوں پر پابندی سے سینکڑوں بس مالکان ڈرائیور اور کنڈیکٹر بے روزگار ہو گئے ہیں اور ان کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑ چکے ہیں پہلے ہی کوئٹہ اور صوبے میں بے روزگاری اور مہنگائی نے عوام کا جینا محال کر رکھا ہے بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری کی وجہ سے لوگ غیر قانونی سرگرمیوں میں ملوث ہو رہے ہیں جو حکومت اور ارباب اختیار کے لئے لمحہ فکریہ ہے انہوں نے کہا کہ ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے ظالمانہ فیصلے کے سبب 6 سو سے زائد لوکل بس گاڑیوں کے بندش سے ہزاروں خاندان بے روزگار ہو چکے ہیں انہوں نے کہا کہ پنجاب اور خیبر پختونخوا میں مسترد شدہ پالیسیوں کو لوکل بس پر لاگو نہ کیا جائے ہم چیف جسٹس بلوچستان ہائیکورٹ، وزیر اعلیٰ بلوچستان، گورنر بلوچستان سیاسی جماعتوں کی قیادت اور سماجی تنظیموں کے سربراہان سے مطالبہ کرتے ہیں کہ عوام کے مفاد میں لوکل بس یونین کے ساتھ دیں۔

قائم مقام چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر کی بھابھی امان اللہ ناصر کی اہلیہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کوئٹہ میں آخری روز بھی جاری رہی

کوئٹہ (آن لائن) قائم مقام چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر کی بھابھی اور امان اللہ ناصر کی اہلیہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کوئٹہ میں آخری روز بھی جاری رہی جمعہ کو بلوچستان ہائیکورٹ کے چیف جسٹس جسٹس کامران ملاخیل، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی صدر و سینیٹر سردار عمر گورگیج، پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی، عبدالباری بڑیچ، سابق ناظم رحیم کاکڑ، حضیر کاکڑ ایڈووکیٹ، ولی خان ناصر ایڈووکیٹ، سردار قربان غرشین، سابق رکن اسمبلی امروز جان، ڈاکٹر فرحت، ہاشم بڑیچ، ارسلان فیاض، داؤد کاکڑ، عبدالحئی آغا، نصیب اللہ بیٹنی، منور مندوخیل، آغا عمر ہنگورزئی، امین الدین بازئی ایڈووکیٹ، حیدر مسلم، ڈاکٹر آغا لیاقت، صحافیوں رشید بلوچ، جلال نورزئی، افضل مغل، بابر مری سمیت قبائلی و سیاسی رہنماؤں، وکلاء، ڈاکٹرز، سرکاری افسران سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والوں نے انکی رہائش گاہ پر جا کر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ دریں اثناء مرحومہ کی رسم سوئم ادا کر دی گئی جس میں اہل خانہ، رشتہ داروں سمیت مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والوں نے شرکت کی اس موقع پر غریبوں میں لنگر بھی تقسیم کیا گیا۔

گرینڈ الائنس کے خلاف انتقامی کارروائیوں کی مذمت کرتے ہیں، وائی ڈی اے

حکومت کا ملازمین کے جائز مطالبات کو دانستہ طور پر نظر انداز کرنا قابل افسوس ہے،

20 جنوری کو ریڈزون میں اعلان کردہ دھرنے کی مکمل حمایت کرتے ہیں، صوبائی بیان

کوئٹہ (آن لائن) ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے بیان میں کہا گیا ہے کہ گرینڈ الائنس بلوچستان کے خلاف انتقامی کارروائیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں۔ صوبائی حکومت کی جانب سے ملازمین کے جائز مطالبات کو دانستہ طور پر نظر انداز کرنا قابل افسوس اور ناقابل قبول ہے۔ گرینڈ الائنس بلوچستان صوبے کے ہزاروں سرکاری ملازمین کی نمائندہ اتحاد ہے، مگر اس کے باوجود حکومت نے طاقت اور دباؤ کی پالیسی اپناتے ہوئے نہ صرف مسائل حل کرنے سے گریز کیا بلکہ گرفتاریاں، برطرفیاں اور مقدمات قائم کر کے حالات کو مزید خراب کیا۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان حکومت بلوچستان اور بالخصوص وزیر اعلیٰ سے مطالبہ کرتی ہے کہ وفاقی طرز پر ڈسپیریٹی ریڈکشن الائنس (DRA) تمام ملازمین کیلئے منظور کیا جائے۔ تمام برطرف ملازمین کو فی الفور بحال کیا جائے۔ احتجاج کے دوران گرفتار کیے گئے تمام ملازمین کو بلا تاخیر رہا کر کے ان کے خلاف قائم تمام مقدمات فوری طور پر ختم کیے جائیں۔ ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن بلوچستان 20 جنوری کو بلوچستان گرینڈ الائنس کی جانب سے ریڈزون میں ہونے والے دھرنے کی مکمل حمایت کا اعلان کرتی ہے

ڈبل روڈ پر نالیوں کا گندہ پانی بہہ رہا ہے

علی گوہر مگسی کے قاتلوں کو فوری گرفتار کیا جائے، عبید لاشاری

نیشنل پارٹی اپنے کارکنوں کے بے گناہ قتل پر کسی صورت خاموش نہیں بیٹھے گی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان عبید لاشاری نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ نصیر آباد کے پارٹی رہنما خادم حسین مگسی کے بھائی علی گوہر مگسی کے بے گناہ قتل کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور نصیر آباد کی پولیس انتظامیہ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ علی گوہر مگسی کے قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے قانون کی گرفت میں لایا جائے تاکہ قانون کے مطابق انہیں سزا دی جائے صوبائی ترجمان نے کہا کہ نیشنل پارٹی اپنے سیاسی کارکنوں کی بے گناہ قتل پر کسی صورت خاموش نہیں بیٹھے گی اور ان کو انصاف فراہم کرنے کے لیے ہر پلیٹ فارم پر آواز بلند کرے گی اور لواحقین کو انصاف کی فراہمی تک ان کے شانہ بہ شانہ ہر مشکل گھڑی میں ساتھ کھڑی ہوگی نیشنل پارٹی ایک پرامن سیاسی کارکنوں کی جماعت ہے کسی کو یہ اجازت نہیں دینگے کہ وہ ہمارے پرامن سیاسی کارکنوں کو بے گناہ قتل کرے یا انہیں سیاسی نظریات سے دستبردار کرنے کیلئے خوف زدہ کرے

شورمزر پر چھاپوں کے خلاف تاجروں کے لائحہ عمل کا ساتھ دیں گے، عبدالرحیم زیارتوال

شورمزر پر کسٹم کے آئے روز کے چھاپے معاشی مشکلات بڑھا رہے ہیں، عبدالرحیم کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان شورمزر ایسوسی ایشن کے رہنماؤں، شورمزر مالکان کا ایک اہم اجلاس کوئٹہ سریاب روڈ پر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کے زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پے در پے کوئٹہ کے مختلف علاقوں سریاب، سروے 144، کشی روڈ، مغربی بائی پاس، جالموا اور دیگر علاقوں میں شورمزر پر کسٹم، سیکورٹی فورسز کے چھاپوں، کروڑوں روپے کے قیمتی گاڑیوں کو ضبط کرنے کی سخت الفاظ میں مذمت کی گئی۔ اجلاس سے پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی انجمن تاجران کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، پشتونخوا میپ کے صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری صورت خان کاکڑ، سید عبدالخالق آغا، محمد جان درویش، سمیع اللہ کرد، سید میر علی آغا، ظاہر خان، حاجی نور محمد ساسولی، حاجی معصوم خان، حاجی باری بڑیچ و دیگر نے خطاب کیا

باثر شخص کے محافظوں نے ٹرک چھین لیا ہے، عبدالبصیر

روزگار چھین جانے کی وجہ سے نوبت فاقہ کشی تک پہنچ چکی ہے،

نامزد ملزم ایف آئی آر ختم کرنے کی دھمکیاں دے رہا ہے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چمن کے رہائشی عبدالبصیر نے کہا ہے کہ ہمارا ٹرک گن پوائنٹ پر باثر شخص کے محافظوں نے چھین لیا ہے، جس کی وجہ سے نوبت گھر میں فاقہ کشی تک پہنچ چکی ہے جس کی وجہ سے معاشی طور پر مسائل کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ آواز بلند کرنے پر ملزمان کے خلاف ایف آئی آر درج اور سپیشل برانچ میں انکوائری کا آغاز کیا گیا لیکن تاحال کوئی شنوائی نہیں ہو رہی ہے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ نامزد ملزمان کو گرفتار کر کے انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ اس موقع پر دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا ہے کہ نامزد ملزمان محمد سلیم و دیگر کے خلاف مقدمہ درج کیا گیا مقدمہ میرٹ کی بنیاد پر کرائم برانچ منتقل ہوا ہے اب ملزمان ہمیں دھمکیاں دیکر کہہ رہے ہیں کہ ایف آئی آر منسوخ کروائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری ٹرک گاڑی گن پوائنٹ پر علاقہ سے منتخب نمائندہ کے گن مینوں نے چھین لیا ہے ٹرک جو کہ ہمارے روزگار کا ذریعہ تھا چوری کے بعد گھر میں نوبت فاقہ کشی تک پہنچ چکا ہے ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ کیس کو کرائم برانچ میں چلا کر انصاف کے تقاضے پورے کیے جائیں۔



موسیٰ خیل، اسسٹنٹ کمشنر درگ گل نواز پی ایس ڈی آئی اسکیمات اور شبوزئی تا توئسر روڈ کے کام کا معائنہ کر رہے ہیں

کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض ای روزگار انیشیٹو کے حوالے سے منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان پوسٹ، از دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل بلوچستان

ٹینڈر نوٹس برائے پرائیویٹ سیکورٹی خدمات مالی سال 2025-26ء

پوسٹ ماسٹر جنرل بلوچستان کوئٹہ کو کوئٹہ شہر اور بلوچستان کے دور دراز ڈاکخانوں اور دفاتر کیلئے حکومت کی طرف سے منظور شدہ سیکورٹی کمپنیوں کے مرد سیکورٹی گارڈز کی ضرورت ہے جن کی خدمات یکم اپریل 2026ء سے درکار ہوگی۔ خواہش مند سیکورٹی کمپنی سے درج ذیل دستاویزات کے ساتھ رجسٹرڈ سیکورٹی گارڈز بشمول حکومت کے مروجہ تمام ٹیکسز دفتر ہذا کو 10 فروری دن 11 بجے تک موصول ہو جانے چاہیے۔ ٹینڈر فیس -/5000 روپے ناقابل واپسی ادائیگی پر ٹینڈر فارم شرائط سمیت دفتر ہذا سے دفتری اوقات کار کے دوران حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

سیکورٹی کمپنیاں مندرجہ ذیل دستاویزات ٹینڈر کے ہمراہ منسلک کریں۔

شرائط برائے بینکنگ ٹینڈر۔

1- دلچسپی رکھنے والی فرم مندرجہ ذیل دستاویزات مع ریٹ لسٹ پی۔ پی۔ آر۔ اے کی (PPRA) کی ویب سائیٹ پر اپ لوڈ کریگے۔ برائے مالی سال 2025-26ء کے دوران سیکورٹی گارڈز کی فراہمی کمپنی کے پاس آفس اور ٹیلیفون کی سہولت موجود ہوں اور محکمہ سیلز ٹیکس میں باقاعدہ رجسٹرڈ ہوں۔ سے سرٹیفکیٹ مطلوب ہے۔

(1) مالک کی شناختی کارڈ کی کاپی (2) نیشنل ٹیکس نمبر اور سرٹیفکیٹ (3) جی۔ ایس۔ ٹی نمبر اور سرٹیفکیٹ (4) فرم کا مکمل نام اور پتہ (5) Active Tax Payer سرٹیفکیٹ (5) اے۔ جی۔ پی۔ آر وینڈر نمبر (7) ٹیلیفون اور موبائل نمبر (8) 100 روپے کی مالیت کے اسٹام پیپر پر بیان حلفی کہ کمپنی بلیک لسٹ نہیں ہے۔ (9) بینک ڈرافٹ مبلغ پانچ لاکھ روپے Rs.500000/= (Bid Security) بحق پوسٹ ماسٹر جنرل بلوچستان سرکل کوئٹہ میں جمع کروانا ہوگا جو ناکام ٹینڈر دہندگان کو واپس کر دیا جائے گا۔ (10) سرکاری / غیر سرکاری اداروں سے اچھی کارکردگی (Performance & Satisfactory) کا سرٹیفکیٹ (11) ACG-67 کی کاپی مبلغ -/5000 روپے (پانچ ہزار روپے) ٹینڈر دستاویزات کی فیس بنام پوسٹ ماسٹر جنرل بلوچستان سرکل کوئٹہ (ناقابل واپسی) (12) سیکورٹی کمپنی مالی طور پر مستحکم ہو اضروری متعلقہ بینک سے 3 سال کی بینک اسٹیٹمنٹ کی فراہمی بھی ضروری۔ کمپنی کا سیکورٹی فراہمی کے حوالے سے تجربہ سرٹیفکیٹ دینا ضروری ہے (13) سیکورٹی کمپنی کا کوئٹہ میں Main Office یا Sub Office ہونا ضروری ہے۔ سیکورٹی کمپنی کا EOBI سے تمام سیکورٹی گارڈز کو درج ذیل سرٹیفکیٹ فراہم کرنا ضروری ہے۔ (14) سیکورٹی کمپنی فراہم کردہ سیکورٹی گارڈز کو پابند کرے گی کہ وہ محکمہ سے معاہدے کے مطابق 12 گھنٹے ڈیوٹی سرانجام دینے کے پابند ہونگے۔ سیکورٹی کمپنی تمام سیکورٹی گارڈز کو ہفتہ وار چھٹی اور عام تعطیلات دینے کی پابند ہوگی۔ (15) سیکورٹی کمپنی تمام سیکورٹی گارڈز کو حکومت کے مقرر کردہ کم از کم اجرت دینے کے پابند ہوگی۔ (16) فہرست جن اداروں کو سیکورٹی گارڈز کی خدمات مہیا کی گئی ہیں۔ رجسٹریشن کی کاپی اور وزارت داخلہ کی طرف سے جاری شدہ این او سی کی کاپی۔ (17) یہ معاہدہ ابتدائی طور پر تین 03 سال کے لئے ہوگا۔ مدت میں کمی بیشی کا اختیار مجاز اتھارٹی کو ہوگا۔ کوئی بھی دستی دستاویزات (By Hand) ماسوائے بینک ڈرافٹ قابل قبول نہیں ہونگے۔ (18) مجاز اتھارٹی کسی ایک یا تمام ٹینڈرز کو انتظامی و مالی یا کسی اور وجوہات کی بناء پر (PPRA-2024) کے مطابق وجہ بتائے بغیر مسترد کرنے کا حق رکھتی ہے۔ (19) ہر لحاظ سے مکمل ٹینڈر بمعہ ٹیکنیکل بڈ اور فنانشل بڈ ایک ہی دن مورخہ 10 فروری 2026ء دن گیارہ بجے تک (E-PADS) کی ویب سائیٹ پر اپ لوڈ ہو جانا چاہیے جو اسی دن 12:30 بجے دفتر پوسٹ ماسٹر جنرل سرکل بلوچستان سریاب روڈ کوئٹہ میں کھولے جائینگے۔ ٹینڈر کا سارا عمل PPRA کے قوانین کے مطابق کیا جائے گا۔

اس ٹینڈر کو پی پی آر اے کی ویب سائٹ www.ppra.gov.pk کی پاکستان پوسٹ کی ویب سائٹ پر اور پرنٹ میڈیا میں بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

ڈپٹی پوسٹ ماسٹر جنرل، بلوچستان سرکل، فون: 081-9211528

PID(Q)303/25

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب

ترقیاتی کاموں کے معیار پر سمجھوتا نہیں کیا جائے گا، نواب چنگیز مری

حلقے کے دور دراز علاقوں میں عوام کی دہلیز پر بنیادی سہولیات فراہم کر رہے ہیں جس سے لوگوں کے دیرینہ مسائل حل ہوں گے

منصوبوں کی بروقت تکمیل سے تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا، غفلت یا غیر ضروری تاخیر برداشت نہیں کی جائیگی، ایم پی اے

کوہلو (نامہ نگار) رکن صوبائی اسمبلی نواب چنگیز مری نے کہا ہے کہ علاقے میں جاری تمام ترقیاتی کاموں کے معیار اور ان کی بروقت تکمیل پر کسی قسم کا سمجھوتا نہیں کیا جائے گا حلقے کے دور دراز علاقوں میں عوام کے دہلیز پر بنیادی سہولیات فراہم کر رہے ہیں جس سے لوگوں کے دیرینہ مسائل حل ہوں گے انہوں نے واضح کیا کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے حکومت کی اولین ترجیح ہیں اور ان منصوبوں میں غفلت، لاپرواہی یا غیر ضروری تاخیر کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ کوہلو کے شہری و دور افتادہ علاقوں میں معیاری سڑکوں کی تعمیر سے نہ صرف عوام کو آمد و رفت کے موثر، محفوظ اور پائیدار ذرائع میسر آئیں گے بلکہ تجارتی سرگرمیوں کو بھی فروغ ملے گا جس سے مقامی معیشت مستحکم ہوگی جبکہ دیگر جاری ترقیاتی منصوبوں کی موثر اور بروقت تکمیل سے عوام کو پینے کے صاف پانی، بجلی کی بلا تعطل فراہمی، صحت اور تعلیم جیسی بنیادی سہولیات بر وقت دستیاب ہوں گے جو کسی بھی ترقی یافتہ علاقے کیلئے ناگزیر ہوتی ہیں۔ رکن صوبائی اسمبلی نے مزید کہا کہ متعلقہ محکموں اور ٹھیکیداروں کو واضح ہدایات دی گئی ہیں کہ وہ ترقیاتی کاموں میں شفافیت، معیار اور بروقت تکمیل کو ہر صورت یقینی بنائیں ناقص تعمیر یا مقررہ مدت سے تجاوز کرنے والے ترقیاتی کاموں کے ٹھیکیداروں کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے علاقے میں خوشحالی آئے گا اور عوام کے معیار زندگی میں نمایاں تبدیلیاں رونما ہوں گے۔

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اور مولانا عبدالغفور حیدری سیدال خان ناصر سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

پسنی کے ماہی گیروں نے ایک ماہ سے جاری ہڑتال ختم کر دی

کوئی بھی ماہی گیر سرگنگ کے ذریعے شکار نہیں کرے گا، اجلاس میں اہم فیصلے

ماہی گیروں کے درمیان سندھی ناخدا لانے کی اجازت کے تنازعے پر فیصلہ نہ ہو سکا

گوادر (این این آئی) مقامی ماہی گیروں نے ایک ماہ سے جاری ہڑتال ختم کر دی۔ پسنی کے مقامی ماہی گیروں اور بیوپاریوں کے مابین تین سالوں سے جاری تنازعہ ڈپٹی کمشنر گوادر اور ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان کی موجودگی میں حل ہو گیا، سمندری شکار بند ہونے کی وجہ سے مقامی ماہی گیر و بیوپاریوں کو لاکھوں روپے کا نقصان اٹھانا ... گیروں کا موقف، سرگنگ پر ممانعت محکمہ فشریز کے آرڈیننس میں موجود ہے، مچھلیوں کا ریٹ مقامی قوانین کے مطابق ہوگا ڈپٹی کمشنر گوادر کا فیصلہ تفصیلات کے مطابق پسنی کے مقامی ماہی گیر اور کشتی مالکان کے مابین تین سالوں سے جاری تنازعہ بالآخر منطقی انجام کو پہنچ گیا۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ، ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان، اسسٹنٹ کمشنر ...

سابق صدر غلام اسحاق خان کی 111ویں یوم پیدائش 20 جنوری کو منایا جائے گا

... اصف صدی اقتدار کی غلام گردشوں میں گزارے انہوں نے ایک سول اہلکار سے اپنی عملی زندگی کا آغاز کیا اور ترقی کی منازل طے کرتے ہوئے منصب صدارت پر فائز ہو گئے وہ بنیادی طور پر ایک بیورو کریٹ تھے۔ غلام اسحاق خان سیکرٹری اطلاعات، چیئرمین واپڈا، سیکرٹری خزانہ، گورنر سٹیٹ بینک، سیکرٹری دفاع، وزیر خزانہ اور چیئرمین سینیٹ بھی رہ چکے ہیں۔

بلوچستان بھر میں انسداد پولیو مہم 2 فروری سے شروع ہوگی

26 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے، سیکورٹی، لاجسٹکس اور مانیٹرنگ کے خصوصی انتظامات

موبائل ٹیمیں فکسڈ اور ٹرانزٹ پوائنٹس پر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گی، والدین پولیو ٹیموں کیساتھ تعاون کریں، ای او سی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سال 2026 کی پہلی انسداد پولیو مہم 2 فروری سے شروع ہوگی، جس کے دوران صوبے بھر میں 26 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ یہ بات ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) کے حکام نے بتائی۔ ای او سی حکام کے مطابق یہ سات روزہ انسداد پولیو مہم صوبے کے تمام اضلاع میں بیک وقت چلائی جائے گی، جس کے لیے انتظامی اور فیلڈ سطح پر تیاریاں جاری ہیں۔ مہم کے دوران موبائل ٹیمیں فکسڈ اور ٹرانزٹ پوائنٹس پر بچوں کو پولیو کے قطرے پلائیں گے۔ حکام کا کہنا ہے کہ مہم کا مقصد پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو کے موذی مرض سے محفوظ بنانا اور وائرس کے مکمل خاتمے کو یقینی بنانا ہے۔ اس سلسلے میں سیکورٹی، لاجسٹکس اور مانیٹرنگ کے خصوصی انتظامات بھی کیے جا رہے ہیں۔ ای او سی حکام نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ انسداد پولیو ٹیموں کے ساتھ تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پولیو کے قطرے لازمی پلوائیں تاکہ بلوچستان کو پولیو فری صوبہ بنایا جا سکے۔

اسلام آباد پولیس کی بروقت کارروائی اندھے قتل کا سراغ لگا لیا

گرفتار ملزم کو قرار واقعی سزا دلوائیں گے، ڈی آئی جی محمد جواد طارق

اسلام آباد (زاہد احمد خان) اسلام آباد پولیس کا سال 2026 میں بھی کامیابیوں کا تسلسل جاری۔ مقتول شیخ عبدالرؤف کے قتل میں ملوث ملزم ... ہے، ڈپٹی انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد محمد جواد طارق نے سینئر پولیس افسران کے ہمراہ سیکٹر 15 ... پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ اسلام آباد پولیس ٹیموں نے ...

کراچی پورٹ قاسم کے قریب ڈمپر کی موٹر سائیکل کو ٹکر، ایک شخص جاں بحق

کراچی (آن لائن) کراچی میں پورٹ قاسم، وائرلیس گیٹ کے قریب ڈمپر اور موٹر سائیکل کے تصادم کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق جبکہ خاتون زخمی ...

ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد کی کارروائی اسلحہ برآمد، ملزم گرفتار

اوستہ محمد (آن لائن) ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد کی کارروائی اسلحہ برآمد، ملزم گرفتار۔ ایس پی اوستہ محمد غلام حسین باجوئی کی ہدایات اور ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد محمد داد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او پولیس ... 223 بور ... ایمونیشن برآمد ہوا۔ ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا گیا ہے جبکہ ملزم کا سابقہ ریکارڈ بھی چیک کیا جا رہا ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس اوستہ محمد قانون کی بالادستی اور غیر قانونی اسلحہ کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رکھے گی۔ مزید پولیس تفتیش کر رہی ہے

موضع وانگ کا اعزاز، 12 طلباء و طالبات گریجویٹ ہو گئے

حفصہ قادر اور ماریہ الیاس نے نمایاں کارکردگی پر گولڈ میڈل حاصل کئے

طلباء نے علاقے کا نام روشن کر دیا، والدین و اساتذہ کی جانب سے اظہار مسرت

بیلا (یو این اے) لسبیلہ یونیورسٹی کی پانچویں کانووکیشن 2026 کے موقع پر موضع وانگ ... نمایاں تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے گولڈ میڈلز حاصل کیے اور موضع وانگ کا نام ...

ژوب میونسپل کمیٹی ژوب ترقیاتی فنڈز سے ہاسٹل کا افتتاح

تقریب میں علاقے کے کونسلرز سیاسی سماجی اور مقامی کھلاڑیوں کی شرکت

کوئٹہ (آن لائن) ژوب میونسپل کمیٹی ژوب ترقیاتی فنڈز سے عرفان کاسی اسٹیڈیم میں شاہ ویران کاکڑ ہاسٹل کا افتتاح ہوا چیئرمین میونسپل کمیٹی ژوب شاہ ویران کاکڑ، ڈپٹی چیئرمین داود خان مندوخیل، سپورٹس آفیسر روزی خان شیرانی، عوامی نیشنل پارٹی کے کونسلر اجمل اعوان جمعیت علماء اسلام کے کونسلر اللہ داد ناصر، مشخان کاروان کے کونسلر عبداللہ خان کاکڑ، جمعیت نظریاتی کے کونسلرز دران خروٹی، عوامی نیشنل پارٹی کے صادق مندوخیل، مسلم لیگ ن کے کونسلر ظاہر خان ناصر، پیپلز پارٹی کے کونسلر ظفر اللہ کاکڑ فیاض ایسوی ایشن صدر عبدالمالک شیرانی محمد جمعہ مارشلا اور دیگر معززین نے خطاب کیا

ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی قبول نہیں، ریلوے انقلابی یونین

93 ارب روپے کے ترقیاتی دعوے کرنے والے پہلے سے معاشی دباؤ کا شکار محنت کشوں کو نان شبینہ کا محتاج کر رہے ہیں

آر ٹی ایل ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی کا فیصلہ ناانصافی اور محنت کش دشمن پالیسیوں کا تسلسل ہے، کامریڈ مجید زہری

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان ریلوے انقلابی یونین کے صوبائی صدر کامریڈ مجید زہری نے کہا ہے کہ 93 ارب روپے کے ترقیاتی دعوے کرنے والے آج ریلوے کے محنت کش ملازمین کو نان شبینہ کا محتاج کر رہے ہیں، جو انتہائی افسوسناک، قابل مذمت اور مزدور دشمن اقدام ہے۔ پاکستان ... ایل اسٹاف سے اظہار یکجہتی کے لیے احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ریلوے کے محنت کش پہلے ہی مہنگائی، کم تنخواہوں اور بڑھتے ہوئے معاشی دباؤ کا شکار ہیں۔ ایسے میں آر ٹی ایل ملازمین کی تنخواہوں سے کٹوتی کا فیصلہ سراسر ناانصافی اور محنت کش دشمن ... کرے۔ پاکستان ریلوے انقلابی یونین اوپن لائن رجسٹرڈ، کوئٹہ ڈویژن، اس ظالمانہ فیصلے کو مکمل طور پر مسترد کرتی ہے اور واضح کرتی ہے کہ محنت کشوں کے جائز حقوق پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ اگر تنخواہوں سے کٹوتی کا فیصلہ فوری طور پر واپس نہ لیا گیا تو 25 جنوری سے آر ٹی ایل ...

آل چمن ڈیری ایسوسی ایشن کا ہنگامی اجلاس، دودھ کے نئے نرخنامے پر غور

جانوروں کی خوراک مہنگی، ڈیری فارمرز شدید معاشی دباؤ کا شکار، رحمت اللہ

جماعت اصلاح المسلمین رضا محمد انگاریہ برانچ کا اہم تنظیمی اجلاس

سال 2026 کے لیے نئی باڈی تشکیل، مولوی غلام سرور انگاریہ کی گفتگو

ملک کے معروف مصنف اور ڈرامہ نگار منو بھائی کی آج برسی (کل) منائی جائے گی

... بہت سے ڈرامے لکھے۔ ان کا سب سے مشہور ڈرامہ سونا چاندی ہے۔ سن 2007 میں انہیں صدارتی تمغہ برائے حسن کارکردگی سے بھی نوازا گیا۔ منو بھائی نے مختلف اخبارات میں ہزاروں کالم لکھے۔ غربت، عدم مساوات، سرمایہ دارانہ نظام، خواتین کا استحصال اور عام آدمی کے مسائل منو بھائی کے کالموں کے موضوعات تھے۔ وہ متعدد اخبارات کے ساتھ منسلک رہے

پنجاب پولیس لاہور سمیت صوبہ بھر میں منظم گروہوں کے خلاف سرگرم عمل

95 گینگز کے 210 کارندے گرفتار، اسلحہ، گولیاں اور مال مسروقہ برآمد

عالمی شہرت یافتہ باکسر محمد علی کا 84واں یوم پیدائش 17 جنوری کو منایا گیا

... چند باکسر محمد علی نے اپنے کیریئر میں 61 مقابلے لڑے جس میں انہوں نے 56 میں کامیابی حاصل کی جبکہ صرف 5 مقابلوں میں انہیں شکست کا سامنا کرنا پڑا اپنے کل مقابلوں میں سے 37 مقابلوں میں انہوں نے اپنے حریفوں کو ناک آؤٹ کیا۔ 20 صدی کے عظیم باکسر محمد علی کو 1984 میں پارکنسن نامی بیماری کی تشخیص ہوئی جس کے بعد انہوں نے باکسنگ کو خیرباد کہہ دیا

مدرسہ ڈان کاٹھوڑ میں شب معراج کی مناسبت سے روح پرور تقریب

ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے رفعت مختار راجہ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کے دورے کے دوران، ایئرپورٹ منیجر اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سید آفتاب گیلانی سے گفتگو کر رہے ہیں

عوامی ریفرنڈم کے نتائج کا اعلان کیس جنوری کو ہوگا، لیاقت بلوچ

پنجاب میں کالے بلدیاتی قانون کے خلاف عوامی رابطہ مہم جاری ہے

سی: کمشنر اسد اللہ فیض ڈویژنل پبلک سکول میں ڈیجیٹل کمپیوٹر لیب کا افتتاح کر رہے ہیں

اسلام آباد روزانہ 94 پروازوں کی ہینڈلنگ جاری ہے، ایف آئی اے

یومیہ 10 ہزار سے زائد بین الاقوامی مسافروں، 13 جنوری کو ایک گھنٹہ میں 2,400 مسافروں کی امیگریشن کلیئرنس کی

روانگی کیلئے 15 اور آمد کیلئے 13 امیگریشن کاؤنٹرز فعال ہیں، ڈی جی رفعت مختار کو اسلام آباد ایئرپورٹ پر عملہ کی بریفنگ

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ڈی جی ایف آئی اے رفعت مختار راجہ نے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کا دورہ کیا اور ڈی جی ایف آئی اے نے امیگریشن آپریشنز کی تفصیل سے آگاہ کیا گیا۔ اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر روزانہ 94 بین الاقوامی پروازوں کی ہینڈلنگ کی جاتی ہے۔ یومیہ 10 ہزار سے زائد بین الاقوامی مسافروں کی امیگریشن ... کی گئی۔ مصروف اوقات میں پروازوں کی بیک وقت آمد سے عارضی ہجوم ہوتا ہے۔ اسلام آباد ایئرپورٹ پر ایف آئی اے امیگریشن 3 شفٹوں میں کام کر رہی ہے۔ روانگی کیلئے 15 اور آمد کیلئے 13 امیگریشن کاؤنٹرز فعال ہیں۔ موسمی حالات اور تکنیکی خرابیوں کے باعث پروازوں میں تاخیر ہجوم ... مسافروں کے لئے کیو مینجمنٹ سسٹم کی تنصیب اور مرحلہ وار ای گیٹس کے نفاذ پر اتفاق کیا گیا۔ مسافروں کی رہنمائی کیلئے کیو اسٹاف کی تعیناتی کی جائے۔ مسافروں کی تیز ترین امیگریشن کو مکمل کرنے کیلئے پری ڈیپارچر ایپ جلد متعارف کی جائے۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے رفعت ...

ستائیسویں آئی ٹی سی ایس ای ایشیا 2026 کا لاہور میں شاندار آغاز

ایس آئی ایف سی کے تعاون سے اسپیشل ٹیکنالوجی زون پویلین کی رونمائی

ڈی آر اے تمام ملازمین کا قانونی حق ہے، اسلم ذبہ

شہیدا ایس پی سلمان ایاز خان (ستارہ شجاعت) کی 20ویں برسی

مارکیٹ کمیٹی کے نام پر لگائی چوکیاں سر درد بن گئیں، گڈز ٹرک اونرز

محکمہ زراعت کے شیڈول پر عمل کی بجائے غنڈہ گردی کی جارہی ہے، ٹرانسپورٹرز کیساتھ بدتمیزی و بداخلاقی روز کا معمول بن گیا

ٹھیکیدار و محکمہ کی جانب سے دانستہ شیڈول کی خلاف ورزی کی جارہی ہے، اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں، حاجی نور محمد شاہوانی و دیگر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن (ر) کے قائد حاجی نور محمد شاہوانی مرکزی سیکرٹری جعفر خان کاکڑ مرکزی سیکرٹری اطلاعات حاجی روزی خان مندوخیل حاجی محمد ابراہیم پرکانی ... کے بجائے غیر قانونی طریقے سے لوٹ مار کرنے اور چوکیوں پر غنڈہ گردوں کو کھڑا کیا ہوا جو ہمارے بداخلاقی بدتمیزی سے پیش آتے ہیں اور زبردستی سے زیادہ رقم لیتے ہیں لیکن شیڈول سے زیادہ رقم و ... روز روشن کی طرح عیاں ہے اور کہا کہ محکمہ زراعت کی جانب قائم کی جانے والے کیٹل ٹیکس صرف اور صرف زرعی اجناس پر ٹیکس عائد ہوگا محکمہ اور محکمہ کی جانب سے ٹھیکیدار بھی جاری کردہ شیڈول کا پابند ...

گوادر: ڈی سی نقیب اللہ کاکڑ کھلی کچہری میں لوگوں کے مسائل سن رہے ہیں

حکومت گرینڈ الائنس کے مطالبات پر سنجیدگی سے غور کرے، جمعیت

لسبیلہ کے رہنماؤں کی گرفتاریوں اور ان پر قائم کیے گئے جھوٹے مقدمات انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہیں

احتجاج ملازمین کا آئینی حق ہے، اس حق کو زبردستی دبانا کسی مہذب معاشرے میں قابل قبول نہیں، مکھی شام لعل

اوتھل (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی اقلیتی رہنما اور سابق رکن صوبائی اسمبلی مکھی شام لعل لاسی نے گرینڈ الائنس لسبیلہ کے رہنماؤں کی گرفتاریوں اور ان پر قائم کیے گئے جھوٹے مقدمات کو انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان سے گرینڈ الائنس کے جائز مطالبات پر سنجیدگی سے غور ... جبکہ حکومت کی خاموشی مسائل کو مزید گمبھیر بنا رہی ہے۔ اپنے ایک جاری بیان میں مکھی شام لعل لاسی نے گرینڈ الائنس لسبیلہ کے رہنماؤں کی گرفتاریوں اور ان پر قائم کیے گئے جھوٹے مقدمات کو انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت قرار دیا انہوں نے کہا کہ احتجاج کرنا ملازمین کا آئینی اور جمہوری حق ہے جبکہ اس حق کو زبردستی دبانا کسی بھی مہذب ... نوٹس لیں اور گرینڈ الائنس کے رہنماؤں پر قائم جھوٹے مقدمات کی شفاف تحقیقات کرائیں کیونکہ ایسے واقعات نہ صرف سرکاری ملازمین کے مورال کو متاثر کرتے ہیں بلکہ عوام میں بھی اداروں کے خلاف بے اعتمادی کو بڑھاتے ہیں انہوں نے کہا کہ ان کی جمعیت علماء اسلام گرینڈ الائنس کے تمام جائز مطالبات کی غیر مشروط حمایت ... ملازمین سخت اضطراب اور عدم اطمینان کا شکار ہیں ... کہ وہ لسبیلہ میں پیش آنے والے واقعات کا فوری ... جا سکتا حکومت کو چاہیے

کوہلو: ایم پی اے نواب چنگیز مری کی ہدایت پر ترقیاتی منصوبوں پر کام جاری ہے

واشک میں ماضی کی نسبت واضح تبدیلی آئی ہے، میر زاہد علی ریکی

عوام کا خادم ہوں، عوامی اعتماد ہمارے خلوص کا مظہر ہے، آج مخلص، ایماندار اور وفادار معتبر شخصیات ہمارے ساتھ ہیں

مخالفین کو عوام نے دو مرتبہ عزت دی، وہ سرمایہ دار تو بن گئے مگر عوام کے وفادار نہیں بنے، شمولیتی تقریب سے خطاب

واشک (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنما ایم پی اے و خادم واشک حاجی میر زاہد علی ریکی نے کہا ہے کہ عوام کا خادم ہوں عوامی اعتماد ... مخالفین پر عوام کا قرض باقی ہے سوشل میڈیا میں شائیں بائیں کرنے کے بجائے ریگل پلازہ کوئٹہ سے نیچے اتر کر واشک میں خدمت کے لئے ... آحمد دیہانی، محمد آصف دیہانی، ابرار حسین دیہانی، واشک سے میر دوست محمد بڑیچ کے سرکردہ شخصیت اور ان کے قریبی رشتہ دار میر ...

Government of Pakistan
Ministry of Information and Broadcasting

PEMRA

APPOINTMENT OF CHAIRPERSONS AND MEMBERS OF PEMRA COUNCILS OF COMPLAINTS, ISLAMABAD AND BALOCHISTAN

In terms of Section 26 of PEMRA Ordinance, 2002, as amended by the PEMRA (Amendment) Act, 2023, applications are invited from interested citizens (Male & Female) of eminence, integrity and competence having substantial experience in media, business, management, finance, economics, or law for honorary appointments in Councils of Complaints, PEMRA, for a period of two years against the positions given below:

i. Chairperson and 5 Members of Council of Complaints, Islamabad
ii. Chairperson and 5 Members of Council of Complaints, Balochistan

Eligibility

The candidates must have sixteen years of education or equivalent qualification from a university/institution recognized by the HEC.

Terms & Conditions/How to apply

i. The period of honorary appointments shall be two (02) years.
ii. Interested candidates may apply with their CVs and 3 passport size photographs, CNIC, attested copies of degrees, testimonials and proof of experience, Matric certificate (as proof of date of birth), mailing address and contact number.
iii. Applications complete in all respects should reach the undersigned within 15 days of the publication of this advertisement before closing of office hours. Incomplete applications will be rejected.
iv. Only eligible/ shortlisted candidates will be called for interview.
v. No TA/DA will be admissible.
vi. Government reserves the right to reject any or all applications including the entire process of recruitment without assigning any reason and the candidate(s) shall have no right to lodge any claim whatsoever.

PID(I)5919/25

Assistant Director (M-I)
Ministry of Information and Broadcasting,
Room No. 4085, 4th Floor, Cabinet Block, Islamabad
Ph: 051-9103648
ddm1.ip@moib.gov.pk

URAAN PAKISTAN

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

مشرق

چیف ایگزیکٹو، پرنٹر و پبلشر سید ممتاز احمد نے ہائی ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-14 ناظم آباد، کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایگزیکٹو ممتاز احمد

ٹیلی فون نمبر 2821626-2821538-2829164، فیکس نمبر 2835934-2830228

mashriqqta2008@gmail.com ای میل

اتوار 18 جنوری 2026ء

اقوام متحدہ کا چارٹر: عالمی امن اور تنازعات کے حل کا پائیدار راستہ

گزشتہ روز اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز میں ایک بین الاقوامی مباحثے کا اہتمام کیا گیا جس میں دنیا بھر کے ماہرین، سفارتکاروں اور عالمی رہنماؤں نے شرکت کی۔ اس مباحثے کا مقصد عالمی امن اور استحکام کو فروغ دینے کے لئے اقوام متحدہ کے چارٹر کی اہمیت کو اجاگر کرنا تھا۔ شرکا نے اس بات پر زور دیا کہ اقوام متحدہ کے چارٹر میں شامل دفعات عالمی تنازعات کے حل کے لئے ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتی ہیں۔ پاکستان مشن اور چین کی مشترکہ کوششوں سے منعقد ہونے والے اس مباحثے میں اقوام متحدہ کے چارٹر کے تحت مذاکرات، ثالثی، مفاہمت اور عدالتی تصفیے جیسے اصولوں پر زور دیا گیا۔ پاکستان کے مستقل نمائندے سفیر عاصم افتخار احمد نے اپنے خطاب میں اقوام متحدہ کے چارٹر کو ایک پختہ عہد قرار دیا جو دنیا بھر میں امن کے قیام اور تنازعات کو پرامن طریقے سے حل کرنے کے لئے سب سے مؤثر طریقہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی ادارے کا چارٹر کسی بھی تنازعہ کی نوعیت سے بالاتر ہو کر انصاف اور امن کے قیام کے لئے ایک قانونی فریم ورک فراہم کرتا ہے اقوام متحدہ کے چارٹر کی ساکھ بالآخر اس کے عملی اطلاق میں پوشیدہ ہے، خاص طور پر ان حالات میں جہاں سیاسی حساسیتوں کا دخل ہوتا ہے، لیکن اس کے اصول اور اخلاقی وضاحت میں کوئی شک نہیں۔ سفیر عاصم افتخار نے اپنے خطاب میں فلسطین اور جموں و کشمیر کے تنازعات کو سب سے واضح مثالوں میں سے ایک قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ کشمیر کے مسئلے کے حل کے لئے اقوام متحدہ کے چارٹر کی دفعات پر عمل درآمد کی ایک کامیاب مثال بن سکتی تھی، لیکن بدقسمتی سے عالمی ادارہ ان حالات میں اپنا کردار مؤثر طریقے سے ادا کرنے میں ناکام رہا ہے۔ انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے 1940 کی دہائی کے آخر اور 1950 کی دہائی کے اوائل میں کشمیر تنازعہ کو پرامن طریقے سے حل کرنے کے لئے فریم ورک فراہم کیا، لیکن اس کے باوجود یہ مسئلہ آج تک حل نہیں ہو سکا اقوام متحدہ خود اپنے چارٹر پر عملدرآمد میں ناکام دکھائی دیتا ہے اور اس سے نت نئے مسائل جنم لے رہے ہیں۔ فلسطین اور مقبوضہ کشمیر جیسے دیرینہ تنازعات میں اقوام متحدہ کی قراردادوں کا نفاذ نہ ہونے کے باعث بھارت اور اسرائیل کی ریشہ دوانیوں کو مزید شہ مل رہی ہے ان حالات میں عالمی امن قائم کرنا انتہائی مشکل ہو چکا ہے اور یہ بہت بڑا المیہ ہے ان حالات میں انصاف کو مزید دیر تک ٹالنا یا ملتوی کرنا عالمی امن کے لئے خطرہ بن سکتا ہے اور اس سے عالمی سطح پر تنازعات مزید پیچیدہ ہو سکتے ہیں اقوام متحدہ کو اس نکتے پر غور کرنے کی ضرورت ہے۔ دیگر مقررین نے بھی اقوام متحدہ کے چارٹر کی اہمیت پر روشنی ڈالی اور اس بات پر زور دیا کہ عالمی تنازعات کو حل کرنے کے لئے کثیرالجہتی اور مؤثر حکمت عملی کی ضرورت ہے۔ اقوام متحدہ کے اسسٹنٹ سیکرٹری جنرل برائے امور نوجوانان، ڈاکٹر فلپ پاؤلر نے کہا کہ نوجوانوں کو عالمی امن کے عمل میں شامل کرنا ضروری ہے تاکہ وہ مستقبل میں تنازعات کے حل کے لئے مثبت کردار ادا کر سکیں۔ ڈاکٹر پاؤلر کا کہنا تھا کہ اگر نوجوانوں کو عالمی سطح پر امن کی کوششوں میں شامل کیا جائے تو وہ عالمی امن کے اہداف کی تکمیل میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ، ترکیہ کے مستقل مندوب سفیر احمد یلدرز نے بھی عالمی تنازعات کے حل کے لئے کثیرالجہتی نقطہ نظر اپنانے کی ضرورت پر زور دیا اور اقوام متحدہ کے چارٹر کے لئے تجدید عہد کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ یہ بات واضح ہے کہ عالمی سطح پر تنازعات کے حل کے لئے اقوام متحدہ کے چارٹر کی دفعات کا عملی طور پر اطلاق ضروری ہے۔ تاہم، موجودہ عالمی حالات میں ان دفعات کا مؤثر اطلاق ایک چیلنج بن چکا ہے۔ عالمی طاقتوں کے اپنے مفادات اور مخصوص سیاسی حساسیتوں نے اقوام متحدہ کے فیصلوں اور اقدامات کو متاثر کیا ہے۔ اس کے علاوہ، عالمی سیاست میں نئے ابھرتے ہوئے عوامل جیسے سائبر جنگ، دہشت گردی، غلط معلومات اور موسمیاتی تبدیلیاں عالمی امن کے لئے نئے چیلنجز پیدا کر رہی ہیں۔ مباحثے میں شرکا نے اس بات پر زور دیا کہ تنازعات کے حل کے لئے مؤثر اور قابل اعتماد ٹولز کے طور پر ثالثی اور مفاہمت اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ اقوام متحدہ کے چارٹر کی دفعات میں تذکرہ کیا گیا ہے کہ مذاکرات اور ثالثی وہ اصول ہیں جن کے ذریعے دنیا بھر کے تنازعات کو پرامن طریقے سے حل کیا جا سکتا ہے۔ اس حوالے سے جدید ٹیکنالوجی جیسے ڈیجیٹل ڈپلومیسی، مصنوعی ذہانت، اور کمیونٹی ثالثی بھی ایک اہم کردار ادا کر سکتی ہیں۔ ان جدید طریقوں کا استعمال عالمی سطح پر امن قائم کرنے کے لئے نیا اور مؤثر طریقہ کار فراہم کرتا ہے۔ دنیا بھر میں تیز رفتار ترقی اور جدید ٹیکنالوجی کے اثرات کے پیش نظر عالمی امن کے قیام کے لئے ایک نیا نقطہ نظر اپنانا ضروری ہو چکا ہے۔ اب یہ ضروری ہو گیا ہے کہ عالمی ادارے، سیاستدان اور فیصلہ ساز مشترکہ طور پر ان جدید طریقوں کا استعمال کریں تاکہ عالمی تنازعات کا حل تلاش کیا جا سکے۔ عالمی سطح پر مؤثر اور اختراعی طریقے دریافت کرنے کے لئے دنیا بھر کے مختلف اسٹیک ہولڈرز کو ایک ساتھ مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ اقوام متحدہ کے چارٹر کی حمایت میں اپنا بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ پاکستانی مشن نے اقوام متحدہ کے ذریعے عالمی امن اور تنازعات کے حل کے لئے اہم اقدامات اٹھائے ہیں۔ پاکستان نے نہ صرف اقوام متحدہ کے چارٹر پر عمل درآمد کے لئے عہد کیا ہے بلکہ وہ عالمی سطح پر انصاف کے قیام کے لئے اپنی آواز بلند کرتا آیا ہے آج کے عالمی منظرنامے میں اقوام متحدہ کے چارٹر کی اہمیت پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے۔ عالمی اداروں کو یہ عہد کرنا ہوگا کہ وہ اقوام متحدہ کے چارٹر کی ساکھ کو برقرار رکھتے ہوئے دنیا میں امن قائم کرنے کے لئے اپنے کردار کو مزید مستحکم کریں گے۔ اگرچہ عالمی سطح پر سیاسی حساسیتوں اور مفادات کی پیچیدگیاں ہیں، تاہم اقوام متحدہ کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ انسانی حقوق، انصاف اور عالمی امن کو فروغ دینے کے لئے اپنے اصولوں پر سختی سے عمل کرے۔ عالمی سطح پر تنازعات کے حل کے لئے اقوام متحدہ کے چارٹر کے اصولوں کا اطلاق ایک پائیدار راستہ فراہم کرتا ہے عالمی طاقتوں کو اپنے مفادات کو ایک طرف رکھ کر انسانیت کے مفاد میں کام کرنا ہوگا۔ عالمی اداروں اور ان کے ارکان کو اقوام متحدہ کے چارٹر کی ساکھ کو برقرار رکھتے ہوئے عالمی امن کے قیام کے لئے اپنے کردار کو مزید مستحکم کرنا ہوگا تاکہ دنیا بھر میں امن اور استحکام کو یقینی بنایا جا سکے۔

'ونڈر بوائے' کا سراب، پھر بھی تمھیں یقین نہیں؟

حسب موقع — رقیہ غزل

پاکستان کی سیاسی تاریخ گواہ ہے کہ جب بھی مقتدر حلقوں کو عوامی مقبولیت کے حامل کسی بڑے لیڈر کا متبادل تلاش کرنا ہوتا ہے، تو کسی نہ کسی 'ونڈر بوائے' کی لانچنگ کی جاتی ہے۔ حال ہی میں معروف سینئر صحافی سہیل وڑائچ صاحب نے اپنے کالم میں جس پراسرار 'ونڈر بوائے' کے ظہور کی نوید سنائی تھی، اب سیاسی پردے پر ابھرنے والے مناظر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ کوئی اور نہیں بلکہ اقرار الحسن صاحب ہیں۔ لیکن یہاں ایک بنیادی سوال جنم لیتا ہے: کیا محض ٹی وی سکرین کی مقبولیت اور جذبات سے بھرپور بیانیے کسی حقیقی سیاسی تبدیلی کا پیش خیمہ بن سکتے ہیں؟ کیا وہ شخص جو اپنی ٹیم کو 'راج' نہ کروا سکا، وہ ایک پوری قوم کو 'عوام راج' کے خواب دکھانے کا اہل ہے؟

اقرار الحسن کی سیاسی عقل اور شعور کا اندازہ اس بات سے لگائیے کہ انھوں نے اپنی جماعت کا نام 'عوام راج' رکھا ہے، حالانکہ جمشید دستی پہلے ہی 'عوامی راج' کے نام سے پارٹی چلا رہے ہیں۔ جس شخص کا علم اتنا محدود ہو کہ اسے اپنی جماعت کے نام کے لیے بھی دوسروں کے نام کا سہارا لینا پڑے، وہ کروڑوں لوگوں کی تقدیر کا فیصلہ کیسے کرے گا؟ یہ تو وہی بات ہوئی کہ نقل کے لیے بھی عقل کی ضرورت ہوتی ہے۔ صحافتی حلقوں میں یہ سوال بھی اٹھ رہا ہے کہ ایک ایسا شخص جو 'بلیک میلر' کے طور پر مشہور ہوا، اسے اچانک مسیحا بنا کر کیوں پیش کیا جا رہا ہے؟ 'سر عام' کے نام پر انھوں نے جتنے لوگوں کو 'بے نقاب' کرنے کا دعویٰ کیا، حیرت انگیز طور پر ان میں سے کسی ایک کا کاروبار بھی مستقل بند نہ ہو سکا، البتہ موصوف کے اپنے ذاتی کاروبار اور بینک بیلنس میں دن دگنی رات چوگنی ترقی ہوتی گئی۔ سوال یہ ہے کہ کیا یہ سب صرف اتفاق ہے یا اس کے پیچھے بلیک میلنگ کی وہ کہانیاں ہیں جن کا چرچا زبان زد عام ہے؟

کسی بھی انسان کے اخلاص اور اس کی قیادت کی صلاحیت کا سب سے بڑا گواہ اس کا اپنا ماضی اور اس کے قریبی ساتھی ہوتے ہیں۔ اقرار الحسن کا پروگرام 'سر عام' جس شہرت اور بلندی پر پہنچا، وہ کسی ایک فرد کا کمال نہیں تھا بلکہ اس کے پیچھے درجنوں پروڈیوسرز، کیمرہ مینوں اور ریسرچرز کی انتھک محنت شامل تھی۔ لیکن تضاد کی انتہا دیکھیے کہ برسوں گزر جانے کے بعد بھی آج تک اس ٹیم کا کوئی ایک رکن بھی عوامی سطح پر اپنی پہچان نہ بنا سکا۔ جہاں ٹیم کے مخلص ساتھی گمنامی کی دھول چاٹتے رہے، وہاں موصوف کے ذاتی کاروبار ملک بھر میں پھیلتے گئے اور ان کی اپنی زندگی شاہانہ تعیش اور چکا چوند کا نمونہ بن گئی۔ سوال یہ ہے کہ جو شخص اپنے ان ساتھیوں کو ان کی محنت کا جائز کریڈٹ نہ دے سکا جنھوں نے اسے شہرت کی بلندیوں پر پہنچایا، وہ قوم کے ساتھ کتنا مخلص ہوگا؟ اخلاص کے اس فقدان کی ایک اور واضح مثال ان کے اپنے خاندان کی برانڈنگ ہے۔ موصوف کے صاحبزادے کو تو الیکٹرانک میڈیا کے ذریعے ہر گھر میں پہنچا دیا گیا، لیکن کیا کوئی 'سر عام' کی ٹیم کے کسی ایک رکن کے بچے کا نام بتا سکتا ہے؟ کیا ان کے بچوں کا حق نہیں تھا کہ انھیں بھی وہی مواقع ملتے جو اقرار صاحب کے اپنے بچے کو ملے؟ یہ رویہ صاف ظاہر کرتا ہے کہ یہاں صرف 'اپنی ذات' اور 'اپنے خاندان' کی ترقی پیش نظر ہے، نہ کہ ان لوگوں کی جو آپ کی کامیابی کی بنیاد بنے۔ جو شخص اپنی چھوٹی سی ٹیم میں انصاف قائم نہ کر سکا، وہ کروڑوں کی آبادی والے ملک میں 'عوام راج' کیسے قائم کرے گا؟

آج جب پنجاب میں 'کالے قوانین' کا راج ہے، جہاں سانس لینے پر بھی پہرے بٹھا دیے گئے ہیں اور ذرا سی سیاسی جنبش پر گرفتاریاں معمول بن چکی ہیں، وہاں ایک مخصوص شخص کو سیاسی چھتری فراہم کرنا اور اسے پارٹی بنانے کی خصوصی چھوٹ دینا کئی شکوک و شبہات کو جنم دیتا ہے۔ صاف نظر آ رہا ہے کہ یہ پلانٹڈ 'ونڈر بوائے' دراصل مخصوص اشرافیہ اور گملوں میں اگنے والی سیاست کا ایک نیا مہرہ ہے جسے صرف ووٹ بینک کو تقسیم کرنے اور عوام کی توجہ اصل مسائل سے ہٹانے کے لیے لایا گیا ہے۔ مضحکہ خیز بات یہ ہے کہ ایک طرف مصدق ملک کہتے ہیں کہ 'کون سا ونڈر بوائے؟ وہ جو کام کرنا چاہتا ہے وہ تو ہم خود ہی کر دیں گے'، اور دوسری طرف یہی ونڈر بوائے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اپنی ہی حمایتی حکومت سے مطالبہ کر رہا ہے کہ 'عوام کو سستی بجلی اور پٹرول دیا جائے'۔ جناب! آپ حکومت میں ہو کر مطالبہ کس سے کر رہے ہیں؟ یہ نورا کشتی اب پرانی ہو چکی ہے اور عوام اب اس مصنوعی اداکاری کو بخوبی سمجھتے ہیں۔

امریکہ کا قواعد سے ماورا ورلڈ آرڈر

مہمان کالم — میری ڈیجیوسکی

آمدنی میں اضافے کے باوجود پاکستانی پہلے سے زیادہ غریب کیوں ہو گئے؟

دسترس — میاں عمران احمد

نئے سال کے آغاز پر حکومت نے ملک کا پہلا ہاؤس ہولڈ انٹیگریٹڈ اکنامک سروے 2024-25 جاری کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ یہ سروے 'جامع ترقی' کی تصویر پیش کرتی ہے لیکن جب ہم خود ان اعداد و شمار کو غور سے دیکھتے ہیں تو ایک مختلف حقیقت سامنے آتی ہے اور ایسا لگتا ہے کہ ہم ترقی کی طرف نہیں بلکہ مشکلات کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ یہ خوش آئند بات ضرور ہے کہ سروے تکنیکی طور پر بہتر طریقے سے کیا گیا اور ملک بھر کے تقریباً 32 ہزار گھرانوں کو اس میں شامل کیا گیا۔ اس سے ہمیں ایک درست تصویر مل سکتی ہے۔ سروے کے مطابق مایوسی کے اندھیروں میں یہ چند روشن نقطے دل کو سہارا دے سکتے ہیں۔ شرح خواندگی میں تین فیصد اضافہ، سکول سے باہر بچوں کی تعداد میں دو فیصد کمی اور صاف ایندھن کے استعمال میں تین فیصد اضافہ ہوا ہے۔ سب سے زیادہ خوشی کی بات یہ ہے کہ اب انٹرنیٹ صرف چند لوگوں کی سہولت نہیں رہا، گھریلو سطح پر اس کی رسائی 34 فیصد سے بڑھ کر 70 فیصد ہو چکی ہے اور انٹرنیٹ استعمال کرنے والوں کی تعداد 17 فیصد سے بڑھ کر 57 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ یہ واقعی بہتر علامات ہیں۔ لیکن اصل سوال یہ ہے کہ کیا عام آدمی کی زندگی واقعی بہتر ہوئی؟ اعداد و شمار بتاتے ہیں کہ حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ سروے کے مطابق 2018-19 سے 2024-25 کے درمیان اوسط گھریلو آمدن تقریباً دوگنی ہو کر 41 ہزار 541 روپے سے 82 ہزار 179 روپے تک پہنچ گئی مگر اسی مدت میں گھریلو اخراجات اس سے بھی زیادہ رفتار سے بڑھے، اخراجات میں 113 فیصد اضافہ ہوا اور ایک اوسط گھرانے کا ماہانہ خرچ 37 ہزار 159 روپے سے بڑھ کر 79 ہزار 150 روپے ہو گیا۔ یعنی گذشتہ چھ برس میں اوسط گھریلو آمدن تقریباً دوگنی ہو گئی ہے۔ بظاہر یہ خوشی کی بات لگتی ہے، مگر جب ہم اخراجات کو دیکھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ خرچ آمدن سے کہیں زیادہ تیزی سے بڑھے ہیں۔ یعنی جو پیسہ آیا، وہ مہنگائی نے چھین لیا۔ سادہ الفاظ میں کہا جائے تو آج کا پاکستانی پہلے سے زیادہ کماتا ضرور ہے، مگر اس کے ہاتھ میں کچھ نہیں بچتا۔ سب سے زیادہ ضرب نچلے طبقے کو لگی ہے، جن کی حقیقی آمدن میں 23 فیصد کمی واقع ہوئی ہے۔ حقیقی آمدن کا مطلب آمدن کا وہ حصہ ہے جو مہنگائی کو نکال کر بچتا ہے۔ حقیقی آمدن سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کی خریداری کی طاقت کتنی ہے۔ سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کے مطابق '2018-19' میں ایک اوسط غریب شہری گھرانہ تقریباً 24 ہزار 365 روپے حقیقی آمدن کماتا تھا مگر 2024-25 میں وہی گھرانہ، پچھلے سالوں کی قیمتوں کے مطابق، صرف 18 ہزار 820 روپے کما پاتا ہے۔ اسی عرصے میں ایک اوسط شہری 19 فیصد اور ایک اوسط دیہی فرد 7 فیصد مزید غریب ہو گیا۔ یہ صرف اعداد نہیں، بلکہ لاکھوں خاندانوں کی روزمرہ جدوجہد کی کہانی ہے۔ یعنی غربت نہ صرف بڑھ رہی ہے بلکہ شہری اور دیہی زندگی میں فرق بھی بڑھا رہی ہے۔ سروے کے مطابق لوگ اپنی آمدن کا بڑا حصہ صرف کھانے پر خرچ کرنے پر مجبور ہیں مگر اس کے باوجود خوراک استعمال کرنے کی مقدار کم ہو گئی ہے۔ یہ صرف اعداد و شمار نہیں، بلکہ ہر اس دسترخوان کی کہانی ہے جو دن بدن چھوٹا ہوتا جا رہا ہے۔ 2018-19 میں ایک پاکستانی شہری اوسطاً چھ کلو سے زیادہ گندم استعمال کرتا تھا، مگر آج وہی مقدار گھٹ کر پانچ کلو سے بھی کم رہ گئی ہے۔ چاول، دالیں، دودھ، گوشت، چکن، انڈے، آلو، پیاز، چینی اور چائے، وہ سب چیزیں جو کبھی عام گھر کی پہچان تھیں، اب آہستہ آہستہ فہرست ضرورت سے نکلتی جا رہی ہیں۔ یہ کمی صرف شہروں تک محدود نہیں، دیہات کے گھروں میں بھی چولہا پہلے سے زیادہ خاموش ہے۔ مہنگائی نے لوگوں سے صرف آسائشیں نہیں چھینیں، اب تو بنیادی خوراک بھی قربانی بن رہی ہے۔ اس اداس تصویر میں بس ٹماٹر اور کوکنگ آئل ہی ایسے ہیں جو اس گراوٹ سے بچے ہوئے نظر آتے ہیں، ورنہ عام آدمی کی پلیٹ ہر دن تھوڑی اور خالی ہو رہی ہے۔ تعلیم پر خرچ کم ہو رہا ہے۔ تعلیم پر خرچ کم ہونا محض ایک معاشی فیصلہ نہیں، یہ ایک پورے مستقبل کی قیمت چکانے کے مترادف ہے۔ چھ سال پہلے قومی وسائل کا تقریباً چار فیصد حصہ تعلیم پر خرچ ہوتا تھا، آج وہی حصہ سکڑ کر ڈھائی فیصد تک رہ گیا ہے۔ یہ کمی ہمیں اس تلخ حقیقت کی یاد دلاتی ہے کہ جب گھر میں روٹی پوری نہ ہو تو سب سے پہلے کتاب پیچھے رہ جاتی ہے۔ ماں باپ کی مجبوری، بچوں کے خوابوں پر بھاری پڑ جاتی ہے اور یوں غربت صرف آج نہیں، آنے والے کل کو بھی اپنی گرفت میں لے سکتی ہے۔ صحت پر خرچ مجبوری میں کیا جا رہا ہے، لیکن وہ بھی ناکافی ہے۔ سابق معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر ظفر مرزا کہتے ہیں کہ 'اگرچہ بچوں کی مکمل ویکسینیشن کی شرح میں پانچ فیصد اضافہ ہو کر 68 سے 73 فیصد تک پہنچنا ایک خوش آئند پیش رفت ہے، مگر اس کے پیچھے ایک تلخ حقیقت بھی چھپی ہے۔ آج بھی ملک کے 27 فیصد بچے ایسے ہیں جو بیماریوں کے خلاف مکمل تحفظ سے محروم ہیں۔ سابقہ فاٹا کے اضلاع میں آج بھی 57 فیصد بچے اور بلوچستان میں تقریباً دو تہائی بچے ایسے ہیں جو مکمل حفاظتی ٹیکوں سے محروم ہیں۔' یہ صرف اعداد و شمار نہیں بلکہ یہ لاکھوں معصوم چہروں کی کہانی ہے جن کی صحت اب بھی خطرے میں ہے۔ معمولی کامیابی پر خوش ہوا جا سکتا ہے، لیکن تب تک مطمئن نہیں ہوا جا سکتا جب تک ہر بچہ محفوظ نہ ہو جائے۔ یہ ہدف مشکل دکھائی دیتا ہے کیونکہ آمدن میں اضافے کے ساتھ اخراجات بھی بڑھ گئے ہیں، جو صرف آج کو نہیں بلکہ آنے والی نسلوں کے مستقبل کو بھی متاثر کر سکتے ہیں۔

چپقلش کے نتائج سب کے لئے ہیں

پیش نظر — محمد مہدی

مزاحمت اور صبر

خورشید ندیم

امریکی جارحیت کے جواب میں اہل ایران کیا کریں؟

اگر میں جواب میں کہوں: 'صبر' تو سننے والے کا ردعمل ہوگا: 'اس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ مزاحمت نہ کریں؟' اگر کوئی سوال کرے کہ اسرائیلی بربریت کے مقابلے میں فلسطینی کیا کریں اور میں جواب میں کہوں 'صبر' تو یہاں بھی وہی ردعمل ہوگا: 'کیا وہ مزاحمت نہ کریں' خود کو ذبح ہونے کے لیے پیش کر دیں؟'

یہ فرضی مکالمہ نہیں' ایک الجھاؤ ہے جو ہمارے سوئے فہم سے پیدا ہوا ہے۔ اس کے پس منظر میں صبر اور مزاحمت کا یہ فہم پوشیدہ ہے کہ یہ دو متضاد الفاظ ہیں۔ صبر کا مطلب مزاحمت سے دست برداری ہے۔ یہ ظلم کے سامنے سرافگندگی ہے۔ یہ عزت کی موت پر ذلت کی زندگی کو ترجیح دینا ہے۔ اس فہم میں یہ نکتہ بھی پنہاں ہے کہ مزاحمت اور تصادم مترادف الفاظ ہیں۔ مزاحمت اور تصادم لازم و ملزوم ہے۔ مزاحمت دو حالتوں میں سے کسی ایک کے انتخاب کا نام ہے: مارو یا مر جاؤ۔ جب موت ہی واحد راستہ ہے تو بہتر ہے کہ چند کو مار کر مرو۔ مزاحمت کے نام پر تاریخ سے جو مثالیں دی جاتی ہیں وہ ایسے حریت پسندوں کی داستانیں ہیں جو 'مزاحمت' کرتے کرتے کام آ گئے۔ انہوں نے جان تو دی لیکن جاتے جاتے بہت سوں کی جان لے گئے۔ مزاحمت کے اس تصور میں اس کو کامیابی کہتے ہیں۔ یہ تحریر فہمی غلطی ہائے مضامین کا مجموعہ ہے۔ صبر مزاحمت کا متضاد نہیں' مترادف ہے۔ صبر ایک حکمت عملی ہے۔ یہ تصادم سے ممکن حد تک گریز کرتے ہوئے اپنی مقاصد کے حصول کی جدوجہد کا نام ہے جنہیں تصادم سے حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اسلامی تصور حیات میں صبر ایک اعلیٰ درجے کی صفت ہے' انبیاء ؑ جس سے متصف ہوتے ہیں۔ قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ نے صابرین کو اپنی معیت اور مدد کی یقین دہانی کرائی ہے۔ ہمارے اہل علم نے صبر کو ایک متبادل حکمت عملی کے طور پر بیان کیا ہے۔ مولانا وحید الدین خان نے مگر جس طرح اس کا ابلاغ کیا ہے' اس کی کوئی دوسری مثال موجود نہیں۔ اس کے لیے انہوں نے 'مزاحمت پسندوں' کی گالیاں بھی بہت کھائیں مگر صبر کی حقیقت کو اس طرح واضح کر دیا ہے کہ بطور حکمت عملی اب یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے۔ میں ان کی ایک تحریر کو یہاں نقل کرنا چاہتا ہوں' جس میں انہوں نے صبر کو بطور حکمت عملی بیان کیا ہے۔

مولانا لکھتے ہیں: ''صبر کیا ہے؟ صبر یہ ہے کہ جذبات یا اشتعال کے موقع پر اپنے آپ کو تھاما جائے۔ جوابی کارروائی کرنے سے پہلے اپنے جذبات کو روک کر یہ سوچا جائے کہ میرے لیے اس موقع پر صحیح ردعمل کیا ہے اور زیادہ نتیجہ خیز کارروائی کیا ہو سکتی ہے۔ کبھی جذبات کو روک لینے کا نام صبر ہے' کبھی صبر اس کا نام ہوتا ہے کہ اپنے آپ کو جوابی اقدام سے باز رکھا جائے اور کبھی صبر یہ ہوتا ہے کہ اقدام تو کیا جائے مگر وہ منصوبہ بند اقدام ہو نہ کہ محض جذباتی اقدام۔ سوال کیا جا سکتا ہے کہ ایک مخالف اگر کسی کو نقصان پہنچائے تو وہ اس پر صبر کرے یا وہ اس کا توڑ کرنے کی کوشش کرے؟ جواب یہ ہے کہ صبر کا مطلب خواہ مخواہ نقصان اٹھانا نہیں ہے۔ صبر کا مطلب یہ ہے کہ غیر موافق صورتحال پیش آنے کے بعد ٹھنڈے ذہن سے آپ یہ سوچیں کہ آپ کا جوابی اقدام آپ کے حق میں کوئی مثبت نتیجہ پیدا کرے گا یا آپ کے نقصان میں مزید اضافے کا سبب بن جائے گا۔ صبر کا مطلب اپنے آپ کو مزید نقصان سے بچانا ہے' نہ کہ غیر ضروری طور پر اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا۔ صبر کبھی عمل کا نام ہوتا ہے اور کبھی اپنے آپ کو عمل سے روک لینے کا۔ یہ دراصل حالات ہیں جو فیصلہ کرتے ہیں کہ کس موقع پر کون سا صبر مطلوب ہے۔ صبر اور بے صبری میں یہ فرق ہے کہ بے صبر آدمی نتیجہ پر غور کیے بغیر حالات کے طوفان میں کود پڑتا ہے۔ اور صبر والا آدمی صورتحال پیش آ جانے کے بعد پہلے سنجیدگی کے ساتھ غور کرتا ہے' لوگوں سے مشورہ کرتا ہے اور سوچے سمجھے فیصلہ کے تحت وہ کارروائی کرتا ہے جو زیادہ سے زیادہ نتیجہ خیز ہو سکے۔ صبر حکمت عملی کا نام ہے اور بے صبری یہ ہے کہ آدمی وقتی کیفیت سے متاثر ہو کر ایسا اقدام کر بیٹھے جس کا حکمت اور دوراندیشی سے کوئی تعلق نہ ہو''۔

واقعہ یہ ہے کہ مزاحمت کے نام پر گزشتہ ایک صدی میں جو کچھ ہوتا آیا ہے' وہ صرف تصادم ہے۔ مزاحمت کے اس تصور کو ان انقلابی تحریکوں نے جنم دیا جو اشتراکیت اور اسلام ازم کے نام پر برپا ہوئیں۔ انقلاب اور مزاحمت کے نام پر جتنے انسانوں کا قتل ہوا' اس کی انسانی تاریخ میں کم مثالیں ملیں گی۔ پیغمبروں سے بڑھ کر کسی نے 'سٹیٹس کو' کو چیلنج نہیں کیا۔ ان کی حکمت عملی کا مگر ایک ہی عنوان تھا: 'صبر'۔ اسے ریاست کے مسلح اقدام سے خلط ملط نہیں کرنا چاہیے۔ اسے جنگ کہتے ہیں اور اس کی اخلاقیات بالکل مختلف ہیں۔

برصغیر میں سرسید احمد خان نے برے حالات کے خلاف مزاحمت کی۔ ان کا ذہنی افق معاصرین سے کہیں زیادہ وسیع تھا۔ ان کے ہم عصر صرف انگریزوں کی غلامی کو دیکھ رہے تھے۔ سرسید مسلمان قوم کو انگریزوں سے بڑی دشمن قوت' جہالت کے خلاف مسلح کر رہے تھے۔ ان کو اندازہ تھا کہ انگریزوں کو ایک دن جانا ہے۔ جہالت اگر نہ گئی تو مسلمان آسمان سے گر کر کھجور میں اٹک جائیں گے۔ وہ ان ذکار کے خلاف مزاحمت کر رہے تھے جنہوں نے مسلمانوں کو کمزور کر دیا تھا۔ میرے نزدیک ان سے بڑا مزاحمت کار مسلمانوں میں پیدا نہیں ہوا۔ ان کے بعد قائداعظم تھے۔ دونوں کی جدوجہد کامیاب رہی۔ اسی طرح دور جدید میں امریکہ کے خلاف سب سے بڑی مزاحمت چین کی طرف سے سامنے آئی۔ اس کی حکمت عملی کا بنیادی نکتہ تصادم سے گریز ہے۔ چین طاقتور ریاست ہوتے ہوئے بھی بے مقصد معرکوں میں اپنی قوت برباد نہیں کرتا۔ مشرق وسطیٰ سے وینزویلا تک چین نے امریکہ کی مروجہ معنوں میں مزاحمت نہیں کی۔ اس نے اشتعال میں آئے بغیر صبر کی حکمت عملی اپنائی۔ آج ساری دنیا جانتی ہے کہ چین کی مزاحمت سے طاقت کا توازن بدل رہا ہے۔

ناپسندیدہ حالات کے خلاف مزاحمت انسان کی فطرت ہے۔ ایسے حالات افراد کو پیش آتے ہیں اور اقوام کو بھی۔ نزلہ جیسی بیماری بھی آ جائے تو کم از کم آٹھ دن صبر کے ساتھ برداشت کرنا پڑتی ہے۔ یہ فطرت کا سبق ہے۔ دوا کے ہتھیار سے اس کے خلاف 'مسلح مزاحمت' کرنے کا مطلب خود کوئی بیماری سے دوچار کرنا ہے۔ اسی طرح قومی امراض کے خلاف مزاحمت بھی فطری ہے۔ یہ کسی خارجی قوت کی جارحیت ہو سکتی ہے اور جہالت جیسی داخلی بیماری بھی۔ اشتعال میں آ کر کوئی حکمت عملی نہیں بنائی جا سکتی۔ ریاستوں کو بعض اوقات فوری اقدام کرنا پڑتا ہے۔ جیسے پاکستان کو بھارت کے خلاف کرنا پڑا۔ یا کسی کے گھر میں ڈاکو گھس آئیں تو وہ حکمت عملی کے لیے ڈاکو سے وقت نہیں لے سکتا۔ یہ استثنا ہے جو کبھی کبھی پیش آتا ہے۔ عام طور پر سوچ بچار کے لیے وقت ہوتا ہے۔ یہ وقت اللہ تعالیٰ ہر قوم کو دیتا ہے۔ اس کا درست استعمال ہی انسان کا امتحان ہے۔ وہ چاہے تو صبر کے ساتھ نتیجہ خیز مزاحمت کر سکتا ہے اور اگر نہ چاہے تو اشتعال میں آ کر بے نتیجہ مزاحمت بھی کر سکتا ہے۔ مسئلہ مزاحمت میں نہیں' اس کی حکمت عملی میں ہے۔ مزاحمت اور صبر متضاد نہیں' مترادف الفاظ ہیں۔ جس نے صبر کو مزاحمت کا مترادف جانا اور جس نے تصادم کو' تاریخ نے دونوں کے انجام کو محفوظ کر دیا ہے۔ انقلاب اور مزاحمت کے نام پر جتنے انسانوں کا قتل ہوا اس کی انسانی تاریخ میں کم مثالیں ملیں گی۔ پیغمبروں سے بڑھ کر کسی نے 'سٹیٹس کو' کو چیلنج نہیں کیا۔ ان کی حکمت عملی کا مگر ایک ہی عنوان تھا: 'صبر'۔ اسے ریاست کے مسلح اقدام سے خلط ملط نہیں کرنا چاہیے۔ اسے جنگ کہتے ہیں اور اس کی اخلاقیات بالکل مختلف ہیں۔ برصغیر میں سرسید احمد خان نے برے حالات کے خلاف مزاحمت کی۔ ان کا ذہنی افق معاصرین سے کہیں زیادہ وسیع تھا۔ ان کے ہم عصر صرف انگریزوں کی غلامی کو دیکھ رہے تھے۔ سرسید مسلمان قوم کو انگریزوں سے بڑی دشمن قوت' جہالت کے خلاف مسلح کر رہے تھے۔ ان کو اندازہ تھا کہ انگریزوں کو ایک دن جانا ہے۔ جہالت اگر نہ گئی تو مسلمان آسمان سے گر کر کھجور میں اٹک جائیں گے۔ وہ ان ذکار کے خلاف مزاحمت کر رہے تھے جنہوں نے مسلمانوں کو کمزور کر دیا تھا۔ میرے نزدیک ان سے بڑا مزاحمت کار مسلمانوں میں پیدا نہیں ہوا۔

ٹریفک قوانین اور غریب آدمی

اظہار خیال — خالد مسعود خان

اگر خرابی مستقل اور مسلسل ہو تو اس کی درستی کیلئے بھی اسی ثابت قدمی اور تسلسل سے اپنا فریضہ سرانجام دینا چاہیے۔ سو یہ لکھاری یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس کے لکھے کا اثر کم ہی ہوگا بہرحال لکھنے سے باز نہیں آ سکتا۔ جب منفی کاموں اور حرکتوں میں مبتلا لوگوں کو اپنے رویے اور اعمال پر شرم نہیں آتی تو بھلا اس پر تنقید کرنے اور اسے درست کرنے کی کوشش پر کس لیے شرم محسوس کی جائے؟ موذن کا کام اذان دینا ہے اس سے نمازیوں کی تعداد کے بارے میں پوچھ نہیں ہوگی۔ ہاں البتہ اس سے اذان بارے ضرور پوچھا جائے گا۔ سو یہ عاجز اذان دینے پر مامور ہے اور اس بات سے قطع نظر کہ کس پر اس کا کتنا اثر ہو رہا ہے اپنے کام میں لگا ہوا ہے اور کبھی کبھی تھوڑی سی مایوسی محسوس کرنے کے باوجود اگلے روز پھر اسی جذبے سے معمور ہو کر قلم اٹھا لیتا ہے کہ اسے اسی کام پر متعین کیا گیا ہے اور اس سے اسی کام کا حساب لیا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ اس عاجز پر اپنا کرم کرے اور حساب سے در گزر فرمائے' حساب دینا ہم جیسے گناہگاروں کے بس کی بات نہیں۔ اس کی رحمت کا آسرا ہے جو حوصلہ دیتا رہتا ہے اور کام چلتا رہتا ہے۔

گزشتہ کالم میں ملتان کے دو عدد چوکوں میں لگنے والے ٹریفک اشاروں کے باعث بہتر ہونے والی ٹریفک کی صورتحال پر کچھ لکھا لیکن ایمانداری کی بات ہے کہ اس ساری کاوش اور پیشرفت کے باوجود عوام کی جانب سے خلاف ورزیوں کا سلسلہ بھی مسلسل جاری ہے۔ ہر دو چوکوں پر اشارے بھی چل رہے ہیں اور اشاروں کی پروا کیے بغیر چوک کے درمیان سے گزرنے والے موٹر سائیکل بھی چل رہے ہیں۔ اشاروں کی تنصیب کے بعد ٹریفک پولیس کے اہلکار جو پہلے ان چوکوں کے کناروں پر کھڑے ہو کر اپنے موبائل فون پر مصروف ہوتے تھے اب اس تکلف سے بھی فارغ ہو گئے ہیں۔ ایسے میں جس کا دل کرتا ہے وہ اشاروں کو جوتے کی نوک پر رکھتے ہوئے گزر جاتا ہے اور قرینے سے چلنے والی باقی ساری ٹریفک میں رکاوٹ اور خلل ڈالتا ہوا مزے سے اپنی راہ لیتا ہے۔ نہ کوئی پوچھنے والا ہے اور نہ ہی کوئی روکنے والا ہے۔

اب حکومت پنجاب نے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر جرمانوں کی رقم غیر معمولی طور پر بڑھا دی ہے اور جرمانوں کی رقم بعض خلاف ورزیوں کی مد میں پانچ' سات گنا زیادہ کر دی گئی ہے۔ اس پر شور وغوغا بھی مچ رہا ہے لیکن جہاں تک ٹریفک قوانین کی پابندی کو اپنی عادت یا رویہ بنانے والی بات ہے وہ ابھی بہت دور کی بات ہے۔ اشارے چل رہے ہیں لیکن جرمانوں کی رقم بڑھ جانے کے باوجود کئی منچلے اشاروں کی پروا کیے بغیر سرخ بتی پر گزر رہے ہیں۔ اب اگر اس موٹر سائیکل والے کا چالان کیا جائے اور دو ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے تو کہرام مچ جاتا ہے کہ یہ غریب آدمی پر ظلم ہے کہ آخر غریب آدمی' جس کی کل روزانہ کمائی بھی دو ہزار روپے نہیں ہے' یہ جرمانہ کیسے ادا کرے؟ سوال پیدا ہوتا ہے کہ کیا غریب آدمی کو سامنے جلتا ہوا سرخ اشارہ دکھائی نہیں دے رہا؟

گزشتہ روز اسی موضوع پر بحث ہو رہی تھی اور ایک دوست کا اس سلسلے میں کہنا تھا کہ پاکستان میں کم آمدنی اور خواندگی کی شرح کم ہونے کی وجہ سے اتنے زیادہ جرمانوں کا کوئی جواز نہیں۔ میں نے پوچھا کہ ون وے کی پابندی کرنے' سرخ اشارے پر رکنے' موٹر سائیکل چلاتے ہوئے ہیلمٹ پہننے اور دوران ڈرائیونگ موبائل فون کے عدم استعمال کیلئے زیادہ آمدنی' گریجوایشن کی تعلیم اور راکٹ سائنس کو جاننا ضروری نہیں۔ عمومی ٹریفک قوانین اور ان کی خلاف ورزیوں کے بارے میں سب کو علم ہے۔ ہر بندہ جانتا ہے کہ سرخ اشارے پر رکنا ہے اور سبز اشارے پر گزرنا ہے۔ ہاں اگر کوئی نابینا ہے تو اور بات ہے' مطلب یہ کہ جس بندے کو دکھائی دیتا ہے اور وہ موٹر سائیکل' گاڑی چلا سکتا ہے اسے یہ بات بخوبی معلوم ہے کہ سرخ اشارے پر رکنا ہے۔ اب اگر وہ غریب آدمی ہے اور اس کی آمدنی کم ہے تو اس کو اس قانون کی زیادہ پابندی کرنی چاہیے۔ وہ بھاری جرمانہ ادا نہیں کر سکتا تو اسے اپنی مالی حالت کو مدنظر رکھتے ہوئے قانون کی پابندی کے ساتھ ساتھ جرمانے کو ناقابل برداشت سمجھتے ہوئے اپنی مجبوری کے پیش نظر زیادہ دھیان رکھنا چاہیے۔ جب اس کا چالان ہوتا ہے تو لوگ شور مچاتے ہیں کہ غریب آدمی کا خیال نہیں رکھا جا رہا۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا غریب آدمی کو آپ اپنا خیال ہے؟ عالم یہ ہے کہ غریب آدمی کو سرخ اشارہ دکھائی دے رہا ہے اور وہ اس کے باوجود اشارہ توڑ کر گزرتا ہے تو اس کا چالان اس وجہ سے نہیں ہوتا کہ وہ غریب آدمی ہے یا امیر آدمی ہے' بلکہ قانون کی خلاف ورزی سے ہوتا ہے۔ غریب کو تو علم ہے کہ وہ جرمانہ ادا نہیں کر سکتا ایسے میں اسے خود اپنا خیال رکھنا چاہیے۔ اس غریب آدمی کو اپنا خیال تو نہیں لیکن سڑک پر کھڑے ٹریفک وارڈن یا سارجنٹ سے یہ امید کی جاتی ہے کہ وہ اس غریب آدمی کا خیال کرے۔ سب سے پہلے غریب آدمی خود اپنا خیال کرے۔ مجھے تیرنا نہیں آتا تو مجھے نہر میں چھلانگ لگانے سے از خود باز رہنا چاہیے۔ اگر گاڑی نہیں چلانا آتی تو سڑک پر گاڑی لے جانے سے احتراز کرنا ہوگا۔ اب یہ نہیں ہوگا کہ ہر جگہ غریب کارڈ چلانے اور ایموشنل بلیک میلنگ سے کام چلانے کی کوشش کی جائے۔ جرم بہرحال جرم ہے اور قانون کی خلاف ورزی قانون کی خلاف ورزی ہی ہے' خواہ وہ کوئی امیر شخص کرے یا غریب آدمی کرے۔ ہر دو افراد کی غلطی سے کوئی بے گناہ حادثے کا شکار ہو سکتا ہے۔

مسئلہ دراصل یہ ہے کہ ہم من حیث القوم گزشتہ کئی دہائیوں سے بتدریج ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے سلسلے میں ڈھیٹ ہو چکے ہیں۔ اچھے بھلے معزز' نوجوان' بزرگ' امیر' غریب' ان پڑھ اور پڑھے لکھے' سب کے سب اشارہ توڑنے کو ون وے کی خلاف ورزی کو' گاڑی غلط جگہ پارک کرنے کو' ڈرائیونگ کرتے ہوئے فون سننے کو اور موٹر سائیکل چلاتے ہوئے ہیلمٹ نہ پہننے کو جرم یا قانون کی خلاف ورزی سمجھتے ہی نہیں۔ حالانکہ سب کو ان قوانین کا علم ہے۔ ایسا نہیں کہ کسی کو اس بارے میں علم نہیں لیکن اب ہم ان خلاف ورزیوں کو نہ تو خلاف ورزی سمجھتے ہیں اور نہ ہی اس پر کسی قسم کی شرمندگی محسوس کرتے ہیں۔ بلکہ شرمندگی تو رہی ایک طرف' ہم اس پر باقاعدہ فخر محسوس کرتے اور اسے اپنا حق سمجھتے ہیں۔

آپ ون وے کے خلاف آنے والے کسی شخص کو محض استفہامیہ اشارہ ہی کر دیں کہ وہ کدھر سے آ رہا ہے؟ تو جواباً وہ باقاعدہ لڑنے پر' بدتمیزی کرنے پر اور بدکلامی پر اتر آتا ہے۔ کسی سے صرف یہ پوچھ لیں کہ بھائی صاحب آپ نے اپنی گاڑی سڑک کے درمیان کیوں روک رکھی ہے یا کسی رکشے والے سے یہ پوچھ لیں کہ سواری کو اٹھانے کیلئے وہ چوک کے عین درمیان کیوں کھڑا ہے تو جواباً وہ شرمندہ ہونے کے بجائے تو تو میں میں پر اتر آئے گا۔ کسی شخص کو اس بات پر شرمندہ کرنے کی کوشش کریں

صنعتوں کا ڈیتھ وارنٹ

مین پوائنٹ — ذوالفقار علی مہتو

چیئرمین آل پاکستان ٹیکسٹائل ملز ایسوسی ایشن گوہر اعجاز نے ملک میں صنعتی بدحالی کو مہنگی بجلی کا شاخسانہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ بجلی پر دیگر صارفین کو دی جاری 102 ارب روپے کی کراس سبسڈی ملک کی صنعت کیلئے ڈیتھ وارنٹ ہے اور یہ وارنٹ واپس نہ ہوا تو سمجھئے صنعتی شعبے کی موت یقینی ہے۔ گوہر اعجاز کی اس بات کا تعلق سیٹھوں کی تجوریاں بھرنے کی رفتار میں کمی سے زیادہ کروڑوں مزدوروں کے گھروں کے چولہے ٹھنڈے ہونے سے ہے کیونکہ بڑے صنعتکار اور تاجر تو اپنی جمع پونجی سے اچھے وقت کا انتظار کرتے ہوئے اپنی صنعت کو آن ہولڈ کر لیں گے لیکن بمشکل 40 ہزار روپے ماہانہ اجرت والے مزدور کا خاندان بیروزگاری کا ایک دن بھی نہیں نکال سکتا۔ اب جائزہ لیتے ہیں کہ گوہر اعجاز کو یہ بات کیوں کہنا پڑی۔

ماضی کے جھروکوں میں جھانک کر دیکھیں تو وزارت خزانہ کی پرانی فائلوں میں جو اعداد و شمار ملتے ہیں ان کے مطابق قیام پاکستان کے وقت مشرقی پاکستان (موجودہ بنگلہ دیش) کا کل ملکی برآمدات میں حصہ لگ بھگ 70 فیصد اور مغربی پاکستان (موجودہ پاکستان) کا حصہ 30 فیصد تھا۔ مشرقی پاکستان کی کل برآمدات میں خام پٹ سن کا حصہ پورے ملک کی برآمدات کا پچاس فیصد تھا جبکہ 12 فیصد اسی پٹ سن سے بنے ٹاٹ اور جیوٹ کی بوریاں تھیں۔ مغربی پاکستان کا جائزہ لیں تو 1947-48ء میں خام کپاس اور سوتی دھاگے کی ایکسپورٹس کل ملکی برآمدات کا 18 فیصد جبکہ چھ فیصد باسمتی چاول اور گندم شامل تھی۔ اس تصویر سے واضح ہو جاتا ہے کہ قیام پاکستان کے پہلے دو سال میں مغربی حصے کی کل برآمدات کا 50 سے 60 فیصد حصہ ٹیکسٹائل کی مصنوعات ہی تھیں' اور 2024-25ء کو دیکھیں تو کل ملکی برآمدات میں ٹیکسٹائل کا شعبہ 17 ارب 88 کروڑ ڈالر کے ساتھ 56 فیصد کا حصے دار تھا' مطلب پون صدی بعد بھی ہم ٹیکسٹائل کا متبادل تلاش نہیں کر سکے۔

ملک میں آنے والی ہر حکومت متبادل ایکسپورٹس مصنوعات اور نئی منڈیوں کی تلاش کے منصوبے بناتی ہے' کبھی ملکی اور کبھی بھاری معاوضوں پر غیر ملکی ماہرین کی خدمات حاصل کی جاتی ہیں۔ پاکستانی سفارتخانوں کے کمرشل قونصلرز اور ٹریڈ کمشنرز کو سخت خطوط لکھے جاتے ہیں کہ پاکستانی مارکیٹ کے پھیلاؤ میں جاندار کردار ادا کرو ورنہ سخت کارروائی ہوگی لیکن نہ کبھی متبادل مصنوعات کی پیداوار اور برآمدات کا ہدف پورا ہو سکا' نہ روایتی منڈیوں سے آگے بڑھ کر نئی مارکیٹوں میں رسائی کی منزل تک پہنچ پائے اور نہ ہی سخت ایکشن کی وارننگ سے بات آگے بڑھ سکی۔ یہ بھی حقیقت ہے کہ معرکہ حق کے بعد پاکستانی غیر روایتی مصنوعات میں جے ایف 17 تھنڈر' پاکستانی ساختہ ڈرونز' تربیتی جنگی طیارے اور دیگر ساز و سامان کی ایک بڑی مارکیٹ غیر متوقع طور پر کھل گئی ہے لیکن اس کو زمینی حقیقت بننے میں چار سے پانچ سال کا عرصہ درکار ہے۔ اس صورتحال میں لگتا ہے کہ آج کے ٹیکسٹائل پر ہی انحصار کرنا پڑے گا لیکن گوہر اعجاز کی مراد صرف ٹیکسٹائل انڈسٹری نہیں ہے بلکہ مہنگی بجلی تمام صنعتوں کا ڈیتھ وارنٹ ہے۔

بجلی کے شعبے کو دیکھتے ہیں کہ اس میں مسائل کیا ہیں تو سب سے بڑا مسئلہ تو دو ہزار ارب روپے کے وہ کیپسٹی چارجز ہیں جو نجی پاور کمپنیوں کو بجلی کا ایک یونٹ بھی خریدے بغیر ہر سال ادا کرنا پڑتے ہیں جبکہ پورے ملک میں خرچ ہونے والی بجلی کی قیمت ایک ہزار ارب روپے سالانہ ہوتی ہے۔ دوسرا بڑا مسئلہ 2600 ارب روپے کا گردشی قرضہ ہے جس کی ادائیگی کیلئے ہر صارف کو فی یونٹ تین روپے 23 پیسے کا اضافی خراج ادا کرنا پڑ رہا ہے۔ ان اعداد و شمار سے ظاہر ہوتا ہے کہ بجلی کے بلوں میں لگ بھگ 70 فیصد صارفین کو کسی ناکردہ گناہ کی سزا بھگتنا پڑ رہی ہے کیونکہ ملکی ضروریات اور بجلی کے ترسیلی نظام کی صلاحیت دیکھے بغیر ہر حکومت نے دھڑا دھڑ نئے بجلی گھر (آئی پی پیز) لگوانے کا سلسلہ جاری رکھا جس کے نتیجے میں 48 ہزار میگاواٹ پیداواری صلاحیت کے بجلی گھر لگے ہوئے ہیں اور زیادہ سے زیادہ استعمال 23 ہزار میگاواٹ سے آگے نہیں بڑھ رہا۔ خوش قسمتی یہ کہ ماحولیات کی عالمی تحریک کا حصہ ہونے کے باعث پاکستان نے چند سال قبل سولرائزیشن کو بھی اپنا لیا اور اب اگر صرف زرعی شعبے کو لیں تو اس میں بجلی کی کھپت گزشتہ دو برسوں میں 38 فیصد کم ہو چکی ہے اور گوہر اعجاز کے مطابق ایک کروڑ 10 لاکھ گھریلو صارفین بھی سولر پر شفٹ ہو چکے ہیں۔ ان اعداد و شمار کی روشنی میں یہ تخمینہ لگایا جا رہا ہے کہ ملک میں کل بجلی کی کھپت کا 25 فیصد اس سال کے اختتام تک سولر پر شفٹ ہو چکا ہوگا۔ جب اتنا بڑا حصہ نیشنل گرڈ سسٹم سے نکل جائے گا تو کیپسٹی پے منٹس مزید بڑھ جائیں گی اور پھر حکومت کے پاس دو آپشنز بچیں گی کہ وہ یہ اضافی بوجھ 200 یونٹس ماہانہ سے کم بجلی استعمال کرنے والے صارفین کو منتقل کر دے یا پھر تمام بوجھ پہلے کی طرح بقول گوہر اعجاز صنعتوں پر ڈال کر سیاست بچا لے۔ حکومت کیلئے فارسی محاورے ''نہ پائے رفتن نہ جائے ماندن'' والی صورتحال بنی ہوئی ہے۔

گوہر اعجاز کے مطابق پاکستانی برآمدی مال کے مدمقابل ملکوں میں بجلی کا ٹیرف نو امریکی سینٹ یعنی (25 پاکستانی روپے) جبکہ اس کے مقابلے میں پاکستان میں یہ ریٹ 12 سینٹ (33 روپے 60 پیسے) ہے لہٰذا آٹھ روپے 40 پیسے فی یونٹ کا یہ فرق پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات کو منڈیوں میں پاؤں نہیں ٹکانے دے رہا۔ دوسری طرف حکومت کے اقدامات کی چھان بین کریں تو پتا چلتا ہے کہ جب وزیراعظم شہباز شریف نے مارچ 2024ء میں حلف اٹھایا تو صنعتی شعبے کا ٹیرف فی یونٹ 62 روپے 99 پیسے تھا اور وجہ اور مجبوری وہی کیپسٹی چارجز تھے لیکن اپٹما' ایف پی سی سی آئی اور دیگر کاروباری تنظیموں کی شور شرابے کے بعد ایک کمیٹی نے کئی پرانے نجی بجلی گھروں سے مذاکرات کے تحت معاہدے ختم کر دیے تو اونٹ کے منہ میں زیرے کے برابر ریلیف مل گیا مگر اصل مسئلہ حل نہیں ہوا اور حکومت نے 200 یونٹس سے کم استعمال والے صارفین کے 225 ارب روپے ریلیف کا بوجھ صنعتی شعبے پر کراس سبسڈی کی شکل میں ڈالے رکھا۔ حکومتی حلقوں میں کاروباری برادری کی چیخ و پکار کے بعد حکومت نے چھوٹے صارفین پر بتدریج بوجھ منتقل کرنا شروع کیا تو دسمبر 2025ء تک صنعتی شعبے کی بجلی کا اوسط فی یونٹ 46 روپے 31 پیسے پر آ گیا جبکہ ٹیکسٹائل اور B-3 کنکشن کی حامل بڑی صنعتوں کیلئے ٹیرف 33 روپے 60 پیسے پر آ چکا ہے۔ حکومت کے مطابق اس نے 123 ارب روپے کی کراس سبسڈی کا بوجھ بڑی صنعتوں سے ہٹا دیا ہے۔ اب گوہر اعجاز موجودہ 102 ارب روپے کی کراس سبسڈی کو ڈیتھ وارنٹ قرار دے رہے ہیں۔

اوستہ محمد، ڈی سی محمد رمضان پلال محکمہ تعلیم کے زیر تعمیر منصوبے کے کام کا جائزہ لے رہے ہیں

میر غلام مرتضیٰ خان جمالی ایک عوام دوست انسان ہیں، سرور عمرانی

فیض آباد (اے این این) چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اوستہ محمد میر غلام مرتضیٰ خان جمالی ایک بہترین، بااخلاق اور عوام دوست شخصیت کے مالک ہیں۔ میر یاسر سرور عمرانی نے ان کے بارے میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ میر غلام مرتضیٰ خان جمالی نے ہمیشہ علاقے کی بہتری، تاجروں کے مسائل کے حل اور مارکیٹ کے نظام کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

ڈی آر اے تمام سرکاری ملازمین کا مسئلہ اور قانونی حق ہے، رئیس اللہ ڈنہ

موجودہ صورتحال نے ملازمین کو شدید اضطراب میں مبتلا کر دیا ہے، تنظیم اساتذہ

فرید آباد (آن لائن) ڈی آر اے تمام سرکاری ملازمین کا مسئلہ ہے اور قانونی حق ہے، جسے کسی صورت سلب نہیں کیا جا سکتا۔ رئیس اللہ ڈنہ منگریو نائب صدر تنظیم اساتذہ پاکستان نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ حکومت نے ملازمین سے جو وعدے کیے تھے، وہ تا حال وفا نہ ہو سکے جو کہ افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ موجودہ صورتحال نے ملازمین کو شدید اضطراب میں مبتلا کر دیا ہے۔ اگر حکومت نے فوری طور پر ڈی آر اے سمیت دیگر جائز مطالبات تسلیم نہ کیے تو ملازمین اپنے حقوق کے حصول کے لیے احتجاج کا دائرہ مزید وسیع کرنے پر مجبور ہوں گے، جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوگی۔

ملک عبدالعلی کاکڑ: اصول، وقار اور خدمت کی علامت

تحریر: ملک عبدالرشید کاکڑ



بلوچستان کی سیاسی و قبائلی تاریخ میں بعض شخصیات ایسی ہیں جو اپنے عہد سے آگے تک زندہ رہتی ہیں اور ہمیشہ زندہ رہتی ہیں، ان کے افکار، کردار اور خدمات وقت کی گرد میں دبنے کے بجائے مزید نمایاں ہو جاتی ہیں۔ بی این پی کے سینئر رہنما اور ممتاز قبائلی شخصیت ملک عبدالعلی کاکڑ بھی انہی درخشاں ناموں میں شامل ہیں، جن کی 16 ویں برسی 19 جنوری کو عقیدت و احترام سے منائی جا رہی ہے۔ ملک عبدالعلی کاکڑ کا شمار ان رہنماؤں میں ہوتا تھا جنہوں نے سیاست کو ذاتی مفادات نہیں بلکہ عوامی خدمت کا ذریعہ بنایا۔ وہ سادگی، اصول پسندی اور بردباری کی عملی تصویر تھے۔ ان کی گفتگو میں شائستگی، فیصلوں میں تدبر اور طرز عمل میں وقار نمایاں تھا۔ یہی وجہ تھی کہ وہ نہ صرف اپنے قبیلے بلکہ مختلف سیاسی و سماجی حلقوں میں بھی عزت و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ ایک قبائلی رہنما، ملک عبدالعلی کاکڑ نے ہمیشہ روایتی قبائلی اقدار کو انصاف، برداشت اور باہمی احترام کے ساتھ جوڑے رکھا۔ تنازعات کے حل میں ان کی رائے کو حرف آخر سمجھا جاتا تھا کیونکہ وہ فیصلے جذبات کے بجائے عقل اور فہم کی بنیاد پر کرتے تھے۔

(بی این پی) سے وابستہ رہے اور پارٹی کے نظریاتی مؤقف، آئینی جدوجہد، صوبائی حقوق اور عوامی مسائل کے لیے آواز بلند کرتے رہے۔ انہوں نے اقتدار کی سیاست کے بجائے شعور کی سیاست کو ترجیح دی۔ ان کا یقین تھا کہ پائیدار تبدیلی نعروں سے نہیں بلکہ مسلسل جدوجہد، مکالمے اور عوامی اعتماد سے آتی ہے۔ ملک عبدالعلی کاکڑ نوجوانوں کے لیے بھی ایک روشن مثال تھے۔ وہ تعلیم، شعور اور مثبت سیاسی تربیت کو قوم کی ترقی کی بنیاد سمجھتے تھے۔ ان کا ماننا تھا کہ باشعور نوجوان ہی بلوچستان کا اصل سرمایہ ہیں، اور یہی سوچ ان کی فکر کو آج بھی زندہ رکھے ہوئے ہے۔ ان کی 16 ویں برسی کے موقع پر کوئٹہ پریس کلب میں منعقد ہونے والا تعزیتی ریفرنس اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ملک عبدالعلی کاکڑ صرف ایک فرد نہیں بلکہ ایک فکر تھے۔ اس ریفرنس میں سیاسی و قبائلی شخصیات، وکلاء، برادری اور سول سوسائٹی کی شرکت اس امر کی غمازی کرتی ہے کہ ان کی خدمات کو آج بھی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ ملک عبدالعلی کاکڑ جسمانی طور پر ہمارے درمیان موجود نہیں، مگر ان کا کردار، ان کی سوچ اور ان کی جدوجہد آج بھی زندہ ہے۔ ایسی شخصیات صدیوں میں پیدا ہوتی ہیں، اور قومیں انہیں یاد رکھ کر ہی اپنا راستہ روشن کرتی ہیں۔

عوامی اشتہارات
MASHRIQ CLASSIFIED

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبے سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں "ادارہ" کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔

☆۔اوور رائٹنگ اور مشکوک الفاظ والے مسودے کے غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

☆۔2 فون نمبروں میں سے ایک غلط یا فون نمبر اور ایڈریس میں سے ایک اتفاقیہ غلط شائع ہونے کی صورت میں "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔ مقررہ تاریخ سے پہلے شائع ہو جائے تو دوبارہ شائع نہیں ہوگا۔

☆۔غلط اشتہار شائع ہونے کی صورت میں (3) دن میں ہمیں اپنی تحریری شکایت درج کرائیں ورنہ "ادارہ" ذمہ دار نہ ہوگا۔

☆۔اگر کسی وجہ سے کوئی اشتہار شائع ہونے سے رہ گیا ہو تو "ادارہ" اسکو دوسرے دن شائع کرنے کا مجاز ہوگا۔

موجودہ دور میں ڈیجیٹل مہارتیں وقت کی اہم ضرورت ہیں، کمشنر سبی ڈویژن

مقصد نوجوانوں بالخصوص خواتین کو فری لانسنگ، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، ویب ڈیولپمنٹ، گرافک ڈیزائننگ اور ای کامرس کے شعبوں میں مفت تربیت فراہم کرنا ہے

خواتین کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور سبی ڈویژن میں اس پروگرام کا آغاز اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے، اسد اللہ فیض

سبی (خ ن) کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے ای روزگار انیشیٹو کے تحت ڈویژنل پبلک سکول سبی میں جدید ڈیجیٹل کمپیوٹر لیب کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ای روزگار پروگرام کے حوالے سے ایک پروقار تقریب بھی منعقد کی گئی۔ تقریب میں مس سکینہ عبداللہ خان (سی ای او ویب آرگنائزیشن، چیئرپرسن کک فاؤنڈیشن، ممبر ورکرز ویلفیئر بورڈ)، پرنسپل ڈویژنل پبلک سکول حافظ اسد، خواتین اساتذہ اور طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جبکہ نعت رسول مقبول ﷺ بھی پیش کی گئی۔ تقریب کے آغاز میں مس سکینہ عبداللہ خان نے شرکاء کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ ای روزگار انیشیٹو حکومت پاکستان کا ایک اہم پروگرام ہے جس کا مقصد نوجوانوں بالخصوص خواتین کو فری لانسنگ، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، ویب ڈیولپمنٹ، گرافک ڈیزائننگ اور ای کامرس کے شعبوں میں مفت تربیت فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ پروگرام خصوصی طور پر خواتین کو ڈیجیٹل مہارتیں سکھا کر روزگار کے مواقع فراہم کرنے کا ایک مؤثر اقدام ہے، جسے کمشنر سبی ڈویژن کی خصوصی دلچسپی اور کاوشوں سے عملی جامہ پہنایا گیا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے کہا کہ موجودہ دور میں ڈیجیٹل مہارتیں وقت کی اہم ضرورت ہیں اور ای روزگار جیسے پروگرام خواتین کو بااختیار بنانے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کو باعزت روزگار کے مواقع فراہم کرنا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے اور سبی ڈویژن میں اس پروگرام کا آغاز اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ کمشنر سبی نے اعلان کیا کہ ای روزگار پروگرام کے تحت پہلی خاتون جو فری لانسنگ یا ای روزگار کے ذریعے 200 ڈالر کمائیں گی انہیں بطور انعام ایک لیپ ٹاپ دیا جائے گا۔ واضح رہے کہ ٹیکنیکل ٹریننگ سبی کی ایک معلمہ نے کمشنر سبی ڈویژن کو درخواست دی تھی جس میں انہوں نے کمپیوٹر لیب کی عدم دستیابی کے باعث طلباء کو درپیش مشکلات سے آگاہ کیا تھا، جس پر کمشنر سبی نے اس مسئلے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے آج منعقدہ پروگرام کے دوران خود متعلقہ معلمہ کو لیپ ٹاپ فراہم کیا۔ آخر میں کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض نے اس امید کا اظہار کیا کہ ای روزگار انیشیٹو خواتین کے لیے روشن مستقبل کی بنیاد ثابت ہوگا اور وہ ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کے ذریعے نہ صرف خود مختار ہوں گی بلکہ ملکی معیشت میں بھی مثبت کردار ادا کریں گی۔

عوامی مفاد کے منصوبوں میں کوتاہی برداشت نہیں، اسسٹنٹ کمشنر

تعمیراتی منصوبوں کی مقررہ وقت کے اندر تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

موسیٰ خیل (خ ن) حکومت بلوچستان کے احکامات اور ڈپٹی کمشنر کی ہدایات کی روشنی پر اسسٹنٹ کمشنر درگ نے بی ایس ڈی آئی (BSDI) کے زیر اہتمام زیر تعمیر سابقہ لیویز موجودہ پولیس چیک پوسٹ، تنگی سر اور شہوزہ تونسہ شریف روڈ پہ سائیڈ پروٹیکشن دیوار کے کام کا معائنہ کیا۔ دورے کے دوران اسسٹنٹ کمشنر نے جاری ترقیاتی کاموں کی رفتار اور معیار کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ انہوں نے کام کے مجموعی معیار پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ ٹھیکیداروں کو سخت ہدایات جاری کیں کہ تعمیراتی کام میں بہترین میٹریل کا استعمال اور منصوبوں کی مقررہ وقت کے اندر تکمیل کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوامی مفاد کے ان منصوبوں میں کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی تاکہ پولیس فورس کو اپنی پیشہ ورانہ خدمات کی انجام دہی کے لیے بہتر ماحول میسر آ سکے اور روڈ کی تکمیل سے لوگ فائدہ اٹھا سکیں۔

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار ڈاکٹر نسیم کا بی ایچ یو باروئی کا دورہ

ایمرجنسی میں فراہم کی جانے والی سہولیات کا باریک بینی سے جائزہ لیا

خضدار (آن لائن) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر خضدار ڈاکٹر نسیم لانگو نے گزشتہ روز تحصیل نال میں قائم سول ہسپتال نال، بیسک ہیلتھ یونٹ (بی ایچ یو) باروئی اور ڈی ورنیلی کا اچانک اور تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ڈرگ انسپکٹر خضدار ڈاکٹر رشید احمد بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈی ایچ او خضدار نے دورے کے دوران طبی مراکز میں عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، صفائی ستھرائی کی صورتحال، ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور ایمرجنسی میں فراہم کی جانے والی سہولیات کا باریک بینی سے جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے ملاقات کر کے دستیاب طبی سہولیات کے معیار سے متعلق رائے بھی حاصل کی۔ معائنے کے دوران متعدد ملازمین غیر حاضر پائے گئے، جس پر قواعد و ضوابط کے تحت فوری کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ان کی تنخواہوں میں کٹوتی کے احکامات جاری کیے گئے۔ ڈی ایچ او خضدار نے موقع پر موجود طبی عملے کو واضح الفاظ میں ہدایت کی کہ سرکاری فرائض میں غفلت اور لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اور نظم و ضبط کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف سخت تادیبی کارروائی کی جائے گی۔ ڈاکٹر نسیم لانگو نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو معیاری اور بروقت طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے اچانک دوروں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا تاکہ صحت کے مراکز میں نظم و ضبط، شفافیت اور عوامی اعتماد کو یقینی بنایا جا سکے۔

کوہلو، سیاسی کارکنان کی نیشنل پارٹی میں شمولیتی تقریب

کوئٹہ (آن لائن) کوہلو بارکھان جیسے علاقوں میں سیاسی کارکن نے روایتی وغیر جمہوری عناصر کو اپنے منظم جدوجہد سے شکست دی۔ لاپتہ افراد کا مسئلہ انتہائی سنگین ہے فوری حل کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی ممبر مرکزی کمیٹی چیئرمین محراب بلوچ نے شمولیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر میر عرض بلوچ سردار یاسین مری صالح مری نے اپنے ساتھیوں سمیت نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی۔ تقریب میں نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو مرکزی سوشل میڈیا سیکرٹری سعد بلوچ اراکین مرکزی کمیٹی میر عبدالخالق بلوچ میر کریم کھیتران ڈاکٹر رمضان ہزارہ صوبائی خواتین سیکرٹری و رکن بلوچستان اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ سمیت دیگر موجود تھے۔ نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے نئے شامل ہونے والے دوستوں کی شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ کوہلو اور بارکھان میں نیشنل پارٹی ایک منظم قوت بن گئی ہے۔

جھالاوان عوامی پینل کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی پر اطمینان کا اظہار

کارروائی خضدار پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عوامی تحفظ کے عزم کا واضح ثبوت ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) جھالاوان عوامی پینل کے رہنما میر محمد کریم ریئسانی نے ایس ایچ او سٹی خضدار منیر عالم بنگش کی جانب سے قومی شاہراہ پر سرگرم جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کامیاب اور بروقت کارروائی پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی خضدار پولیس کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور عوامی تحفظ کے عزم کا واضح ثبوت ہے، جس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں میر محمد کریم ریئسانی نے کہا کہ ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر کی مؤثر نگرانی اور قیادت میں ایس ایچ او سٹی منیر عالم بنگش نے جرائم کے خلاف کارروائیوں میں کلیدی کردار ادا کرتے ہوئے اپنی جرأتمندانہ قیادت، بروقت فیصلہ سازی اور اعلیٰ پیشہ ورانہ صلاحیتوں سے یہ ثابت کر دیا ہے کہ وہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے ہر وقت مستعد اور چوکس ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب سے منیر عالم بنگش نے ایس ایچ او سٹی کا چارج سنبھالا ہے، شہر اور گرد و نواح میں جرائم پیشہ عناصر کی سرگرمیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے اور جرائم پیشہ افراد کی نیندیں حرام ہو چکی ہیں۔ منشیات فروشوں، چوروں اور راہزنی میں ملوث عناصر کے خلاف ان کی مسلسل اور بلا امتیاز کارروائیاں قابل ستائش ہیں، جن میں ایس ایچ او سٹی منیر عالم بنگش نے نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ میر محمد کریم ریئسانی نے کہا کہ ایس ایچ او سٹی منیر عالم بنگش کی حالیہ کارروائی کو اہلیان وہیر سمیت عوامی، سماجی اور سیاسی حلقوں میں زبردست پذیرائی حاصل ہو رہی ہے، کیونکہ اس سے عوام میں تحفظ کا احساس پیدا ہوا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ منیر عالم بنگش ایک فرض شناس، مخلص، عوام دوست اور باصلاحیت پولیس افسر ہیں جنہوں نے خضدار شہر اور اس کے گرد و نواح میں امن و امان کے قیام کے لئے مثالی اور کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، گرفتار ہونے والا گروہ خضدار سے وڈھ کے درمیان قومی شاہراہ پر مسافروں اور عام شہریوں کو لوٹنے میں ملوث تھا۔

فشریز کے غیر حاضر ملازمین کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی

ضلع گوادر میں پانی کے بحران پر قابو پانے کے لیے 50 کروڑ روپے منظور ہو گئے

پسنی / گوادر (آن لائن) محکمہ فشریز کے غیر حاضر ملازمین کے خلاف انکوائری کر کے ان کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی جائے گی۔ ڈپٹی کمشنر گوادر کا کھلی کچہری میں اظہار خیال۔ ضلع گوادر میں پانی کے بحران پر قابو پانے کے لیے 50 کروڑ روپے منظور ہو گئے ہیں، 314 سیلاب متاثرین کو وزیراعظم پاکستان کی جانب سے امدادی رقم کی منظوری ہو گئی ہے۔ ضلع گوادر کے اسکولوں کے لیے 114 خالی اسامیوں پر ٹیسٹ انٹرویو دو روز میں ہو رہے ہیں۔ کچہری میں پسنی سے تعلق رکھنے والے سیاسی پارٹیوں کے کارکنان سمیت ماہی گیروں نے مختلف مسائل ڈپٹی کمشنر گوادر کے سامنے پیش کیے جس میں اہم مسئلہ سندھی ناخدا اور مقامی ماہی گیروں کے مابین جاری تنازعہ تھا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے بتایا کہ ضلع گوادر میں پانی کے مسئلے کے حل کے لیے صوبائی حکومت کی جانب سے 50 کروڑ روپے منظور کیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع گوادر میں اسکولوں کے 114 خالی اسامیوں کے لیے ٹیسٹ وانٹرویو ایک دو روز میں ہو رہے ہیں اور مختلف اسکولوں کے خالی اسامیاں پر کی جائیں گی جبکہ سمندری طوفان سے متاثرہ 314 ماہی گیروں کی لسٹ ترتیب دیا گیا تھا جن کے امداد کی منظوری وزیراعظم پاکستان نے دی ہے۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نے کہا ہے کہ زرین ہاؤسنگ اسکیم کے ایک ہزار ایکڑ پر مشتمل اراضی پر پسنی کے عوام کو ایک بہترین ہاؤسنگ اسکیم بنا کر دی جائے گی۔ مطابق ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کے زیر صدارت ایک کھلی کچہری کا انعقاد اسسٹنٹ کمشنر آفس پسنی میں کیا گیا۔ کھلی کچہری میں ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر شکور، کمانڈنٹ پاک آرمی طارق علی، اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری سمیت مختلف سرکاری اداروں کے افسران بھی موجود تھے۔

اظہار لاتعلقی / عاق نامہ

میں محمد اسلم ولد نیک محمد شناختی کارڈ نمبر 5440044659387 سکنہ محلہ مسلم ٹاؤن عیسیٰ نگری بروری روڈ کوئٹہ میں اپنے ہوش و حواس میں اپنے بیٹے کلیم اسلم ولد محمد اسلم کو بوجہ نافرمانی اور بری صحبت کی وجہ سے مورخہ 17/1/2026 کو اظہار لاتعلقی اور اپنی منقولہ و غیر منقولہ جائیداد سے عاق کرتا ہوں آج کے بعد کلیم اسلم کے ساتھ کوئی لین دین نہیں ہوگا میں اور میرے بیٹوں کی منقولہ اور غیر منقولہ جائیداد میں کلیم اسلم کا کوئی عمل دخل نہیں ہوگا۔ کلیم اسلم کے ساتھ جو بھی شخص کاروبار یا لین دین کرے گا وہ اپنے نفع و نقصان کا خود ذمہ دار ہوگا۔

R 62656

تلاش گمشدہ

میری موٹر سائیکل کے کاغذات رجسٹریشن نمبر ML7216 بنام حضرت نور ولد عبداللہ جان سبزل روڈ پر کہیں گم ہوگئے ہیں ملنے پر مطلع کریں۔ المشتہر حضرت عمر ولد عبداللہ جان رابطہ 03198351162 چلتن



چمن فوجی مارکیٹ میں سٹور کے افتتاح کے موقع پر انجمن تاجران کے چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

اقلیتی آبادی کے مسائل انکی دہلیز پر جا کر سنیں گے، سنجے کمار پنجوانی

رکن صوبائی اسمبلی نے مندروں کا وزٹ اور گزشتہ سال کی پی ایس ڈی پی میں دی گئی اسکیمات کا افتتاح کیا

بلوچستان میں رہنے والی اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے، میڈیا سے گفتگو

بھاگ (نامہ نگار) رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان برائے اقلیتی امور سنجے کمار پنجوانی نے بھاگ شہر کا دورہ کیا۔ دورے کے موقع پر جے شکتی ویلفیئر سوسائٹی کے صدر گیان چند منتش ساگر کمار منتش کمار لال منتش للی چند سنتوش کمار نانک چند جسی سنگھ کور لال چند لال پنساری سردار رمیش کمار سردار سنتوش سنگھ نارائن داس چودھری رمیش کمار خیراج کمار گیلا رام اور دیگر ہندو پنچایت کے رہنما اور مختلف ... میں رہتی ہے اور یہاں پر قدیمی مندر اور قریب ہی میں تاریخی جلال خان مندر بھی موجود ہیں۔ آج ہم نے تمام مندروں کا وزٹ کیا اور گزشتہ سال کی پی ایس ڈی پی میں دی گئی اسکیمات کا افتتاح بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ پی ایس ڈی پی میں بھی اقلیتی برادری کی سفارشات کو مدنظر رکھا جائے گا اور بعض مندروں کے لیے ایکو سائونڈ کی فراہمی کے سلسلے میں بھی جلد اقدامات کیے جائیں گے۔ ... جلد سامنے آئیں گے۔ پانی کے مسئلے پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ ماہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے گرینڈ جرگہ منعقد کیا اور پانی کی صورتحال بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کا آغاز کیا ہے، جس کا کام جلد شروع ہو جائے گا۔ بھاگ کو ضلع کا درجہ دینے کے مطالبے پر گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ ایک مثبت مطالبہ ہے اور ہم اس سلسلے میں بھرپور کوشش کریں گے۔ ... خصوصی دلچسپی ہے اور بلوچستان میں رہنے والی اقلیتی برادری کی فلاح و بہبود کے لیے بھرپور اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کی اقلیتی آبادی کے مسائل ان کی دہلیز پر جا کر سنیں گے اور انہیں حل کرنے کی حتی الوسع کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ضلع کچھی کی تحصیل بھاگ میں اقلیتی برادری بڑی تعداد ...

گوادر، ڈی سی نقیب اللہ کاکڑ ماہی گیروں کے تنازع کے حل کے موقع پر افسران اور ماہی گیر نمائندوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

عوامی مسائل حل کرنا اولین ترجیح ہے، ظفر اللہ آغا

نادرا آفس کے قیام سے عوام کو سہولت میسر آئے گی

حلقہ انتخاب کے تمام علاقوں میں ترقیاتی کاموں کا جال بچھایا ہے

پشین (پ ر) ممبر صوبائی اسمبلی سید ظفر علی آغا نے کہا ہے کہ عوام کے مسائل عوام کی دہلیز پر فراہم کرنا اولین ترجیح ہے نادرا آفس کے قیام سے تحصیل کربلا اور گرد و نواح کے عوام کو شناختی کارڈ، بی فارم اور دیگر اہم دستاویزات کے حصول میں سہولت میسر آئے گی اور لوگوں کو دور دراز کا سفر نہیں کرنا پڑے گا جس سے وقت اور اخراجات دونوں میں کمی آئے گی محدود وسائل میں رہتے ہوئے عوامی مسائل کے حل کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں حلقہ انتخاب کے تمام علاقوں میں عوامی مشکلات کو مد نظر رکھتے ہوئے اپوزیشن میں ہونے کے باوجود ... کے مسائل کا مکمل ادراک ہے جن کے حل کیلئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا عوام کو درپیش مسائل بروقت حل کرنے کی خاطر انقلابی اقدامات سے دور رس نتائج برآمد ہونگے انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام کے منتخب عوامی نمائندوں نے ہمیشہ علاقے کی ترقی کیلئے کام کیا ہے حلقہ انتخاب کے تمام علاقوں میں ترقیاتی اسکیمات کے جو آثار نظر آرہے ہیں وہ جمعیت ہی کی مرہون منت ہے انہوں نے کہا کہ ماضی میں علاقے کو ہر سطح پر پسماندہ رکھا گیا لیکن جمعیت علماء اسلام نے تمام علاقوں میں یکساں بنیادوں پر تعلیم و صحت، ... کے فلاح و بہبود کیلئے منصوبے جاری رہیں گے

اوستہ محمد پریس کلب کے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد

نصیر آباد (نامہ نگار) پریس کلب ڈیرہ مراد جمالی کے صدر عبدالرزاق منگلوئی، سینئر نائب صدر علی جان منگی، جنرل سیکرٹری کے بی منگی سمیت دیگر عہدیداران اور ممبران نے اوستہ محمد پریس کلب کے نو منتخب عہدیداران کو باقاعدہ مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا ہے، اس موقع پر انہوں نے اوستہ محمد پریس کلب کے صدر سونا خان جمالی، سینئر نائب صدر عبدالحمید بلیدی، نائب صدر عبدالفتاح رند، جنرل سیکرٹری خادم حسین، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ذاکر حسین، فنانس سیکرٹری سلیم ابڑو، آفس سیکرٹری محمد رفیق، انفارمیشن سیکرٹری وحید علی، چیئرمین ورکنگ کمیٹی عبداللہ کھوسہ جبکہ ممبران محمد حنیف مینگل، غازی خان تنیو اور قربان علی چھجڑو کو خصوصی طور پر مبارکباد دی

سونا خان و دیگر کابینہ کو مبارکباد پیش کرتے ہیں، محمد حسن شکرانی

اوستہ محمد (آن لائن) انجمن تاجران آغا رحیم گروپ کے صوبائی سینئر نائب صدر محمد حسن بنگلزئی، چیئرمین حاجی سید سیدو صوبائی عمرانی، ... محمد صدیق ... خان ... سونا خان جمالی، نو منتخب کابینہ کے عہدیداران، سینئر نائب صدر عبدالحمید بلیدی، نائب صدر عبدالفتاح رند، جنرل سیکرٹری خادم حسین شکرانی، جوائنٹ سیکرٹری ذاکر حسین رند، فنانس سیکرٹری سلیم اختر ابڑو، انفارمیشن سیکرٹری وحید علی بزدو، آفس سیکرٹری محمد رفیق چندرانی، چیئرمین ورکنگ کمیٹی عبداللہ جان کھوسہ، ممبر ورکنگ کمیٹی غازی خان تنیو کو پھولوں کے ہار پہنا کر مبارکباد پیش کی، اس موقع پر ذوالفقار علی کھوسہ افتخار احمد کولاچی بھی موجود تھے۔

بسیمہ، سیاسی و قبائلی رہنماؤں کا اجلاس، نئے ضلع رخشان کے قیام کا مطالبہ

متفقہ فیصلہ، سب ڈویژن بسیمہ اور سب تحصیل ناگ پر مشتمل نیا ضلع تشکیل دیا جائے

بسیمہ (یو این اے) بلوچستان میں نئے اضلاع کی متوقع تشکیل کے حوالے سے بسیمہ ریسٹ ہاؤس میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت سیاسی و سماجی رہنما اور بی این پی کے سابق ضلعی صدر انجینئر سیف الرحمٰن عیسیٰ زئی نے کی۔ اجلاس میں مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں، قبائلی عمائدین، بلدیاتی نمائندوں، سماجی کارکنوں اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اجلاس میں حکومت بلوچستان کی جانب سے نئے اضلاع کی مجوزہ تشکیل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ شرکاء نے متفقہ طور پر مطالبہ کیا کہ سب ڈویژن بسیمہ اور سب تحصیل ناگ پر مشتمل نیا ضلع رخشان کے نام سے قائم کیا جائے۔ مزید براں، ناگ، شنگر، رخشان، شیریزہ، راغے، والی، گگ اور دیگر علاقوں میں مشاورتی اجلاس منعقد کرنے اور سب ڈویژن بسیمہ کے تمام شعبوں کے نمائندوں پر مشتمل ایک گرینڈ جرگہ کے انعقاد کا بھی فیصلہ کیا گیا، تاکہ اس دیرینہ عوامی مطالبے کو مؤثر انداز میں اعلیٰ حکام تک پہنچایا جا سکے۔ اجلاس میں شریک نمایاں شخصیات میں انجینئر سیف الرحمٰن عیسیٰ زئی، میر محمد ایوب عیسیٰ زئی، میر بالاچ خان روونجی، میر عزیز الرحمٰن، حافظ داود رحیم، میر سعید احمد عیسیٰ زئی، میر مولا بخش محمد حسنی، میر محمد اسلم عیسیٰ زئی اور دیگر شامل تھے۔

مقامی ماہی گیروں اور فش کمپنی مالکان کے مابین تنازعہ ختم، پسنی میں جاری ہڑتال ختم

دونوں فریقین گزشتہ پانچ برسوں سے اپنے مؤقف پر قائم تھے، عدالتی کارروائی کے باوجود مسئلہ حل نہیں ہو سکا تھا

رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، ڈاکٹر عبدالشکور اور اے سی پسنی خسرو بھی موجود تھے

گوادر / پسنی (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ نے مقامی ماہی گیروں اور فش کمپنی مالکان کے مابین گزشتہ پانچ سالوں سے جاری تنازعہ کو صرف دو ہفتوں میں کامیابی کے ساتھ حل کر دیا۔ تنازعہ کے حل کے موقع پر رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر گوادر ڈاکٹر عبدالشکور اور اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری بھی موجود تھے۔ واضح رہے کہ تمام فریقین نے باہمی رضامندی سے ڈپٹی کمشنر گوادر کو واحد ثالث تسلیم کرتے ہوئے معاملہ حل کرنے کا اختیار دیا تھا۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نے خود پسنی کا دورہ کر کے متعلقہ فریقین سے تفصیلی مشاورت کے بعد اس دیرینہ مسئلے کو ہمیشہ کے لیے حل کر دیا۔ تنازعہ کے خاتمے کے بعد پسنی میں جاری ہڑتال ختم کر دی گئی جبکہ سمندر میں ماہی گیری کا عمل بھی بحال ہو گیا، جس سے مقامی ماہی گیروں اور کاروباری طبقے میں اطمینان کی لہر دوڑ گئی۔ فیصلہ سازی کے موقع پر ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ، ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر عبدالشکور، اسسٹنٹ کمشنر پسنی خسرو دلاوری، ڈی ایس پی پولیس ملک احمد، انجمن تاجران پسنی کے صدر لیاقت بلوچ، کشتی مالکان کے نمائندہ شیخ عطا بلوچ فش کمپنی مالکان کے نمائندہ امام بخش عثمان اور ماہی گیروں کے نمائندے ناخدا عنایت بلوچ اور ناخدا رزاق بلوچ موجود تھے۔ اجلاس میں غیر مقامی ناخداؤں سے متعلق معاملات پر بھی اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا۔ یہ امر قابل ذکر ہے کہ دونوں فریقین گزشتہ ...

خضدار میں تقریری مقابلہ، حسن قرأت کا روح پرور پروگرام

خضدار (بیورو رپورٹ) جامعہ فاروقیہ سلطان آباد ...

TENDER NOTICE

TSE-252601944573 Note: In All Procurements of GOB Whether Through Electronic or Manual Bid Submission, It is Mandatory For All Bidders to Get Registered At Electronic Public Procurement System of BPPRA GOB. The EXECUTIVE ENGINEERII PROVINCIAL B&R CHAGI invites bids from Eligible Bidders for execution of following works for the Year 2026 based on Composite schedule rates 2023 on Percentage Rates

Tender Fee 1000 and Bid Security 3%

S.No	Name of Work/s	E/Cost
1	CONSTRUCTION OF BOUNDRY WALL 10 FT HEIGHT AND WATCH TOWER AT DC OFFICE DISTRICT CHAGAI (BSDI PHASE-II)	29,702,970

Procurements shall be made under the Balochistan Public Procurement Rules – 2014. **Eligibility of Bidders:** Presence in Active Tax Payer List The bidding firm must not be blacklisted by any procuring agency of Pakistan Balochistan Revenue Authority Registration is required The bidder must have completed 2 Assignment of similar nature of work Turn over of at least 20,792,079 PKR Amount in3 subsequent previous years showing financial capacity of the firm Original Authority letter on Judicial Stamp Paper duly attested Under taking on judicial stamp paper (duly attested) that the firm has never been involved in litigation with any Government / Semi Government Organization. Credit Line Certificate from Bank is required. Certified Audit Reports Prepared by Chartered Accountant appearing on the list of firm on ICAP directory as per international standard on Auditing. (Last Three Years) Two (02) Nos of completed scheme but not less then 70% of estimated cost 3% of Estimated Cost Rs. 1000/- in shape of green challan **Procedure Of Procurement:** Single Stage Two Envelope Bidding Procedure **Bid Security:** The bids must accompany Bid Security in the form of Bank Gurantee,Deposit at Call of 3 % specified above in the name of the under-signed from a scheduled bank. **Tender Documents:** The bidding documents can be obtained from the office of the under-signed 1,000 PKR **Issuance of tender Documents:** From the date of publication of NIT to 30 January, 2026during office hours on working days **Last Date of bid submission:** The Tenders must be submitted latest by 30 January, 2026till 12:00 PM. **Tender opening:** All tenders will be opened on same day at the office of the under-signed at 01:00 PM **Address:** B&R Office near UBL Londaon Road Dalbandin

Phone no: 3222570244 Email: adnanniazi4099@gmail.com

Executive Engineer Building CWPP&H Department District Chagai

PRQ No.3306/17-01-2026

www.dpr.gob.pk | @dpr_gob | dpr.gob | @dgpr.balochistan

Army Public Schools & Colleges System

Garrison Academy Quetta Cantt

Vacancy Announcement

- Applications are invited in following subjects for teaching in Garrison Academy Quetta.

Ser no.	Section	Subject	Required Qualification	Eligibility
1.	Junior Senior	English	M.A (English)	Female/Male
2.	Junior Senior	Mathematics	M.Sc (Maths)	Female/Male
3.	Junior Senior	Science	M.Sc (Zoology)	Female/Male
4.	Middle College	Computer	BSCS / BS IT	Female/Male
5.	Junior Senior	Islamiyat	M.A (Islamiyat)	Female/Male
6.	Middle Senior	History/Geography	M.A • Political Science • Pak Studies • IR	Female/Male
7.	Pre & Junior School	General	B.A/B.Sc	Female
8.	Nurse	-	Diploma in General Nursing	Female

- Applicants having teaching experience from a well reputed institute (English Medium) will be given preferably consideration.
- The CV bearing CNIC number and recent passport size photograph will be accepted till 3rd Feb, 2026.

PRINCIPAL
Garrison Academy Musa Road, Quetta Cantt.
Ph# 081-2842655/ Email: gag.gta@gmail.com

WAPDA — Decade of Dams

JOB OPPORTUNITY AS ENVIRONMENT HEALTH & SAFETY (EHS) EXPERT

WAPDA requires the services of a qualified and experienced professional as Environment, Health & Safety Expert for Warsak Hydroelectric Power Station 2nd Rehabilitation Project as per following details:

Sr. No.	Position	Place of Posting	Eligibility Criteria
01	Environment, Health & Safety Expert	Warsak HEPS 2nd Rehabilitation Project, Warsak	**Qualification:** BS (Hons) in Environmental Sciences / Bachelor's degree in Engineering (Civil, Electrical, Mechanical) from HEC recognized University along with NEBOSH International General Certificate **Experience:** 05 years of relevant experience and minimum 03 years of experience in International Donor Funded Projects. **Note:** Preference will be given to Pushto speaking candidate having KPK domicile.

Tenure: -
The appointment will be on contract basis initially for a period of 01 year with 06 months probation period extendable on satisfactory performance of the individual and requirement of the Organization till completion of the project.

Pay Package: -
Lumpsum Pay Package of Rs.200,000/- per month (including all perks & privileges)

Mandate / Charter of Duties:
- To assist Project management in fulfilling their responsibilities towards the Environmental and Social Management Plan (ESMP) / Environment, Health & Safety (EHS) plan.
- To oversee ESMP/EHS completion for rehabilitation works and existing facilities (Powerhouse, WAPDA Workshop).
- To conduct regular EHS risk assessments and audits for all project activities.
- To identify potential EHS risks, implement mitigation measures and maintain a risk register.
- To prepare, review and ensure timely submission of environmental and social monitoring reports on monthly, quarterly, bi-annually and annual basis to WAPDA management and donor agencies as per requirement.
- To maintain comprehensive documentation of all EHS activities, including incident reports, audits, inspections and corrective actions.
- To collaborate and coordinate with supervision consultants, contractors and WAPDA management on EHS matters.
- To engage with donor agencies, local authorities and communities to address EHS concerns.
- To develop and conduct EHS training programs for project staff, O&M staff and workers to enhance EHS awareness and compliance.
- To lead EHS awareness sessions and ensure personnel are informed about EHS policies and procedures.
- To investigate EHS incidents, accidents and near-misses, determine root causes and implement corrective actions.
- To integrate lessons learned into the project's EHS management system to prevent future incidents.

General Conditions & Instructions: -
- Prescribed application form is available on WAPDA's website (https://www.wapda.gov.pk).
- Only shortlisted candidates will be called for interview and no TA / DA will be admissible.
- WAPDA is an equal opportunity employer.
- Educational degrees must be from HEC recognized Universities / Concerned Boards duly verified.
- Original documents must be presented by the candidates at the time of interview.
- The candidates who have been weeded out of service on disciplinary ground as well as dismissed or debarred for future employment are not eligible to apply.
- The services on lumpsum pay package shall not be regularized at any stage.
- Applications carrying incomplete / incorrect information or received after last date of receipt shall be rejected. Any information found bogus at any stage during induction or later in service shall result in termination thereof.
- WAPDA reserves the right to withhold / cancel the recruitment process at any stage without assigning any reason.
- Candidates fulfilling the eligibility criteria specified above may submit their job applications on prescribed form alongwith a detailed CV, attested copies of all educational / experience certificates, domicile certificate, CNIC and 02 recent passport size photographs to **Director (Recruitment), B-26 WAPDA House, Lahore through courier / postal service within 15 days of publication of advertisement.**
- For any information / query, candidates may email on dgrectt@wapda.gov.pk or contact +92-42-99200483.

DIRECTOR (RECRUITMENT) WAPDA
B-26, WAPDA House, Lahore.
Phone No. 042-99200483

PID(L)1946/25 PRD(L)/WAPDA/191(2025-26)

روزنامہ مشرق کوئٹہ — اسپورٹس

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی پُراعتماد و دلکش بیٹنگ، 52 رنز بنائے

...اپنی اعتراف ثابت ہوا... تعداد نے میچ سے بھرپور لطف اٹھایا۔ میچ کا ٹاس چیف سیکرٹری الیون نے جیت کر چیف منسٹر الیون کو بیٹنگ کی دعوت دی۔ چیف منسٹر الیون کی جانب سے اننگز کا آغاز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور زاہد بگٹی نے کیا۔ دونوں کھلاڑیوں نے پہلی وکٹ کی شراکت میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے 119 رنز کی مضبوط پارٹنرشپ قائم کی اور ٹیم کو ... ہدف دیا جواب میں چیف سیکرٹری الیون کی ٹیم ہدف کے تعاقب میں 135 رنز پر آل آؤٹ ہوگئی۔ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان اور آئی جی پولیس محمد طاہر خان نے مزاحمتی بیٹنگ اور بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا تاہم ٹیم مطلوبہ ہدف حاصل نہ کرسکی۔ بولنگ کے شعبے میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری ترقیات ... میر سرفراز بگٹی کی آل راؤنڈ شاندار کارکردگی میچ کا نمایاں پہلو رہی جس نے نہ صرف ٹیم کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا بلکہ شائقین کی بھرپور توجہ بھی حاصل کی۔ دوسری جانب میچ میں فیلڈنگ کے دوران سردار کوہیار خان ڈومکی، بابر خان، سید امین جسن میر نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

ژوب، کھیلوں کو فروغ دینا اولین ترجیح ہے، چیئرمین میونسپل کمیٹی

...داؤد خان مندوخیل، سپورٹس آفیسر روزی خان شیرانی، عوامی نیشنل پارٹی کے کونسلر اجمل اعوان، جمعیت علماء اسلام کے کونسلر اللہ داد ناصر، مشاخان کاروان کے کونسلر عبداللہ خان کاکڑ، جمعیت نظریاتی کے کونسلر زوران خروٹی، عوامی نیشنل ... شاہ بران کاکڑ نے ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن کے عہدیداروں، کونسلروں اور معتبرین کے ہمراہ عرفان کاسی اسٹیڈیم کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن کھلاڑیوں اور کونسلروں نے چیئرمین میونسپل کمیٹی کا شکریہ ادا کیا

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، چیف منسٹر الیون اور چیف سیکرٹری الیون دوستانہ کرکٹ میچ میں بیٹنگ کا شاندار مظاہرہ کر رہے ہیں

بھارت کے آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ میں بھارتی کپتان نے بنگلادیشی کپتان سے ہاتھ نہ ملایا، ایونٹ کو بھی داغدار کردیا

آئی سی سی انڈر نائنٹین کرکٹ ورلڈ کپ کے میچ میں ٹاس کے موقع پر دونوں کپتانوں نے ہینڈ شیک نہیں کیا، آئی سی سی کے ایونٹ میں پہلی بار یہ واقعہ ہوا ہے

ایشیا کپ پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والے میچ کے موقع پر بھارتی کپتان سوریا کمار یادیو نے پاکستانی کپتان سلمان علی آغا سے ہاتھ نہیں ملایا

ہرارے (این این آئی) انڈر 19 ورلڈ کپ میں بھی بھارتی کپتان نے ٹاس کے وقت بنگلادیشی کپتان سے ہاتھ نہیں ملایا۔ آئی سی سی انڈر نائنٹین کرکٹ ورلڈ کپ کے میچ میں ٹاس کے موقع پر دونوں کپتانوں نے ہینڈ شیک نہیں کیا اور آئی سی سی کے ایونٹ میں پہلی بار یہ واقعہ ہوا ہے۔ بنگلادیش اور بھارت کے درمیان جاری کشیدگی اور پے در پے پیش آنے والے واقعات کا یہ تسلسل تھا۔ بنگلادیشی کھلاڑی مستفیض الرحمان کو آئی پی ایل فرنچائز کولکتہ نائٹ رائیڈرز سے باہر کرنے کا مطالبہ بھارت میں زور پکڑا تو کولکتہ نائٹ رائیڈرز نے مستفیض الرحمن کو ٹیم سے ریلیز کردیا۔ جواب میں بنگلادیش کرکٹ بورڈ نے اپنی ٹیم بھارت بھیجنے سے انکار کردیا اور آئی سی سی سے نیوٹرل وینیو کا مطالبہ کردیا۔ آئی سی سی نے اس معاملے پر بات چیت کیلئے دو رکنی وفد بنگلادیش بھیجنے کی تیاری کی تو بنگلادیش کی حکومت نے پہلے تو وفد میں شامل بھارتی گورو سکسینا کو ویزہ جاری کرنے سے انکار کردیا پھر آمادگی ظاہر کردی تاہم بھارت کی جانب سے ہاتھ نہ ملانے کے عمل کی بنیاد پچھلے سال ایشیا کپ ٹی ٹوئنٹی میں رکھی گئی تھی جب پاکستان اور بھارت کے درمیان ہونے والے میچ کے موقع پر بھارتی کپتان سوریا کمار یادیو نے پاکستانی کپتان سلمان علی آغا سے ہاتھ نہیں ملایا۔ پھر میچ کے بعد بھی یہی ہوا، کھلاڑیوں نے ہاتھ نہیں ملایا۔ اس ایونٹ میں تین مرتبہ پاکستان اور بھارت آمنے سامنے آئے اور تینوں مرتبہ کپتانوں اور کھلاڑیوں نے ایک دوسرے سے ہاتھ نہیں ملایا۔ رائزنگ اسٹار کے ایونٹ اور انڈر 19 ایشیا کپ کرکٹ میں بھی پاکستان اور بھارت کے کھلاڑیوں نے ہینڈ شیک نہیں کیا تھا جبکہ اس دوران دیگر کھیلوں میں پاکستان اور بھارتی کھلاڑی ایک دوسرے سے ہاتھ ملاتے رہے۔

3 مرتبہ سنوکر کے عالمی چیمپئن محمد آصف کو سنسنی خیز مقابلے میں شکست

شاہ خان نے سابق ایشین چیمپئن محمد سجاد کو 4-2 سے مات دے کر اپ سیٹ کیا

کراچی (این این آئی) 50 ویں قومی اسنوکر چیمپئن شپ میں تین مرتبہ کے عالمی چیمپئن محمد آصف کو دلچسپ اور سنسنی خیز مقابلے کے بعد 4-3 سے شکست دے دی جبکہ شاہ خان نے سابق ایشین چیمپئن محمد سجاد کو 4-2 سے مات دے کر اپ سیٹ کیا۔ این بی پی اسپورٹس کمپلیکس کے اسنوکر جمنازیم ہال میں جاری چیمپئن شپ پری کوارٹر فائنل راؤنڈ میں داخل ہوگئی۔ دیگر مقابلوں میں خضر عزیز نے صہیب، اسد عبدالجاوید نے آکاش رفیق، وسیم عباس نے علی زمان خان، شاہد آفتاب نے محمد یوسف، مدثر یعقوب نے دانیال شہزاد، ایم فیضان نے ایم فرحان، اویس اللہ منیر نے ذوالفقار اے قادر، ایم شہباز نے شاہ زیب رفیق اور برجیش خان نے آفتاب بیگ کو ہرا دیا۔

لاہور میں پاکستان کرکٹ بورڈ کا میچ ریفریز انڈکشن کورس ختم

لاہور (این این آئی) لاہور میں پاکستان کرکٹ بورڈ کا میچ ریفریز انڈکشن کورس ختم ہوگیا۔ قذافی سٹیڈیم لاہور میں 46 امیدواروں نے کورس میں شرکت کی۔ آئی سی سی ایلیٹ پینل امپائر احسن رضا اور میچ ریفری علی نقوی نے کورس کنڈکٹ کیا۔ شرکاء کو میچ ریفری کے کردار، قوانین اور کوڈ آف کنڈکٹ پر لیکچرز دیے گئے۔ کورس میں ڈک ورتھ لوئیس سٹرن طریقہ کار اور بولنگ ایکشنز پر بھی بریف کیا گیا۔ شرکاء نے تحریری امتحان اور وائیوا میں بھی شرکت کی۔ کامیاب امیدواروں کو آئندہ ترجیحی مراحل کے لیے منتخب کیا جائے گا

بنگلادیش کا آئی سی سی وفد میں شامل بھارتی اہلکار کو ویزا دینے سے انکار

وفد میں ہیڈ آف اینٹی کرپشن اینڈ سیکیورٹی بھارت سے تعلق رکھنے والے سینئر ایگزیکٹو شامل تھے

ڈھاکہ (آن لائن) بنگلادیش نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے لیے وینیوز کے معاملے پر بنگلادیش کا دورہ کرنے والے آئی سی سی وفد میں شامل بھارتی اہلکار کو ویزا دینے سے انکار کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق آئی سی سی کے دو رکنی وفد نے ورلڈ کپ کے وینیوز کے معاملے پر بنگلادیش کا دورہ کرنا تھا۔ آئی سی سی وفد میں ہیڈ آف اینٹی کرپشن اینڈ سیکیورٹی اینڈ ریو اینڈریو اور بھارت سے تعلق رکھنے والے سینئر ایگزیکٹو شامل تھے، بنگلادیش نے صرف ہیڈ آف اینٹی کرپشن اینڈ سیکیورٹی کو ویزا جاری کیا۔ بھارتی میڈیا کا کہنا ہے کہ اینڈریو اسٹیفر یو دو روزہ دورے پر آج بنگلادیش پہنچیں گے۔ آئی سی سی وفد کے دورے کا مقصد ورلڈ کپ کے وینیوز کی تبدیلی پر بات چیت کرنا تھی

ورلڈ کپ، پاکستانی انڈر 19 بیٹر علی رضا کی عجیب غلطی، خود کو رن آؤٹ کرا بیٹھے

ہرارے (آئی این پی) انگلینڈ انڈر 19 نے ہرارے کے تکاشنگا اسپورٹس کلب میں کھیلے گئے ورلڈ کپ میچ میں پاکستان کو 37 رنز سے شکست دے کر اپنی مہم کا فاتحانہ آغاز کیا، تاہم میچ کے اختتام پر ایک غیر معمولی واقعہ نے اس وقت سب کی توجہ حاصل کرلی، جب پاکستان کے بیٹر علی رضا غلط فہمی کے باعث خود ہی رن آؤٹ ہو گئے۔ یہ واقعہ 47 ویں اوور کی تیسری گیند پر پیش آیا جب مومن قمر نے مِنی لمڈاؤن کی گیند پر سنگل لینے کی کوشش کی۔ علی رضا اسٹرائیکر اینڈ تک پہنچ چکے تھے لیکن فیلڈر کی تھرو سے بچنے کے لیے غیر ضروری طور پر کریز سے باہر نکل گئے اور گیند وکٹ کیپر تک جا پہنچی دیا

کرکٹرز کا دفاع مہنگا پڑ گیا، بنگلہ دیشی عہدیدار کو جان سے مارنے کی دھمکیاں

یہ ان کی زندگی کا پہلا موقع ہے جب انہیں اس نوعیت کے حالات کا سامنا کرنا پڑا، محمد متھن

ڈھاکہ (آئی این پی) بنگلادیش کرکٹرز ویلفیئر ایسوسی ایشن (سی ڈبلیو اے بی) کے صدر محمد متھن نے انکشاف کیا ہے کہ کھلاڑیوں کے حق میں موقف اختیار کرنے پر انہیں جان سے مارنے کی دھمکیاں دی گئی ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ صرف وہ خود بلکہ قومی ٹیم کے کھلاڑی بھی بھارت میں سیکیورٹی خدشات کے باعث شدید دباؤ کا شکار ہیں، جس کے باعث آئندہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں شرکت سے متعلق خدشات جنم لے رہے ہیں۔ کرکٹ سے متعلق خبروں کی ویب سائٹ کرک بز سے گفتگو کرتے ہوئے محمد متھن نے کہا کہ انہیں بنگلادیش کرکٹ بورڈ (بی سی بی) کے ایک اعلیٰ عہدیدار کی جانب سے کھلاڑیوں کے خلاف توہین آمیز ریمارکس پر آواز اٹھانے کے بعد جان سے مارنے کی دھمکیاں موصول ہوئی ہیں۔ ان کے مطابق قومی ٹیم کے کھلاڑی آئندہ ماہ شروع ہونے والے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں شرکت کرنا چاہتے ہیں، تاہم بھارت میں سیکیورٹی خدشات کے باعث خوفزدہ ہیں۔ محمد متھن نے بتایا کہ انہی خدشات کے پیش نظر بنگلادیش نے اپنے لیگ میچز بھارت کے بجائے سری لنکا منتقل کرنے کی درخواست کی ہے۔ کرکٹرز ایسوسی ایشن کے صدر محمد متھن نے کہا کہ یہ ان کی زندگی کا پہلا موقع ہے جب انہیں اس نوعیت کے حالات کا سامنا کرنا پڑا۔ ان کے بقول وہ کبھی متنازع گفتگو کا حصہ نہیں رہے اور نہ ہی انہوں نے کبھی ملک کے خلاف کوئی بات کی۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ صرف کرکٹ اور کھلاڑیوں کے مفاد میں بات کر رہے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اس معاملے میں کوئی ذاتی مسئلہ شامل نہیں، لیکن چونکہ وہ ایک تنظیم کے صدر ہیں

محسن نقوی نے فرنچائزز کو اوپن آکشن فارمولا اپنانے کی تجویز دے دی

چیئرمین پی سی بی کی اس تجویز سے بعض اونرز متفق نظر آئے جبکہ دیگر ڈرافٹ کے ہی خواہاں ہیں

لاہور (آن لائن) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے چیئرمین محسن نقوی نے فرنچائزز کو اوپن آکشن فارمولا اپنانے کی تجویز دے دی، اس حوالے سے گورننگ کونسل میٹنگ میں اونرز سے بھی بات چیت ہوئی، ارکان نے 11 ویں ایڈیشن کا 26 مارچ کو ہی آغاز کرنے پر اتفاق کرلیا، ریٹینشن سمیت اہم امور پر بھی تبادلہ خیال جاری رہے گا۔ تفصیلات کے مطابق پی ایس ایل گورننگ کونسل کا اجلاس گزشتہ دنوں منعقد ہوا، دونوں نئی ٹیموں کے مالکان بھی شریک ہوئے، ذرائع کے مطابق ارکان نے 11 ویں ایڈیشن کا 26 مارچ کو ہی آغاز کرنے پر اتفاق کرلیا، اس سے قبل 23 تاریخ کو افتتاح کی تجویز سامنے آئی تھی۔ میٹنگ میں سب سے اہم معاملہ ڈرافٹ یا آکشن کے حوالے سے تھا، چیئرمین بورڈ محسن نقوی نے ٹیم اونرز کو قائل کرنے کی کوشش کی کہ اوپن آکشن فارمولے کو اپنایا جائے، اس کا کھلاڑیوں کو بہت فائدہ ہوگا، بعض اونرز اس سے متفق نظر آئے جبکہ دیگر ڈرافٹ کے ہی خواہاں ہیں، اس معاملے پر بات چیت جاری رہے گی، پلیئرز ریٹینشن پر بھی مزید تبادلہ خیال ہوگا، موجودہ نظام 8 کھلاڑیوں کو برقرار رکھنے کا ہے، تاہم 2 نئی ٹیموں کے اضافے سے ایسا ممکن نہیں رہا، اسی لیے پی سی بی چاہتا ہے کہ 3 پلیئرز فی ٹیم ریٹین ہوں، البتہ نئی فرنچائز صفر ریٹینشن کی حامی ہیں، پرانی ٹیمیں 5 کے حق میں ہیں

بگ بیش نے مجھے سکھایا کہ آسٹریلوی بڑے صاف گو کرکٹرز ہوتے ہیں، رانا نوید الحسن

بابر اعظم کو اسٹرائیک نہ دینے کے معاملے پر رانا نوید الحسن نے بی بی ایل میں کھیلنے کا تجربہ بتادیا

سڈنی (آن لائن) اسٹار بیٹر بابر اعظم کو اسٹیو اسمتھ کے اسٹرائیک نہ دینے کے معاملے پر پاکستان کے سابق کرکٹر رانا نوید الحسن نے بگ بیش لیگ میں کھیلنے کے تجربے کے حوالے سے بتا دیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر جاری کیے گئے بیان میں انہوں نے کہا کہ بگ بیش لیگ نے مجھے سکھایا کہ آسٹریلوی بڑے صاف گو کرکٹرز ہوتے ہیں۔ رانا نوید الحسن کا کہنا تھا کہ بی بی ایل کا ایک لمبے عرصے تک حصہ رہنے پر میں نے دیکھا کہ بڑی لیگز کیسے کام کرتی ہیں۔ پاکستان میں ٹیم کلچر کی طرح وہاں کھلاڑیوں کو بڑے ناموں کا کوئی خوف نہیں ہوتا۔ انہوں نے کہا کہ آسٹریلوی صرف صلاحیتوں پر یقین رکھتے ہیں، انٹرنیشنل کرکٹرز کے ساتھ جب آپ کھیلتے ہیں تو آپ کو امپیکٹ کے لحاظ سے جانچا جاتا ہے، اسٹیو اسمتھ نے جو عمل کیا وہ یہ ثابت کرتا ہے کہ وہ آپ کو کہاں دیکھتے ہیں۔ ان کا یہ بھی کہنا تھا کہ بابر اعظم اور محمد رضوان کو ماڈرن ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں اپنی اہلیت کے بارے میں دوبارہ سوچنے کی ضرورت ہے۔ واضح رہے

زمبابوے نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی تیاریوں کیلئے کورٹنی والش کی خدمات حاصل کرلی

ہرارے (آئی این پی) آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کیلئے زمبابوے نے اپنی تیاریوں کے سلسلے میں ویسٹ انڈیز کے لیجنڈری فاسٹ باؤلر کورٹنی والش کو سپورٹ اسٹاف میں شامل کرلیا۔ آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 7 فروری سے 8 مارچ تک کھیلا جائے گا جس میں زمبابوے گروپ بی میں شامل ہے جہاں اس کا مقابلہ آسٹریلیا، آئرلینڈ، عمان اور سری لنکا سے ہوگا۔ زمبابوے کرکٹ کے مینیجنگ ڈائریکٹر گیوور ماکونی کا کہنا ہے کہ کورٹنی والش کی تقرری کا مقصد عالمی ایونٹ سے قبل ٹیم کی تکنیکی صلاحیتوں کو مزید بہتر بنانا ہے۔

یوراج اور سہواگ ٹکرا جائیں تو جیبوں سے 5-6 کروڑ روپے گر جائیں، محمد کیف

یہ دونوں میرے مقابلے میں کہیں زیادہ امیر ہیں، میں تو ان سے بہت غریب ہوں، بات چیت

نئی دہلی (آن لائن) سابق بھارتی کرکٹر محمد کیف نے اپنے پرانے ساتھیوں یوراج سنگھ اور وریندر سہواگ کے ساتھ خوشگوار تعلقات کا ذکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ دونوں ان کے مقابلے میں کہیں زیادہ امیر ہیں۔ نیٹ فلکس کے شو 'دی گریٹ انڈین کپل شو' کی آئندہ قسط سے ایک ٹیزر سوشل میڈیا پر وائرل ہے۔ اس مختصر ویڈیو میں محمد کیف نے ہلکے پھلکے انداز میں بتایا کہ اگر یوراج اور سہواگ ایک دوسرے سے ٹکرا جائیں تو ان کی جیبوں سے 5-6 کروڑ روپے گر جائیں، میں ان کے مقابلے میں بہت غریب ہوں۔ وائرل کلپ میں دیکھا جا سکتا ہے کہ محمد کیف کے اس بیان پر یوراج سنگھ نے ان سے سوال کیا کہ وہ اس وقت کون سے برانڈ کے جوتے پہنے ہوئے ہیں جس پر کیف نے بین الاقوامی شہرت یافتہ مہنگے ترین برانڈ کا نام لیا۔ واضح رہے کہ محمد کیف، یوراج سنگھ اور وریندر سہواگ نے 2000 کی دہائی میں بھارتی ٹیم کے لیے ایک ساتھ کھیلا تھا۔

دبئی ایک بار پھر عالمی کھیلوں کا مرکز، رگبی سیونز سیریز کا آغاز

دبئی (آئی این پی) دبئی میں عالمی سپورٹس سرگرمیوں کے سلسلے میں ایک اور بڑا ایونٹ شروع ہوگیا جہاں انٹرنیشنل رگبی سیونز سیریز کے میچز کھیلے جا رہے ہیں۔ ٹورنامنٹ میں مختلف ممالک کی قومی ٹیمیں شرکت کررہی ہیں، جس سے دبئی ایک بار پھر بین الاقوامی کھیلوں کی توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ یہ ٹورنامنٹ ایک نئے اسپورٹس پاتھ وے ماڈل کے تحت منعقد کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد عالمی سطح پر رگبی کھیل کو فروغ دینا اور مستقبل کے بڑے مقابلوں خصوصاً لاس اینجلس اولمپکس 2028 کے لیے کھلاڑیوں کو تیار کرنا ہے

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی، چیف منسٹر الیون اور چیف سیکرٹری الیون دوستانہ کرکٹ میچ کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

40 رنز کا ہدف، ٹیم 37 رنز پر ڈھیر، کرکٹ کی تاریخ کا 253 سالہ ریکارڈ پاش پاش

[illegible]

روزنامہ مشرق کوئٹہ — شہر شہر پیارا بلوچستان

بھاگ کو ضلع بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے، آل پارٹیز ایکشن کمیٹی

تمام اختلافات سیاسی رنجشوں کو پس پشت ڈال کر بھاگ کے وسیع تر مفاد میں جدوجہد کی جائے گی، عبدالستار ہنگلزئی

پانی کے بحران پر تشویش ہے، پانی جیسی بنیادی ضرورت کی عدم دستیابی عوام کے لیے ناقابل برداشت ہوتی جا رہی ہے

بھاگ (نامہ نگار) آل پارٹیز ایکشن کمیٹی بھاگ کا اجلاس زیر صدارت چیئرمین عبدالستار ہنگلزئی منعقد ہوا اجلاس میں بھاگ کو ضلع بنانے کے حوالے سے منظم تحریک چلانے پر غور و خوض کیا گیا اجلاس میں متفقہ طور پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ بھاگ کو ضلع بنانے کا مطالبہ کسی ایک سیاسی جماعت، شخصیت یا طبقے تک محدود نہیں بلکہ یہ پورے بھاگ شہر اور گردونواح کے عوام کا اجتماعی دیرینہ اور جائز حق ہے جسے ہر صورت پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا اجلاس میں متفقہ فیصلہ کیا گیا کہ کل بروز اتوار مفتی کفایت اللہ کی میزبانی میں منعقد ہونے والے بھاگ کو ضلع بناؤ مشاورتی اجلاس میں تمام سیاسی سماجی مذہبی قبائلی اور عوامی نمائندے بھرپور شرکت کریں گے اور اس تحریک کو ایک مضبوط عوامی آواز میں تبدیل کیا جائے گا شرکاء نے واضح کیا کہ اب وقت آچکا ہے کہ تمام باہمی اختلافات مفادات اور سیاسی رنجشوں کو پس پشت ڈال کر صرف اور صرف بھاگ کے وسیع تر مفاد میں یکجا ہو کر جدوجہد کی جائے گی اجلاس میں نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری واجہ چنگیز حئی بلوچ چیئرمین میونسپل کمیٹی بھاگ ارباب قادر بخش ابڑی تمام سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں بلدیاتی نمائندوں سمیت ٹریڈ یونین اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی مقررین نے کہا کہ بھاگ کو ضلع بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ انتظامی طور پر بھاگ نہ صرف تاریخی حیثیت رکھتا ہے بلکہ جغرافیائی آبادی اور عوامی سہولیات کے اعتبار سے بھی ضلع بننے کی مکمل اہلیت رکھتا ہے شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ آئندہ تمام فیصلے مشاورت اتفاق رائے اور اجتماعی سوچ کے تحت کیے جائیں گے اور اس تحریک کو کسی بھی صورت ذاتی تشہیر یا سیاسی پوائنٹ اسکورنگ کی نذر نہیں ہونے دیا جائے گا اس حوالے سے علاقائی ایم پی اے اور ایم این اے سے ملاقات کی جائے گی اجلاس کے آخر میں شہر میں پانی کی شدید قلت اور بڑھتے ہوئے بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا

چمن، انجمن تاجران کے چیئرمین حبیب اللہ اچکزئی سٹور کا افتتاح کر رہے ہیں

حقوق العباد پر عمل موجودہ بحرانوں کا واحد حل ہے، مفتی محمد صادق آغا

سول سوسائٹی، علما اور میڈیا کو قرآن و سنت سے عوامی شعور بیدار کرنا ہوگا، بیان

کوئٹہ (پ ر) موجودہ دور کے پیچیدہ سماجی، معاشی اور اخلاقی بحرانوں کا حل قرآن مجید اور سنت رسول ﷺ میں موجود واضح اصولوں پر عمل میں مضمر ہے۔ حقوق العباد کی پاسداری کے بغیر نہ فرد کی اصلاح ممکن ہے اور نہ ہی معاشرے میں امن، انصاف اور انسانی وقار قائم رہ سکتا ہے۔ قرآن مجید انسان کو اشرف المخلوقات قرار دیتا ہے اور اس کی جان، مال، عزت اور آزادی کے تحفظ کو بنیادی ذمہ داری بناتا ہے۔ ایک انسان کی جان بچانا پوری انسانیت کو بچانے کے مترادف ہے، جب کہ ناحق قتل اور ظلم پوری انسانیت کے خلاف جرم ہے۔ ان خیالات کا اظہار امید فاؤنڈیشن بلوچستان کے جنرل سیکرٹری اور سول سوسائٹی نیٹ ورک بلوچستان چیپٹر کے صوبائی صدر مفتی سید محمد صادق آغا نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا انہوں نے حدیث مبارکہ کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔" یہ تعلیم آج کے معاشرتی رویوں کے لیے واضح رہنمائی فراہم کرتی ہے۔ حقوق العباد میں والدین، پڑوسی، یتیم، مسکین، عورت، مزدور اور اقلیتیں سب شامل ہیں اور ان میں سے کسی ایک کے حق کی پامالی پورے معاشرتی توازن کو بگاڑ دیتی ہے۔ مفتی سید محمد صادق آغا نے کہا کہ بدعنوانی، ذخیرہ اندوزی، جھوٹ، ملاوٹ اور استحصال دراصل حقوق العباد کی سنگین خلاف ورزیاں ہیں، جن کے نتائج اجتماعی بدامنی اور اخلاقی زوال کی صورت میں سامنے آتے ہیں۔ اسلام صرف عبادات کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک مکمل ضابطہ حیات ہے جو سماجی انصاف، مساوات اور انسانی وقار کو یقینی بناتا ہے۔ انہوں نے سول سوسائٹی کے کردار پر بات کرتے ہوئے کہا کہ سماجی تنظیمیں، علما، اساتذہ اور میڈیا کو مل کر قرآن و سنت کی روشنی میں عوامی شعور اجاگر کرنا ہوگا۔ اگر معاشرے میں برداشت، رحم دلی اور عدل کو فروغ دیا جائے تو نہ صرف تنازعات کم ہوں گے بلکہ پائیدار امن کی بنیاد بھی مضبوط ہوگی

سردار غلام رسول عمرانی عوام کیلئے امید کی کرن ہے، اشرف جنگ

صوبائی مشیر تمام یونین کونسلوں کو ترقی میں شامل کر کے ریکارڈ قائم کر دیا ہے، بیان

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد کے رہنما کامریڈ محمد اشرف جنگ نے کہا ہے کہ عمرانی قبیلے کے سربراہ چیف آف عمرانی سردار بابا غلام رسول عمرانی بحیثیت مشیر وزیراعلیٰ بلوچستان نصیر آباد کی تاریخ میں تمام وزراء مشیر اور ارکان پارلیمنٹ کے ریکارڈ توڑ کر عوامی خدمت میں پیش پیش نصیر آباد عوام کو موصوف سے جو امیدیں وابستہ ہیں انہیں تسلسل سے پورے کرنے کی بھرپور کوششوں میں مصروف العمل ہے وہ وقت دور نہیں کہ وہ حلقہ پی بی 14 تمبو نصیر آباد کو ایک ترقی یافتہ حلقہ بنا کر دم لیں گے یہ بات محمد اشرف جنگ نے نصیر آباد کے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد اشرف جنگ نے کہا کہ نصیر آباد کے دیہی علاقے ترقی سے محروم تھے صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول عمرانی نے حلقہ پی بی 14 تمبو نصیر آباد کے تمام غیر ترقی یافتہ یونین کونسلوں کو ترقی میں شامل کر کے ریکارڈ قائم کر دیا ہے ان شاء اللہ تعالیٰ سردار موصوف مزید عوام کے اعتماد پر پورا اتر کر زندگی کے تمام شعبوں میں بلا رنگ و نسل خدمات سرانجام دیکر حلقہ پی بی 14 کو صوبے کے بہترین ترقی یافتہ حلقوں میں شامل کریں گے اب بھی سردار بابا عمرانی کا دفتر یا مہمان خانہ سائلوں سے کچھا کھچ بھرا ہوا ہے جو کہ ان پر ایک اعتماد کا مظہر ہے

ڈیرہ مراد جمالی، اقلیتی برادری کے مسائل کے حل کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد

نادرا آفس میں اقلیتی برادری کے لیے علیحدہ ڈیسک قائم کیا جا رہا ہے، ہنجے کمار

اقلیتی برادری مسائل کے حل کیلئے موجودہ حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، خطاب

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) نصیر آباد ضلع انتظامیہ کی جانب سے تاریخ میں پہلی مرتبہ اقلیتی امور کے تعاون سے اقلیتی برادری کے مسائل سننے اور ان کیلوری تدارک کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، کھلی کچہری ہندو کمیونٹی ہال میں منعقد ہوئی جس کے مہمان خصوصی پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور رکن صوبائی اسمبلی ہنجے کمار ڈیچوانی تھے ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار، 114 ونگ ایف سی کرنل طیب رضوان اسسٹنٹ کمشنر بہار خان کھوسہ پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور کے پی ایس روشن راج سمیت بڑی تعداد میں ہندو، عیسائی اور اوڈھ برادری سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی، اس موقع پر شرکاء نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور ہنجے کمار ڈیچوانی اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے نصیر آباد کی اقلیتی برادری کے مسائل ان کی دہلیز پر سننے اور ان کے بہتر حل کے لیے کھلی کچہری کا انعقاد کیا، مختلف کمیونٹیز سے تعلق رکھنے والے اقلیتی رہنماؤں نے فرداً فرداً اپنے مسائل سے آگاہ کیا جن میں ہندو محلہ میں امن و امان کی صورتحال، آب نوشی و نکاسی؟ آب، گیس پریشر میں کمی، شمشان گھاٹ کے مسائل، چرچ کی بلڈنگ کی فراہمی، ڈیرہ مراد جمالی سیف سٹی پروجیکٹ، ٹول پلازہ کے مقام پر چینی کی بندش سمیت دیگر درپیش مسائل شامل تھے، کھلی کچہری میں دیگر ضلعی افسران بھی موجود تھے کھلی کچہری سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور ہنجے کمار ڈیچوانی نے کہا کہ شمشان گھاٹ، چرچ، مندر سمیت اقلیتی برادری کے بنیادی مسائل کے حل کے لیے موجودہ حکومت سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، اوڈھ برادری کی بچیوں کی شادی کے لیے ایک کروڑ روپے فراہم کیے جائیں گے جبکہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جرگے میں چرچ کی بلڈنگ کی تعمیر کے لیے دو کروڑ روپے کا اعلان کیا تھا جس پر جلد عملدرآمد یقینی بنایا جا رہا ہے، تاریخ میں پہلی بار اوڈھ برادری کا مندر بھی موجودہ حکومت تعمیر کر رہی ہے، اس کے ساتھ ساتھ ضلع نصیر آباد میں نادرا آفس میں اقلیتی برادری کے لیے علیحدہ ڈیسک قائم کیا جا رہا ہے تاکہ انہیں آئندہ کسی قسم کی مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے عوام کی جانب سے کھلی کچہری میں پیش کیے گئے مسائل پر۔ ڈپٹی کمشنر نصیر آباد کیپٹن ریٹائرڈ ذوالفقار علی کرار نے متعدد مسائل کے حل کے لیے موقع پر ہی احکامات جاری کیے اور کہا کہ ضلع انتظامیہ اقلیتی برادری کے مسائل حل کرنے کے لیے آج خود ان کی دہلیز پر موجود ہے تاکہ مسائل معلوم کر کے فوری اقدامات کیے جا سکیں

سرکاری اراضی قبضوں کیخلاف کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے، ایس پی بارکھان

احکامات کے باوجود ایف آئی آر کے اندراج میں تاخیر برتنے پر ڈی ایس پی، ایس ایچ او کے خلاف کارروائی کا آغاز

قابضین کے خلاف مقدمہ درج، قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے، فرائض میں کوتاہی برداشت نہیں، ڈاکٹر سعد

بارکھان (ن ن) ضلع بارکھان میں سرکاری اراضی پر غیر قانونی قبضوں کے خلاف مؤثر اور بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے۔ اس سلسلے میں سپرنٹنڈنٹ آف پولیس بارکھان ڈاکٹر سعد آفریدی نے قانون کی بالادستی کو یقینی بناتے ہوئے فوری اقدامات جاری کیے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق مورخہ 16 جنوری 2026 کو تھانہ رکنی کی حدود میں سرکاری زمین پر قبضے کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی پوسٹ کا ایس پی بارکھان نے فوری نوٹس لیا اور ڈی ایس پی رکنی اور ایس ایچ او رکنی کو واضح ہدایات جاری کیں کہ سرکاری اراضی کو فوری طور پر واگزار کرایا جائے اور قابضین کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ تاہم احکامات کے باوجود ایف آئی آر کے اندراج میں تاخیر اور فرائض میں غفلت برتنے پر ایس پی بارکھان ڈاکٹر سعد آفریدی نے سخت نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی اور ایس ایچ او رکنی کے خلاف محکمانہ تادیبی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ اس موقع پر ایس پی بارکھان نے واضح کیا کہ سرکاری املاک پر قبضہ اور سرکاری فرائض میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، جبکہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف بلاتفریق سخت کارروائی جاری رہے گی۔ عوامی حلقوں نے پولیس کی اس بروقت اور جرأت مندانہ کارروائی کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ ایسے اقدامات سے سرکاری اراضی کا تحفظ اور قانون کی عملداری مزید مضبوط ہوگی۔

اوستہ محمد، افہار خان جانڈ یو محمد اسلم سومرو و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

سینئر صحافی افتخار عباسی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی کا سلسلہ جاری

جھل مگسی پور (نامہ نگار) سینئر صحافی و نمائندہ مشرق افتخار احمد عباسی کی والدہ کی وفات پر فاتحہ خوانی و تعزیت کا سلسلہ عباسی ہاؤس جھل مگسی پور میں جاری ہے دریں اثناء سید علی احمد شاہ بخاری، سید غلام مرتضیٰ شاہ بخاری، سید عرفان علی شاہ بخاری، پاکستان کے معروف نعت خوان عنایت اللہ قادری المعروف بلبل بولان وہیران، پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما و ٹکٹ ہولڈر حلقہ پی بی 15 صحبت پور میر دوران خان کھوسہ، پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن صوبائی مشاورتی کونسل میر احمد نواز خان کھوسہ، میر فرحان علی کھوسہ، میر ظفر علی کھوسہ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن جھل مگسی پور عبدالغفار کاکڑ، ڈپٹی ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن عبدالاحد کھوسہ، اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر ظہیر حسین شاہوانی، ڈاکٹر محمد بقاء خان کھوسہ، ڈاکٹر عطاء اللہ خان ناتوری، میر ریحان خان کھوسہ، میر ایاز خان کھوسہ، تحریک منہاج القرآن کے صوبائی نائب ناظم ڈاکٹر عبدالقادر کھوسہ، صوبائی ناظم دعوت و تربیت میر محمد قادری، انجمن اساتذہ پاکستان بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری اللہ وسایا کاکڑ، سینئر صحافی نمائندہ جنگ و جیو نیوز محمد عاصم بلوچ، سینئر صحافی و نمائندہ کاوش کے ٹی این نیوز مشتاق احمد کھوسہ، نمائندہ وش نیوز و جنرل سیکرٹری ڈسٹرکٹ پریس کلب صحبت پور سردار خان ہنگورجی، سینئر صحافی و نمائندہ 92 نیوز سرپرست اعلیٰ جناح پریس کلب صحبت پور محمد زمان منگی و دیگر نے فاتحہ خوانی کیا۔

اقلیتی برادری کے مسائل حل کیے جائیں گے، پارلیمانی سیکرٹری

جعفر آباد میں اوڈ برادری کے لیے پہلی مرتبہ مندر کی تعمیر کا آغاز کیا جا رہا ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی پارلیمانی سیکرٹری برائے اقلیتی امور ہنجے کمار ڈیچوانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اقلیتی برادری بالخصوص اوڈ برادری کی فلاح و بہبود کے لیے سنجیدہ اور عملی اقدامات کر رہی ہے جعفر آباد میں اوڈ برادری کے لیے پہلی مرتبہ مندر کی تعمیر کا آغاز کیا جا رہا ہے جو ایک تاریخی اقدام ہے اور اس سے برادری کی مذہبی و سماجی ضروریات کو پورا کرنے میں مدد ملے گی جبکہ اوڈ برادری کی بچیوں کی شادی بیاہ کے لیے حکومت کی جانب سے دس لاکھ روپے کی خصوصی گرانٹ مختص کی گئی ہے تاکہ غریب اور مستحق خاندانوں کو معاشی سہولت فراہم کی جا سکے اقلیتوں کو درپیش مسائل کے حل اور انہیں قومی دھارے میں شامل کرنے کے لیے حکومت ہر ممکن تعاون جاری رکھے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جعفر آباد سے اوڈ برادری سے تعلق رکھنے والے معززین اور بلال اور نصیر آباد کے کرشن لال کی قیادت میں ملنے والے اوڈ برادری کے عوامی وفود سے ملاقات اور بات چیت کے دوران کیا اس موقع پر وفود نے اوڈ برادری کو درپیش مختلف سماجی، مذہبی اور معاشی مسائل سے آگاہ کیا اور صوبائی حکومت بالخصوص ایم پی اے ہنجے کمار ڈیچوانی کی جانب سے کیے گئے اقدامات کو سراہا۔ صوبائی پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور ہنجے کمار ڈیچوانی نے وفود کو یقین دلایا کہ اقلیتی برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے اور ترقیاتی منصوبوں میں اقلیتوں کی شمولیت کو یقینی بنایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی، مساوات اور باہمی احترام کا فروغ صوبائی حکومت کی پالیسی کا اہم حصہ ہے اور اقلیتوں کی فلاح کے لیے اقدامات کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا۔

ضلعی انتظامیہ تعلیمی انفراسٹرکچر کی بہتری کو اولین ترجیح دیتی ہے، ڈی سی اوستہ محمد

فیلڈ وزٹ مانیٹرنگ مشاہدہ اور جوابدہی کا عمل باقاعدگی سے جاری رہے گا، منصوبے معیار کے ساتھ مکمل ہوں

منصوبے کی تکمیل میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی نہ منصوبے کے تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ کیا جائے گا

اوستہ محمد (ن ن) ڈپٹی کمشنر اوستہ محمد رمضان پلال نے آج ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر اوستہ محمد شاہ بخش چندرانی کے ہمراہ زیر تعمیر تعلیمی عمارت کا معائنہ کیا اس دوران تعمیراتی سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا جس میں کام کی رفتار، معیار ڈیزائن کی پیروی اور استعمال ہونے والے میٹریلز کا باریک بینی سے جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ ابتدائی مرحلے میں تعمیراتی کام کے دوران ادارہ کو غیر معیاری تعمیر اور ناقص میٹریل سے متعلق شکایات موصول ہوئی تھیں۔ جس کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ ٹیم نے نہ صرف نقص کی نشاندہی کی بلکہ خامیوں کو بھی درست کروایا گیا اور کام کو تجویز کردہ معیار کے مطابق دوبارہ عمل کرانے کی ہدایت کی جس پر ابھی ہدایت کے مطابق کام جاری ہے۔ آمدہ رپورٹ کے مطابق اس وقت منصوبے پر جاری کام مجموعی طور پر تسلی بخش ہے۔ اس دورے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر شاہ بخش چندرانی اور ایس ڈی او بلڈنگ عاشق علی بوہر بھی ان کے ہمراہ تھے جنہوں نے ڈپٹی کمشنر کو تعمیراتی پیش رفت، مالی وسائل کے استعمال، میٹریل ٹیسٹنگ، اور منصوبے کی تکمیل کے مختلف مراحل سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے موقع پر واضح ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کہ منصوبے کی تکمیل میں تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی نہ منصوبے کے تعمیراتی معیار پر کوئی سمجھوتہ کیا جائے گا انہوں نے اس بات پہ زور دیا کہ ادارے کی عمارت کو طلبہ و اساتذہ کے لیے محفوظ، مضبوط اور معیار کے مطابق پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے گا انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ تعلیمی انفراسٹرکچر کی بہتری کو اولین ترجیح دیتی ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے فیلڈ وزٹ مانیٹرنگ مشاہدہ اور جوابدہی کا عمل باقاعدگی سے جاری رہے گا

دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ چھاؤنی

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پراپرٹی نمبر C-125 جناح ٹاؤن کوئٹہ کینٹ ہمارے ریکارڈ کے مطابق مسمی سید احسان الحق ولد سید عبدالمجید کی ملکیت ہے اور سید احسان الحق ولد سید عبدالمجید کا مورخہ 29/11/2021 کو انتقال ہوگیا ہے اور اب ان کے مندرجہ ذیل وارثان نے پراپرٹی کو اپنے نام ٹرانسفر کرنے کیلئے درخواست دفتر ہذا میں جمع کروائی ہے 1۔ نسرین احسان زوجہ سید احسان الحق 2۔ سید محسن احسان ولد سید احسان الحق 3۔ حیرا احسان ولد سید احسان الحق لہٰذا اس پراپرٹی کے بارے میں کسی شخص یا ادارے کو کسی قسم کا کوئی اعتراض ہو تو دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئٹہ میں 15 یوم کے اندر تحریری طور پر درخواست دے معیاد گزرنے کے بعد دفتر کنٹونمنٹ بورڈ کوئی اعتراض قبول نہیں کریگا

المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر کوئٹہ چھاؤنی — ڈی جی پی آر

ازعدالت سید جہانداد شاہ نائب تحصیلدار/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ دوئم تحصیل برشور ضلع پشین

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ مسمی سید محمد ولد ناصر قوم کاکڑ بارکزئی ساکن وچ شگان محال وموضع وچ شگان سرکل باغ تحصیل برشور ضلع پشین نے ایک قطعہ درخواست برائے اندراج وراثت انتقال/انتقالات زیر تنقیح کی عدالت میں پیش کی ہے کہ مرحوم عبدالغفور ولد جان محمد قوم کاکڑ بارکزئی ساکن کلی وچ شگان بروئے پیش کردہ شرعی فتویٰ از مدرسہ یا خطیب مولوی علی احمد جان MA اسلامیہ عربی کہ بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے بروئے شرعی فتویٰ جس کے وارثان مسمیان ملا عبدالاکبر، عبدالناصر پسران وبی محمد غیر منقولہ جائیداد واقعہ مرقومہ بالا سرکل تحصیل برشور ضلع پشین انتقال انتقالات وراثت درج ریکارڈ مال کرنا مطلوب ہیں لہٰذا اگر انتقال، انتقالات وراثت پر کسی آس پاس زمیندار، کسی سرکاری یا غیر سرکاری ادارے یا متعلق داران کا کوئی اعتراضات ہیں تو وہ اندر 7 یوم اپنے اعتراضات زیر تنقیح کو اصالتاً یا وکالتاً پیش کریں بعد گزرنے معین معیاد کوئی اعتراض یا عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال، انتقالات وراثت حسب ضابطہ درج ریکارڈ مال کیا جائے گا اشتہار ہذا آج مورخہ 15/1/2026 کو میرے مہر و عدالت سے جاری ہوا۔

نمائندہ پشین

ازعدالت تحصیلدار پشین/اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول تحصیل وضلع پشین

اشتہار بنام عوام الناس

ہرگاہ مسمی شاہ زیب خان ولد سید عالمگیر قوم سید پائیزئی ساکن بازار پشین محال موضع سرخاب کربلا تحصیل پشین ضلع پشین نے ایک قطعہ درخواست مورخہ 12/1/2026 کو برائے اندراج وراثت انتقال/انتقالات زیر تنقیح کی عدالت میں پیش کی ہے کہ مرحوم سید ہمایون شاہ ولد نذر محمد قوم سید پائیزئی ساکن بازار پشین بروئے پیش کردہ شرعی فتویٰ از مدرسہ یا خطیب مولوی نذیر احمد خطیب جامع مسجد اقصیٰ جان آغا پشین کہ بقضائے الٰہی وفات پاچکا ہے بروئے شرعی فتویٰ جس کے وارثان مسمیان شاہ زیب خان، گران زیب خان، پسران عالمگیر شاہ غیر منقولہ جائیداد واقعہ مرقومہ بالا سرکل تحصیل پشین ضلع پشین انتقال انتقالات وراثت درج ریکارڈ مال کرنا مطلوب ہیں لہٰذا اگر انتقال، انتقالات وراثت پر کسی آس پاس زمیندار، کسی سرکاری یا غیر سرکاری ادارے یا متعلق داران کا کوئی اعتراضات ہیں تو وہ اندر 7 یوم اپنے اعتراضات زیر تنقیح کو اصالتاً یا وکالتاً پیش کریں بعد گزرنے معین معیاد کوئی اعتراض یا عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال، انتقالات وراثت حسب ضابطہ درج ریکارڈ مال کیا جائے گا اشتہار ہذا آج مورخہ 12/1/2026 کو میرے مہر و عدالت سے جاری ہوا۔

نمائندہ پشین

بقیہ: میر سرفراز بگٹی 1

تیز کرنے پر زور دیا گیا شرکاء نے "پی ایریاز تو اے ایریاز کنورژن" کے حوالے سے اطمینان کا اظہار کیا۔ اجلاس میں اس بات پر زور دیا گیا کہ صوبے کے تمام ڈویژنز میں اس حکمت عملی کی مؤثریت کو یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے گی تاکہ ترقیاتی فوائد ہر علاقے تک پہنچ سکیں اور امن و خوشحالی کی فضا کو مستحکم کیا جا سکے اجلاس میں صوبے میں مجموعی سلامتی کی صورتحال، ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت اور عوام کی فلاح و بہبود کے امور پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور اس امر کا اعادہ کیا گیا کہ بلوچستان کے درخشندہ مستقبل کیلئے اب ایسی ہی موثر حکمت عملی پر عمل پیرا ہوا جائے گا۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مکران کوسٹل ہائی وے پر اورماڑہ کے قریب پیش آنے والے افسوسناک مسافر بس حادثے پر وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ سے ٹیلی فونک رابطہ کیا۔ رابطے کے دوران حادثے میں زخمی ہونے والے مسافروں کی حالت، جاری علاج معالجے اور فوری طبی امداد سے متعلق تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا وزیر اعلیٰ بلوچستان نے انسانی جانوں کے تحفظ کو اولین ترجیح قرار دیتے ہوئے ہدایت کی کہ حادثے میں شدید زخمی ہونے والے مسافروں کو فوری طور پر کراچی کے معیاری نجی اسپتالوں میں ایئر لفٹ کیا جائے۔ وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ کے اعلامیے کے مطابق یہ عمل فوری بنیادوں پر جاری ہے تاکہ زخمیوں کو بروقت اور بہترین طبی سہولیات فراہم کی جا سکیں وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ڈپٹی کمشنر گوادر اور متعلقہ انتظامی حکام کو ہدایت کی کہ زخمی مسافروں کی فوری شفٹنگ، طبی دیکھ بھال اور تمام انتظامی امور میں کسی قسم کی کوتاہی نہ برتی جائے اور تمام اقدامات بروقت مکمل کیے جائیں۔ ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ خان کے مطابق حادثے میں زخمی ہونے والے تمام مسافروں کا تعلق صوبہ سندھ سے ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان نے مکران کوسٹل ہائی وے پر پیش آنے والے اس المناک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دلی رنج و غم کا اظہار کیا اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار بھی کیا وزیر اعلیٰ نے جاں بحق افراد کے جسد خاکی ان کے آبائی علاقوں تک پہنچانے کے لیے ایمبولینس سروس فراہم کرنے کی ہدایت جاری کی، تاکہ لواحقین کو اس مشکل گھڑی میں سہولت فراہم کی جا سکے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مکران کوسٹل ہائی وے حادثے کی تفصیلی رپورٹ طلب کرتے ہوئے واقعے کی مکمل انکوائری کا حکم دے دیا ہے، تاکہ حادثے کی وجوہات کا تعین کیا جا سکے اور مستقبل میں ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کیے جا سکیں۔

بقیہ: ٹرمپ، آیت اللہ خامنہ ای 2

خبر رساں ادارے کے مطابق ایرانی سپریم لیڈر نے ڈونلڈ ٹرمپ کو مجرم قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان مظاہروں کے پیچھے براہ راست امریکی صدر ملوث ہیں۔ آیت اللہ خامنہ ای نے مزید کہا کہ ہلاکتوں، مالی نقصان اور عوام کے خلاف پروپیگنڈے کے اصل ذمہ دار خود امریکی صدر ہیں۔ ایرانی سپریم لیڈر نے کہا کہ حالیہ ایران مخالف بغاوت اس لحاظ سے مختلف تھی کہ اس میں امریکی صدر ذاتی طور پر ملوث تھا۔ انھوں نے الزام لگایا کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے ایرانی عوام کو اکسانے، ملک میں بدامنی پھیلانے اور سوشل میڈیا و بیانات کے ذریعے تشدد کو ہوا دینے میں براہ راست کردار ادا کیا۔ آیت اللہ خامنہ ای نے کہا کہ یہ احتجاجات کسی عوامی تحریک کے بجائے امریکا اور اس کے اتحادیوں کی منصوبہ بند سازش تھے جن کا مقصد ایران کو عدم استحکام سے دوچار کرنا تھا۔ ایران کے رہبر اعلیٰ خامنہ ای نے کہا کہ دشمن قوتیں اقتصادی مشکلات کو بہانہ بنا کر نظام کے خلاف نفرت پھیلانا چاہتی تھیں۔ بین الاقوامی انسانی حقوق تنظیموں نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران میں دسمبر کے آخر سے شروع ہونے والے احتجاج میں ڈھائی ہزار سے زائد ہلاکتیں ہوچکی ہیں۔ یاد رہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ نے متعدد بیانات میں ایرانی مظاہرین کی حمایت کا اظہار کرتے ہوئے ایران کو خبردار کیا تھا کہ اگر گرفتار مظاہرین کو پھانسی دی گئی تو امریکا حملہ کردے گا۔ جس کے بعد ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ ایران نے مظاہرین کو سزائے موت دینے پر عمل درآمد روک دیا ہے۔ اس لیے اب وہ فوجی کارروائی نہیں کر رہے ہیں۔ دوسری جانب۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا کہنا ہے کہ ایران میں نئی قیادت کی تلاش کر رہے ہیں، ڈونلڈ ٹرمپ کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران میں حکومت کے خاتمے کا مطالبہ کرنے والے ملک گیر احتجاج کمزور پڑتے دکھائی دے رہے ہیں جب کہ ایرانی حکومت کا دعویٰ ہے کہ حالات مکمل کنٹرول میں ہیں۔ گزشتہ چند روز کے دوران ٹرمپ ایران میں فوجی مداخلت کی متعدد دھمکیاں دے چکے ہیں اور گزشتہ منگل کو انہوں نے ایرانی عوام سے احتجاج جاری رکھنے اور اداروں پر قبضہ کرنے کی اپیل بھی کی تھی اور کہا تھا کہ مدد آ رہی ہے۔ تاہم اگلے ہی دن ٹرمپ نے اچانک اپنا مؤقف بدلتے ہوئے کہا کہ انہیں اطلاع دی گئی ہے کہ ایران میں ہلاکتیں رک چکی ہیں اور وہ پھانسیاں بھی نہیں دے رہے۔ ایرانی سپریم لیڈر کے بیان کے ردعمل میں ٹرمپ کا کہنا تھا کہ تہران کے حکمران حکومت چلانے کے لیے جبر اور تشدد پر انحصار کرتے ہیں، جس کی مثال پہلے کبھی نہیں ملی۔ ٹرمپ نے کہا کہ قیادت کا مطلب احترام ہے، خوف اور موت نہیں، اقتدار برقرار رکھنے کے لیے ہزاروں لوگوں کو قتل کرنے کے بجائے حکمرانوں کو ملک کو درست طریقے سے چلانے پر توجہ دینی چاہیے، جیسے میں امریکا میں کرتا ہوں۔ امریکی صدر کا مزید کہنا تھا کہ ناقص قیادت کی وجہ سے ایران دنیا میں رہنے کے لیے بدترین جگہ بن چکا ہے۔ دریں اثناء ایرانی وزارت خارجہ نے جی سیون ممالک کے بیان کو مداخلت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ایران میں تشدد اور دہشتگردی میں اسرائیلی کردار کے ناقابل تردید شواہد موجود ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران میں پرامن احتجاج کو صیہونی حمایت یافتہ دہشتگردوں نے پرتشدد بنایا، 8 سے 10 جنوری کے دوران مظاہرین اور سکیورٹی اہلکاروں پر حملے کیے گئے، تشدد اور دہشتگردی میں اسرائیلی کردار کے ناقابل تردید شواہد موجود ہیں، امریکی اور اسرائیلی حکام کے بیانات تشدد پر اکسانے کا واضح ثبوت ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق ایران پرامن احتجاج کے حق کا احترام کرتا ہے، آئین کے تحت شہری حقوق کا پابند ہے، ریاست شہریوں کے تحفظ اور امن و امان برقرار رکھنے کی مکمل ذمہ داری نبھائے گی اور بیرونی سرپرستی میں دہشتگردی کے خلاف قومی سلامتی کا دفاع کیا جائے گا۔ ایرانی وزارت خارجہ کا کہنا ہے کہ جی سیون ممالک کا ایران کے اندرونی معاملات پر بیان مداخلت پسندانہ ہے، انسانی حقوق کے نام پر امریکی قیادت میں جی سیون کا دوہرا معیار بے نقاب ہو گیا ہے، جی سیون ممالک خود انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کے مرتکب رہے ہیں۔ ایران اور اسرائیل کے درمیان بڑھتی ہوئی کشیدگی کے خاتمے کے لیے روسی صدر ولادی میر پیوٹن سرگرم ہو گئے ہیں۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق روسی صدر نے ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو سے فون پر رابطہ کر کے ثالثی کی پیشکش کی ہے۔ روسی صدر ولادی میر پیوٹن نے دونوں رہنماؤں سے الگ الگ فون کالز میں بات چیت کی۔

بقیہ: پاک فوج 3

ڈی جی آئی ایس پی آر نے تحریک پاکستان اور استحکام پاکستان میں بہاولپور کے عوام کی تاریخی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ قوم کی یکجہتی اور شعور ہی پاکستان کی اصل طاقت ہے، جسے مزید مضبوط بنانے میں تعلیمی اداروں کا کردار کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ تقریب میں قومی و علاقائی صورتحال، آپریشن بنیان المرصوص اور قومی سلامتی کے تحفظ میں پاک فوج کے کردار پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی۔ سیشن کے دوران فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے باہمی بھارتی گٹھ جوڑ، مابعد زوار اور سوشل میڈیا کے ذریعے پھیلائے جانے والے منفی پروپیگنڈے پر بھی گفتگو کی گئی۔ اسلامیہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر نے اس نشست کو بروقت اور اہم قرار دیتے ہوئے پاکستان کی قومی سلامتی کے مفہوم اور مقاصد پر تفصیلی آگاہی کو سراہا۔ شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ میڈیا لٹریسی نوجوانوں کے شعور، رائے اور فکری تحفظ کے لیے ناگزیر ہے اور یہ دشمن کے بیانیے اور منفی پروپیگنڈے سے بچاؤ کا مؤثر ذریعہ ثابت ہو سکتی ہے۔ نشست میں شریک اساتذہ، طلبہ اور مدارس کے طلبہ نے ہر مشکل گھڑی میں قوم کے ساتھ کھڑے رہنے پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کیا۔ مدارس کے طلبہ کا کہنا تھا کہ پاک فوج نے ہمیشہ ریاست اور آئین کی سربلندی کے لیے قربانیاں دی ہیں۔ تقریب کے اختتام پر طلبہ و طالبات نے پاک فوج اور پاکستان زندہ باد کے فلک شگاف نعرے لگائے، جس سے ہال حب الوطنی کے جذبے سے گونج اٹھا۔

بقیہ: تصاویر 4

جنید صفدر نے سہرا سجا، ان بارات لاہور کی نجی ہاؤسنگ سوسائٹی پہنچی، بارات مسلم لیگ (ن) کے قائد میاں نواز شریف اور وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں جاتی امراء سے روانہ ہوئی۔ بارات میں نواز شریف وزیراعظم شہباز شریف دولہے کی والدہ وزیراعلیٰ مریم نواز اور اہل خانہ سمیت وفاقی و صوبائی وزراء ملکی و غیر ملکی مہمان شامل تھے۔

بقیہ: امریکی سینٹرل کمانڈ 5

کے دوران تربیت مکمل کی۔ اس مشترکہ مشق میں انفنٹری کی مہارتوں، جدید حکمت عملیوں اور انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں پر خصوصی توجہ مرکوز کی گئی، مشق نے دونوں ممالک کی افواج کے درمیان باہمی اعتماد، ہم آہنگی اور عملی تعاون کو مزید مضبوط کیا۔ واضح رہے انسپائرڈ گمبٹ 2026 مشق 8 سے 16 جنوری 2026 تک منعقد کی گئی، 2 ہفتوں پر مشتمل مشق میں انسداد دہشت گردی پر توجہ مرکوز کی گئی تھی۔ انسپائرڈ گمبٹ 1995 سے جاری دو طرفہ تربیتی سلسلے کی 13 ویں کڑی ہے، امریکا اور پاکستان کی یہ مشترکہ تربیتی مشقیں دیرینہ دفاعی تعلقات کا مظہر ہیں۔

بقیہ: بیرسٹر گوہر 6

ہونے دیں گے، 3 سال سے ہر جگہ تحریک چلا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہری پور سے مانسہرہ تک اسٹریٹ موومنٹ جاری رہے گی، ہمارا ایک نہیں بلکہ دو بار مینڈیٹ چوری ہوا۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے مزید کہا کہ عوام اپنے ووٹ پر ڈاکہ نہیں ڈالنے دیں گے، خیبر پختونخوا میں گڈ گورننس، امن و امان اور عوامی فلاح کے لیے کام کریں گے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ ہم قانون کی بالادستی کیلئے کھڑے ہیں۔ دوران سہیل آفریدی نے کہا کہ ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال کے لیے فنڈز جاری کر دیے گئے، ترقی کا عمل جاری رہے گا۔ بعد ازاں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کی زیر قیادت ریلی ضلع ہری پور کے مختلف مقامات سے ہوتے ہوئے ضلع ایبٹ آباد میں داخل ہوئی۔ ایبٹ آباد پہنچنے پر کارکنوں کی بڑی تعداد نے سہیل آفریدی اور بیرسٹر گوہر کا استقبال کیا۔

بقیہ: سپریم کورٹ 7

تشکیل دیے گئے ہیں۔ ہر بینچ میں مختلف ججز کو اہم مقدمات کی سماعت کے لیے تفویض کیا گیا ہے تاکہ عدالتی کارروائی مؤثر اور بروقت ہو سکے۔ آئندہ ہفتے کے ججز روسٹر کے مطابق بینچ ایک چیف جسٹس یحییٰ خان آفریدی اور جسٹس شاہد بلال، دوسرا بینچ جسٹس منیب اختر اور جسٹس عرفان سعادت، تیسرا جسٹس جمال مندوخیل اور جسٹس ملک شہزاد احمد، بینچ نمبر چار جسٹس محمد علی مظہر، جسٹس شاہد وحید اور جسٹس مسرت ہلالی، پانچواں بینچ جسٹس عائشہ ملک اور جسٹس شکیل احمد، بینچ چھ، جسٹس نعیم اختر افغان، جسٹس شفیع صدیقی اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب، جبکہ ساتواں بینچ جسٹس ہاشم کاکڑ، جسٹس صلاح الدین پنہور اور جسٹس اشتیاق ابراہیم پر مشتمل ہوگا۔

بقیہ: پی ٹی اے 8

اے) نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی سہولت کے لیے ایک بڑا فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت اب تارکین وطن اپنی موبائل فون سروس میں تسلسل برقرار رکھ سکیں گے اور بیرون ملک قیام کے دوران ان کی پاکستانی موبائل فون سم بلاک نہیں کی جائے گی۔

بقیہ: مسافر بس 9

حادثے میں 10 مسافر جاں بحق ہو گئے جبکہ 36 مسافر زخمی ہو گئے جبکہ 7 شدید زخمی مسافروں کو بذریعہ طیارہ کراچی منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق حادثہ صبح 7 بجے کے قریب پیش آیا حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو 1122 کی ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں اور امدادی کارروائیاں جاری رہیں زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی جا رہی ہے جبکہ بس میں پھنسے مسافروں کو نکالنے کیلئے ریسکیو آپریشن تیز کر دیا گیا ہے۔ پولیس کے مطابق حادثے کے باعث مکران کوسٹل ہائی وے پر ٹریفک کی روانی عارضی طور پر معطل ہو گئی ہے جب کہ شاہراہ پر ٹریفک کی بحالی کے لیے کام جاری ہے

بقیہ: صدر مملکت 10

نے سرگودھا میں شدید دھند کے باعث ہونے والے حادثات پر خصوصی طور پر رنج کا اظہار کرتے ہوئے اسے انتہائی افسوسناک قرار دیا۔ صدر آصف علی زرداری نے اورماڑہ کے قریب پیش آنے والے ٹریفک حادثے پر بھی دلی افسوس کا اظہار کیا اور حادثات میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے تعزیت کی۔ انہوں نے زخمی ہونے والے افراد کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کی اور متعلقہ اداروں کو زخمیوں کو ہر ممکن طبی سہولیات فراہم کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ: سعودی فرماں 11

شاہ سلمان ہسپتال میں طبی معائنے کے لیے زیر علاج تھے۔ طبی معائنوں کے نتائج اطمینان بخش قرار دیے گئے ہیں۔

بقیہ: برف باری 12

جاری ہے۔ مسلسل برفباری سے موسم مزید سرد ہو گیا ہے۔ برف باری سے نظام زندگی مفلوج ہو گیا ہے اور لوگ گھروں میں محصور ہو گئے۔

بقیہ: دفتر خارجہ 13

اور اس سے کشمیری مسلمانوں میں خوف پھیلانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ ترجمان نے مزید کہا کہ یہ اقدامات ہندوتوا نظریے پر مبنی ادارہ جاتی اسلاموفوبیا کا حصہ ہیں اور مساجد اور مسلم علماء کو نشانہ بنانا بھارتی پالیسیوں کیا امتیازی اور فرقہ وارانہ کردار کو بے نقاب کرتا ہے۔

بقیہ: اسحاق ڈار 14

ایران اور خطے کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ گفتگو کے دوران اسحاق ڈار نے ایران میں امن و استحکام کے لیے پاکستان کی جانب سے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

بقیہ: مولانا فضل الرحمان 15

کی وجہ سے پاکستان بحرانوں کا شکار ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی رہنما حافظ خلیل احمد کی قیادت میں ملنے والے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا کہ آج کے پرفتن دور میں جہاں عالمی اور اندرونی قوتیں ہمارے دینی اقدار اور قومی سلامتی کو نقصان پہنچانے کی سازشیں کر رہی ہیں، وہاں جمعیت علماء اسلام کا کردار ایک مضبوط دیوار کی طرح ہے ہم نے ہمیشہ دین اور ملک کا دفاع کیا ہے اور آئندہ بھی اس راہ میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے انہوں نے کہا کہ ملک کی خوشحالی اور امن کا دارومدار اس کے نظریاتی استحکام پر ہے جب تک ہمارے نوجوان اور قوم دینی اقدار اور حب الوطنی کے جذبے سے سرشار رہیں گے، کوئی بھی ہمیں نقصان نہیں پہنچا سکتا جمعیت علماء اسلام پاکستان کو ایک حقیقی اسلامی فلاحی ریاست بنانے کا عزم رکھتی ہے جہاں ہر شہری کے حقوق کا تحفظ ہو اور اسلامی قوانین کی بالادستی قائم ہو قائد جمعیت مولانا فضل الرحمان نے مزید کہا کہ مولانا عبدالصمد مرحوم مولانا ہدایت اللہ مرحوم مولانا کفایت اللہ مرحوم کے دینی علمی اور جماعتی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

بقیہ: گورنر سندھ 16

کاروبار بند ہونے سے اربوں روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب ماحول بدل چکا ہے، دنیا کی نظریں اب پاکستان پر ہیں۔

بقیہ: اعظم نذیر تارڑ 17

، نواز شریف پرانے ساتھیوں کی قدر کرتے ہیں۔ اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ آئینی اور قانونی طور پر اپوزیشن لیڈر کی تقرری کا طریقہ کار واضح ہے، اپوزیشن لیڈر کی تقرری کا عمل اسپیکر کی سربراہی میں مکمل ہوا۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ میں بھی اپوزیشن لیڈر کی تقرری کا معاملہ جلد حل ہو جائے گا، شہباز شریف نے جس دن حلف لیا اسی دن مذاکرات کی بات کی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے کہا تھا کہ ماضی کے معاملات کو چھوڑیں، آئیں میثاق معیشت کریں، 2 چار افراد کی رہائی کا معاملہ ایک طرف، لوگوں نے آپ کو عوام کے بھلے کے لیے ووٹ دیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ جیل میں ملاقات ایک قانونی معاملہ ہے، سزا یافتہ شخص اسی لیے جیل میں رکھا جاتا ہے کہ وہ روز مرہ زندگی میں سیاسی معاملات نہ کرے، جو چیز بلاواسطہ ممکن نہیں وہ بالواسطہ بھی ممکن نہیں ہے۔

بقیہ: جسٹس نجم الدین 18

ہائی کورٹ آف بلوچستان کے آڈیٹوریم ہال میں منعقد ہوگی۔ چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس محمد کامران خان ملاخیل مستقل ہونے والے جج جسٹس نجم الدین مینگل سے حلف لیں گے۔ حلف برداری کی تقریب کے موقع پر معزز ججز، اعلیٰ عدالتی افسران، وکلاء اور دیگر معزز شخصیات شرکت کریں گی۔

بقیہ: جھل مگسی 19

دوکم بن بیٹے زخمی۔ تفصیلات کے مطابق جھل مگسی کی یونین کونسل پنجک شہر میں مسلح افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں چیف آف پنجک سردار فرمان سہراب خان مگسی کے بھائی اور یونین کونسل پنجک میر آصف خان مگسی موقع پر جاں بحق ہو گئے فائرنگ کے دوران ان کی گاڑی الٹ گئی، جس میں دوکم سن بیٹے محمد حسان مگسی اور امیر حمزہ مگسی گولیاں لگنے سے زخمی ہو گئے واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ایس ایچ او تھانہ جھل مگسی سکندر خان مگسی بھاری پولیس نفری کے ہمراہ جائے وقوعہ پر پہنچ گئے، جبکہ زخمیوں کو فوری طور پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال گنداواہ منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ: درہم برہم 20

اور آنے والی 25 پروازیں متاثر ہوئیں جبکہ تین منسوخ کر دی گئیں۔ دمام جانے والی پی آئی اے کی پرواز کے مسافروں کو جہاز سے اتار لیا گیا، جہاز سے اتارے جانے پر مسافروں نے شدید احتجاج کیا، عمرہ زائرین بھی مشکلات کا شکار رہے۔ کراچی ابوظہبی شارجہ جدہ مدینہ منورہ دبئی ریاض استنبول دوحہ جانے اور آنے والی پروازیں دو سے پندرہ گھنٹے کی تاخیر کا شکار ہوئیں۔

بقیہ: مائیگرنٹ سمگلنگ 21

محمد اسماعیل ویزا فراڈ اور مائیگرنٹ سمگلنگ میں ملوث ہے ملزم کو کوئٹہ سے گرفتار کیا گیا سوشل میڈیا کے ذریعے شہریوں کو بیرون ملک بھجوانے کے نام پر جال میں پھنساتا تھا ملزم نے شہری کو آسٹریلیا بھجوانے کا جھانسہ دے کر مجموعی طور پر 55 لاکھ روپے بٹورے۔ ملزم نے بھاری رقوم وصول کر کے متاثرہ کو آسٹریلیا کا جعلی ای ویزا فراہم کیا ملزم کو گرفتار کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا گیا دیگر ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مار کارروائیاں جاری ہیں۔

بقیہ: کارروائی 22

"مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقے پولیس تھانہ میر حسن گوٹھ حاجی نوخاب جھکرانی میں ملزم نے اپنی بیوی (ر) اور اس کے مبینہ آشنا رحمت اللہ کو قتل کر دیا ملزم موقع سے فرار ہو گیا نعشوں کو ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا مزید تفتیش پولیس کر رہی ہے۔

بقیہ: ڈاکٹر عبدالمالک 23

مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر احمد محمد شہی ممبر مرکزی کمیٹی چیئرمین محراب بلوچ نے شمولیتی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر میر عرض بلوچ سردار یاسین مری صالح مری نے اپنے ساتھیوں سمیت نیشنل پارٹی میں شمولیت اختیار کی تقریب میں نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان علی احمد لانگو مرکزی سوشل میڈیا سیکرٹری سعد بلوچ اراکین مرکزی کمیٹی میر عبدالخالق بلوچ میر کریم گسترجان ڈاکٹر رمضان ہزارہ صوبائی خواتین سیکرٹری و رکن بلوچستان اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ سمیت دیگر موجود تھے نیشنل پارٹی کے سربراہ ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے نئے شامل ہونے والے دوستوں کی شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ کوہلو اور بارکھان میں نیشنل پارٹی ایک منظم قوت بن چکی ہے اور یہ سیاسی کارکنوں کی جدوجہد اور کمنٹمنٹ کی بدولت ہے انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی ہماری میراث ہے ہمارا کلچر کامریڈ شپ تنظیمی ڈسپلن عوام کے ساتھ گہری روابط اور وطن کے ساتھ مخلصی ہے اپنے فلسفے اور سیاسی فکر پر کاربند رہ کر ہی سیاسی و قومی اہداف کو حاصل کیا جا سکتا ہے انہوں نے کہا کہ لاپتہ افراد کا مسئلہ انتہائی حساس اور سنگین بن چکا ہے روزانہ لوگوں کی ماورائے قانون لاپتہ ہونے کی خبریں ہیں قانون موجود ہے اگر کوئی گناہ گار بھی ہے تو اس کو عدالتوں میں پیش کیا جائے

بقیہ: محسن نقوی 24

و بارڈر مینجمنٹ کے ضمن میں اشتراک بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ امریکی اداروں اینٹی نارکوٹکس اسسٹنس پروگرام اور بیورو آف انٹرنیشنل نارکوٹکس اینڈ لاء انفورسمنٹ کے ساتھ جاری تعاون کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا گیا۔ مستقبل میں ہر سطح پر پاک امریکا تعاون مضبوط بنانے کے لیے کوآرڈینیشن بہتر بنانے کا فیصلہ کیا گیا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے امریکی وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیرون ملک جرائم میں ملوث افراد کی نشاندہی جدید سافٹ ویئر کے ذریعے کی جائے گی۔ ملاقات میں ایف آئی اے، فیڈرل کانسٹیبلری اور سائبر کرائم ایجنسی کے افسران کے لئے ٹریننگ پروگرامز پر گفتگو کی گئی اور امریکہ کے تعاون سے ایف آئی اے میں سنٹر فار ٹرانسنیشنل کرائم اور اکیڈمی کے قیام کے امور پر بھی بات چیت ہوئی۔

بقیہ: اعتزاز احسن 25

میں کوئی تو ایسی بات ہے کہ وہ دوسری مرتبہ سویلین صدر بنے ہیں۔ لاہور میں میڈیا سے گفتگو میں اعتزاز احسن نے کہا کہ ان انتخابات کو میں الیکشن نہیں مان سکتا، بلاول بھٹو کو ہرایا گیا، عطا تارڑ جیت ہی نہیں سکتے تھے۔

بقیہ: وائٹ ہاؤس 26

نمائندہ خصوصی اسٹیو وٹکوف اور امریکی صدر کے داماد جیرڈ کشنر بھی بورڈ آف پیس میں شامل ہیں۔ آریے لائٹ اسٹون اور جوش گرون بام بورڈ کے سینئر مشیر مقرر، جبکہ نکولے ملادینوف کو بورڈ آف پیس کا ایگزیکٹو رکن مقرر کیا گیا ہے جو غزہ کے لیے نمائندہ اعلیٰ کے طور پر خدمات انجام دیں گے۔

بقیہ: حافظ نعیم الرحمن 27

متعارف کرایا، جماعت اسلامی اس کالے قانون کو تسلیم کرتی ہے نہ اس کے تحت انتخابات ہونے دے گی۔ بلدیاتی قانون پر عوامی ریفرنڈم نے صوبے کے عوام کو بیدار کر دیا، بااختیار مقامی حکومتوں کے قیام کی جدوجہد میں مزید تیزی آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فیصل آباد گھنٹہ گھر چوک میں ریفرنڈم کیمپ کے دورہ کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ امیر جماعت اسلامی پنجاب وسطی جاوید قصوری، امیر فیصل آباد محبوب الزماں بٹ اور صدر نیشنل لیبر فیڈریشن شمس الرحمن سواتی بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ: ڈاکٹر پروفیسر جمشید 28

مد فین آبائی علاقے میں کر دی گئی دریں اثناء بلوچستان میں کینسر کے علاج کے ماہر پروفیسر ڈاکٹر زاہد محمود نے سینئر ڈاکٹر پروفیسر جمشید کی وفات پر سوگوار خاندان کے افراد سے گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پروفیسر ڈاکٹر جمشید ایک عظیم استاد اور انتہائی شفیق انسان تھے ملک کے بڑے کینسر کے ہسپتال میں مریضوں کے علاج معالجے کیلئے انکی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا

بقیہ: امریکی جریدہ 29

نیا رخ اختیار کر لیا ہے۔ دی نیشنل انٹرسٹ کے مطابق سندھ طاس معاہدے کی معطلی علاقائی کشیدگی بڑھا رہی ہے۔ بھارت کا ڈاکٹرائن اسٹریٹجک II منصوبہ سندھ طاس معاہدے کے خلاف قدم ہے۔ بھارت پانی کو اسٹریٹجک ہتھیار بنا رہا ہے۔ دی نیشنل انٹرسٹ میں مزید کہا گیا کہ پانی کا بحران جنوبی ایشیا میں بڑا انسانی خطرہ بن سکتا ہے۔ بھارت کی جانب سے آبی ڈیٹا کی فراہمی روکنا بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی ہے۔

بقیہ: آن لائن فراڈ کیس 30

میں شامل دو چینی باشندے مفرور ہیں۔ عدالت نے دونوں مفرور ملزمان کے ناقابل ضمانت وارنٹ جاری کر دیے۔ اگلی سماعت 29 جنوری تک ملتوی کر دی گئی۔ پراسیکیوشن کے مطابق ملزمان کے خلاف سائبر کرائم نے مقدمہ درج کیا گیا تھا

بقیہ: افواج پاکستان 31

کے ہم آہنگ استعمال سے دشمن کی نقل و حرکت نا ممکن بنادی جاتی ہے۔ تباہ کن بمباری اور ساسبر اور انفارمیشن آپریشنز سے دشمن کی فیصلہ سازی کی صلاحیت مفلوج کر دی جاتی ہے پاکستان میں بنائے گئے ہتھیاروں اور جدید دوست ممالک سے خریدے گئے ہتھیاروں کے ساتھ مربوط انداز میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

بقیہ: فواد چوہدری 32

موجودہ سیاسی ٹمپریچر نیچے لانے کیلئے کردار ادا کرنے کی اپیل کی۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی نے وزیراعظم شہباز شریف کو ملاقات کی درخواست کی ہے، ان کا جواب نہیں آیا۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک میں سیاسی استحکام لانے کیلئے نواز شریف، شہباز شریف اور آصف زرداری کو مذاکرات کرنا پڑیں گے، کوٹ لکھپت جیل کے اسیران کو رہا کرنے سے اچھا تاثر جائے گا۔

بقیہ: دہشتگرد گرفتار 33

کے مطابق خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر ایک ہفتے کے دوران متعدد آپریشنز کیے گئے، جن میں لاہور سے بھارتی خفیہ ایجنسی کا ایجنٹ گرفتار کیا گیا، جس کے قبضے سے بارودی مواد، اسلحہ اور اہم سرکاری و حساس عمارتوں کے نقشے برآمد ہوئے۔ سی ٹی ڈی حکام نے بتایا کہ گرفتار دہشتگردوں کے قبضے سے خودکش جیکٹ بنانے کا سامان اور دیگر دھماکہ خیز مواد بھی حاصل ہوا اور ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلا کہ دہشتگرد مختلف مقامات پر حملے کر کے عوام میں خوف و ہراس پیدا کرنے کا منصوبہ بنا رہے تھے۔ مزید برآں، ایک ماہ کے دوران صوبے بھر میں 6 ہزار 131 کومبنگ آپریشنز کیے گئے، جن میں 5 سو 99 مشتبہ افراد کو حراست میں لیا گیا جبکہ 2 لاکھ 43 ہزار 546 افراد سے پوچھ گچھ کی گئی۔

بقیہ: پولیو وائرس 34

کی تصدیق ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی صوبے میں وائرس کی گردش کی نشاندہی کرتی ہے، جس کے بعد انسداد پولیو حکام کی جانب سے مزید اقدامات متوقع ہیں۔ ملک بھر کے 40 سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق ملک بھر سے 127 سیوریج نمونے قومی ادارہ صحت بھجوائے گئے تھے، جو دسمبر 2025 میں لیے گئے تھے۔ 40 سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس پازیٹو اور 87 سیوریج نمونے پولیو نیگیٹو ہیں۔ سندھ میں سب سے زیادہ 23 سیوریج نمونوں میں پولیو وائرس شبت نکلا۔

بقیہ: دستخط 35

دیکھنے کو ملا ہے۔ 2025 میں مجموعی طور پر 7 لاکھ 62 ہزار 499 افراد بیورو آف امیگریشن کی سہولت کاری سے بیرون ملک بھجوائے گئے۔ اس کے علاوہ، بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی ترسیلات زر میں 9 فیصد اضافہ ہوا، جو 40 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ یہ اضافہ ملکی معیشت کے لیے ایک خوش آئند پیشرفت ہے، جس سے زرمبادلہ کے ذخائر میں بھی بہتری آئی ہے۔ وزارت سمندر پار پاکستانی نے 2025 میں اٹلی، بیلاروس اور عراق کے ساتھ لیبر موبلٹی معاہدوں پر دستخط کئے ہیں

بقیہ: طلال چوہدری 36

کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب اس وقت ترقیاتی کاموں میں ملک کے دیگر صوبوں سے آگے ہے۔ پنجاب میں کوڑا کرکٹ باقاعدگی سے لوگوں کے گھروں سے اٹھایا جاتا ہے۔ جبکہ کراچی، پشاور اور کوئٹہ میں یہ صورتحال نظر نہیں آتی۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب میں کوئی بھی کچے کا ڈاکو نہیں۔ بلکہ جو بھی جرم کرتا ہے وہ قانون کی گرفت میں آتا ہے۔

بقیہ: یونٹ مہنگی 37

فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں نیپرا میں درخواست جمع کرا دی ہے، جس پر نیپرا اتھارٹی 29 جنوری کو سماعت کرے گی۔ درخواست کے مطابق دسمبر کے مہینے میں 8 ارب 48 کروڑ 70 لاکھ یونٹس بجلی پیدا کی گئی، جبکہ ڈسکوز کو 8 ارب 20 کروڑ 80 لاکھ یونٹس بجلی فراہم کی گئی۔ سی پی پی اے کا کہنا ہے کہ دسمبر میں بجلی کی فی یونٹ لاگت 9 روپے 62 پیسے رہی۔

بقیہ: اتنی اچھی نہیں 38

ہے، ترسیلات زر بڑھ رہی ہیں، دنیا کا کونسا ایسا ملک ہے جس سے آج پاکستان کی دوستی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر ملک میں مافیا ہوتی ہیں، ہمارے ملک میں بھی مافیاز ہیں حق اور سچ ان کا راستہ روکتے ہیں۔ ایاز صادق بولے کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی کبھی اتنی اچھی نہیں تھی جتنی آج ہے، صرف ہمسایہ ملک سے مسئلہ ہے جو ہمارے بچوں کی جانوں سے کھیلتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کی خارجہ پالیسی اچھی ہو رہی ہے۔ امریکا، چین، روس، سعودی عرب، ترکیہ سے دوستی ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ واضح کردوں کہ میں وزیراعظم سے مشاورت کرتا ہوں، وہ مجھے کسی چیز سے روکتے نہیں، مشاورت کرنا اچھی بات ہے، جتنے زیادہ لوگوں سے مشاورت کریں وہ بہتر ہے۔ ایاز صادق نے کہا کہ کوئی ملک دشمن بات کرے گا میں اسے روکوں گا، کہیں نہیں لکھا کہ جب اپوزیشن لیڈر اٹھے تو اسے فلور ملے، وہ ٹھیک بات کریں گے تو فلور ملتا رہے گا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ماحول خراب کرنا چاہتے ہیں اور ملک کا نقصان چاہتے ہیں تو کر کے دیکھ لیں کوئی فرق نہیں پڑے گا۔

بقیہ: تحفظ اور مسائل 39

مدد جنگ کے سامنے رکھے جنہیں انہوں نے نہایت توجہ، سنجیدگی اور ہمدردی کے ساتھ سنا۔ حاجی علی مدد جتک نے عوام کو یقین دلایا کہ ان کے مسائل کے فوری اور موثر حل کے لئے متعلقہ محکموں اور اعلیٰ حکام سے رابطہ کیا جائے گا اور عملی اقدامات بھی اٹھائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ عوامی نمائندے کی حیثیت سے عوام کی خدمت، ان کے حقوق کا تحفظ اور مسائل کا حل ان کی اولین ترجیح ہے حاجی علی مدد جتک نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ عوامی سیاست پر یقین رکھتی ہے اور وہ ہر فورم پر عوام کی آواز بن کر ان کے مسائل اجاگر کرتے رہیں گے انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے خدمت کے اس سلسلے کو آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ: بھاری بھرکم بل 40

محمد عارف شمشیر، مفتی محمد ابوبکر اور دیگر نے کہا ہے کہ شدید سردی کے باوجود گیس پریشر میں بدترین کمی اور اس کے ساتھ من مانے اور غلط گیس بلوں کا اجراء عوام کے ساتھ کھلا مذاق ہے کوئٹہ کے شہری لکڑیاں جلانے پر مجبور ہیں جبکہ گیس کمپنی بلا تعطل بھاری بھرکم بل تھما رہی ہے، جو سراسر ظلم، لوٹ مار اور عوام دشمنی کے مترادف ہے گیس کی عدم فراہمی کے باوجود مکمل بل وصول کرنا انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے۔ شدید سردی میں بچوں، بزرگوں اور مریضوں کو اذیت میں مبتلا کرنا کسی صورت قابل قبول نہیں انہوں نے کہا کہ نااہل حکمرانوں اور متعلقہ اداروں کی مجرمانہ غفلت نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے عوام کے صبر کا امتحان نہ لیا جائے انہوں نے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ میں گیس پریشر فوری طور پر بحال، غیر منصفانہ اور من گھڑت گیس بلوں کو فی الفور منسوخ کیا جائے، صارفین کو ریلیف فراہم کیا جائے اور ذمہ دار افسران کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے۔

بقیہ: ایس ایچ او ٹی 41

نگرانی ڈی ایس پی سٹی محمد رفیق مینگل کی ایس ایچ او صدر محمد یوسف جانڈیو و دیگر اہلکاروں نے صدر ایریا میں کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چور نور احمد، بابل اور یوسف کو گرفتار کر کے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی دریں اثناء ایک دوسری کارروائی میں ایس ایچ او ٹی نے اغواء کے کیس میں روپوش اشتہاری کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے اسے گرفتار کرلیا اشتہاری جلیل احمد کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش پولیس نے شروع کر دی۔

بقیہ: زین العابدین خلجی 42

ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہیں محمود خان اچکزئی کی منزل بطور اپوزیشن لیڈر عمران خان کی رہائی ہے یہ بات پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ، صوبائی جنرل سیکرٹری جہانگیر رند، کوئٹہ ڈویژن صدر عارف کاکڑ، ڈسٹرکٹ کوئٹہ کے صدر زین العابدین خلجی، کوئٹہ سٹی صدر سید میر علی آغا اور دیگر نے اسٹریٹ موومنٹ کے حوالے سے وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کے بلوچستان دورے سے متعلق جنرل باڈی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی کہ پاکستان تحریک انصاف کا محمود خان اچکزئی کو اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی منتخب کرانا بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کا فیصلہ ہے، جس پر تحریک انصاف کا ہر کارکن من و عن عمل پیرا ہے انہوں نے مزید کہا کہ امید کی جاتی ہے کہ محمود خان اچکزئی و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے ممبران پی ٹی آئی قیادت کے ہمراہ عمران خان کی رہائی، حقیقی آزادی اور آئین و قانون کی بالادستی کیلئے مثالی کردار ادا کریں گے۔

بقیہ: پسماندگان کیلئے 43

اور دل دہلا دینے والا ہے، جس نے پورے صوبے کو سوگوار کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ معصوم جانوں کا یوں ضائع ہونا نا قابل تلافی نقصان ہے حاجی نور محمد خان دمڑ نے جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی انہوں نے حادثے میں زخمی ہونے والے افراد کی جلد اور مکمل صحت یابی کیلئے بھی دعا کی اور متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں صوبائی وزیر خوراک نے کہا کہ اللہ تعالیٰ متاثرہ خاندانوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ: انتخاب عمل 44

عہدیداروں کی تقریب حلف برداری سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر انجمن تاجران خوشحال روڈ کے نئے عہدیداروں کا انتخاب عمل میں لایا گیا جس کے مطابق صدر نجی محمد، جنرل سیکرٹری ڈاکٹر سمیع کاکڑ، سینئر نائب صدر صاحب جان، نائب صدر حاجی تاج عمر، نائب صدر جیلانی خان، نائب صدر سردار خان، خزانہ سیکرٹری حافظ صاحب، سیکرٹری اطلاعات نادر خان، میڈیا قسیم خان، چیئرمین رحمت، سرپرست اعلیٰ منظور خان، جوائنٹ سیکرٹری مرزا خان شامل ہیں نئے منتخب ہونے والے عہدیداروں سے مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے سینئر نائب صدر حضرت علی اچکزئی نے حلف لیا۔

بقیہ: غریب صوبے کے عوام 45

ایک عذاب بن چکا ہے کوئٹہ سے کراچی کا دس گھنٹے کا سفر بدامنی اور عدم تحفظ کے باعث بائیس گھنٹوں میں طے ہو رہا ہے، جو حکومت کی ناکامی کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف غریب صوبے کے عوام عدم تحفظ اور خوف میں مبتلا ہیں جبکہ دوسری جانب صوبے کا وزیر اعلیٰ کوئٹہ شہر میں ڈیڑھ سو گاڑیوں کے لشکر کے ساتھ سفر کرتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ بجائے اس کے کہ امن و امان کے قیام کے لئے سنجیدہ اقدامات کئے جائیں۔ امن کے نام پر صرف دکھاوا اور تماشا کیا جا رہا ہے۔ مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا کہ بدقسمتی سے ملک دن بدن بدامنی کی طرف جا رہا ہے، عوام تو در کنار خود سیاسی قیادت بھی محفوظ نہیں رہی۔

بقیہ: بوجھ ڈالنے 46

اور عوام مہنگائی کی چکی میں پستے جا رہے ہیں انہوں نے کہا کہ آئی ایم ایف کی پالیسیوں سے عوام کو ریلیف میسر کرنے کی کوئی امید نہیں مہنگائی سے مزید غریب عوام کا خون نچوڑا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکمران عوام پر بوجھ ڈالنے کی بجائے وزراء اور مشیروں اور بیوروکریسی کی مراعات میں کمی لائے عوام پر مزید بوجھ لادنے سے ملک پر جو کرپٹ اور فرسودہ نظام مسلط ہے۔ بحران اسی نظام کی پیداوار ہے انہوں نے کہا کہ کرپشن اور بدعنوانیوں نے ملکی خزانے کو دیمک کی طرح اندر سے چاٹ کر کھوکھلا کر دیا ہے ملک میں بحرانوں کے تسلسل کی بنیاد کرپشن ہے۔

بقیہ: بنگلہ دیشی بورڈ 47

آف اینٹی کرپشن اینڈ سیکیورٹی اینڈریو ایفگریو کو ویزا دیا گیا ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق، اینڈریو ایفگریو اس دورے کے دوران بنگلہ دیشی بورڈ کے حکام سے ملاقات کریں گے اور ورلڈ کپ کے وینیوز اور سکیورٹی کے امور پر بات چیت کریں گے۔ یاد رہے کہ بنگلہ دیش نے مستفیض الرحمان کو آئی پی ایل سے نکالے جانے کے بعد بھارت میں کھیلنے کا بائیکاٹ بھی کر رکھا ہے، جس کی وجہ سے دونوں ممالک کے درمیان تنازع مزید بڑھ گیا ہے۔ اینڈریو ایفگریو 17 جنوری کو ڈھاکا پہنچے تاکہ بنگلہ دیش کی ورلڈ کپ میں شرکت سے متعلق جاری اختلافات حل کیے جا سکیں۔ ایفگریو سابق برطانوی پولیس افسر اور بین الاقوامی کھیلوں کی سکیورٹی کے ماہر ہیں اور ان کے مذاکرات کا محور یہ ہے کہ بنگلہ دیشی حکام کو یقین دلایا جا سکے کہ بھارت میں میچز کے دوران ان کے کھلاڑیوں کی سکیورٹی مکمل ہوگی۔ اس دورے کو آئی سی سی کی جانب سے ایک "آخری کوشش" کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، کیونکہ بنگلہ دیش نے سکیورٹی خدشات کے پیش نظر گروپ مرحلے کے میچز بھارت کے بجائے سری لنکا منتقل کرنے کی درخواست بھی کی ہے۔ ٹی 20 ورلڈ کپ کے آغاز تک وقت کم رہ گیا ہے، اور اب اینڈریو ایفگریو کو بنگلہ دیش کو اصل شیڈول کے مطابق کھیلنے پر آمادہ کرنا ہے، ورنہ ٹورنامنٹ کے مستقبل پر سوالات پیدا ہو سکتے ہیں۔

بقیہ: نئی دہلی میں 48

پروکیورمنٹ بورڈ نے فرانسیسی دفاعی کمپنی ڈسالٹ ایوی ایشن (Aviation Dassault) سے رافیل طیاروں کی خریداری کی تجویز کو کلیئر کر دیا ہے۔ بھارتی وزارت دفاع اور فضائیہ نے معاملے پر تبصرہ کرنے کی درخواستوں کا فوری طور پر کوئی جواب نہیں دیا۔ یاد رہے کہ بھارت نے 2015 میں فرانس سے 126 رافیل طیارے خریدنے کا ایک معاہدہ منسوخ کر دیا تھا جس کی جگہ نئی دہلی میں تیار ہونے والے طیاروں کی معیار پر برسوں تک جاری رہنے والے مذاکرات اور اختلافات تھے۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون آئندہ ماہ بھارت کا دورہ کرنے والے ہیں۔ اگرچہ روس اب بھی بھارت کو اسلحہ فراہم کرنے والا سب سے بڑا ملک ہے، تاہم نئی دہلی نے گزشتہ چند سالوں کے دوران ماسکو سے فوجی ساز و سامان کی خریداری میں کمی کی ہے۔ رافیل کیلئے حتمی معاہدے پر دستخط اور طیاروں کی فراہمی شروع ہونے سے قبل ابھی مزید مراحل باقی ہیں جن میں قیمتوں پر تبادلہ خیال اور کابینہ سے حتمی منظوری شامل ہے۔ بلومبرگ نیوز کی رپورٹ کے مطابق بھارت کے پاس پہلے ہی 36 رافیل طیارے موجود ہیں اور اس نے رواں سال اپریل میں اس لڑاکا طیارے کے 26 بحری ورژن خریدنے کا معاہدہ بھی کیا تھا۔ ان 114 طیاروں میں سے چند کے علاوہ باقی تمام طیارے فرانسیسی دفاعی کمپنی کے تعاون سے بھارت میں ہی تیار کیے جائیں گے جو بھارتی شراکت داروں کو ٹیکنالوجی بھی منتقل کرے گی۔

بقیہ: آئین کی بالادستی 49

سے پارلیمنٹ میں آئین کی روح کو مسخ کر رہے ہیں آئے روز ملک میں غیر آئینی اقدامات سے ملک کی اساس کو کمزور کیا جا رہا ہے جو قوم و ملک کے مفاد میں نہیں انہوں نے کہا کہ پارلیمنٹ کی آزادانہ فیصلوں اور سچ سے ملک میں ترقی اور استحکام ممکن ہے انہوں نے کہا کہ جمہوریت اور جمہوری اصولوں اور اقدار کا جنازہ نکال رہا ہے ملک کی موجودہ حالات پر غیر سنجیدگی سے ایک مضبوط نظام بدل سکا انہوں نے کہا کہ ایک آزاد اور انصاف پر مبنی سوچ کو دفنانے کی کوشش ہو رہی ہے حکمرانوں نے غیر آئینی عمل کو سیاست میں مداخلت کیلئے راستہ فراہم کیا ہے۔

بقیہ: سفید پوش مڈل 50

عوام مہنگائی کی صورت میں بھگت رہی ہے انہوں نے کہا کہ ملک میں ناقص پالیسیوں کی بناء پر مہنگائی اور موجودہ وسائل میں اضافہ ہو رہا ہے۔ بحران در بحران سے سفید پوش مڈل کلاس سے لے کر غربت کی لکیر پر زندگی گزارنے والے بھی مہنگائی کے ہاتھوں ایک اذیت ناک زندگی گزار رہے ہیں اس وقت غریب عوام ایک کلو آٹا کو بھی ترس رہے ہیں گوداموں میں لاکھوں بوری آٹا ذخیرہ ہے ملک پر مافیاز کی اسمگلنگ سے اشیاء خورد و نوش کی قیمتیں آسمان سے باتیں کر رہی ہیں حکومت آٹا اور چینی مافیاز کے سامنے بے بس ہو چکی ہے۔

بقیہ: طب کے شعبے 51

جائے، اور 2025 میں اسے متعارف کروا کر عملی شکل دی گئی، مستقبل میں جرنل کی بین الاقوامی نمائش کی جائے گی، جرنل میں یونیورسٹی کی گریڈ کارکردگی، اب تک کی کامیابیاں، سرگرمیوں ریسرچ، طب کے شعبے میں جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کا ذکر کیا گیا ہے اس کے ساتھ ساتھ سرجری الائیڈ ہیلتھ سروسز اور نرسنگ کے شعبے میں بھی جدید سہولیات متعارف کروانے کے حوالے سے زور دیا گیا ہے تاکہ مریض کو اس کا براہ راست فائدہ ہو سکے، وائس چانسلر بی یو ایم ایچ ایس کا کہنا تھا کہ بلوچستان پاکستان کا آدھا رقبہ ہے لیکن ہم ریسرچ کی مد میں بیرونی جرنلز پر انحصار کرتے تھے اور اپنی یونیورسٹی کے جرنل کی کمی محسوس کرتے تھے، اب عملی طور پر اسے متعارف کر دیا گیا ہے، وقت کے ساتھ ساتھ اس میں بہتری لائیں گے۔

بقیہ: اختلافات اپنی 52

انہوں نے کہا کہ بلوچستان ہم سب کا مشترکہ گھر ہے اس کی ترقی اور خوشحالی ہم سب کی ذمہ داری ہے سیاسی اختلافات اپنی جگہ لیکن صوبے کی ترقی کیلئے ہم سب نے مل کر کردار ادا کرنا ہوگا اگر آج بھی ہم نے اس صوبے کے عوام کو حقوق نہ دیئے تو خدشات و محرومیاں ختم کرنا ممکن نہیں

بقیہ: چوری اور ڈکیتی 53

آباد قومی شاہراہ پر آئے روز ڈاکو اور راہزن لوٹ مار کر رہے ہیں جس میں صحافی، عام شہری اور علاقہ مکین محفوظ نہیں رہے۔ حکومت اور متعلقہ پولیس حکام کی جانب سے تا حال آئے روز قومی شاہراہ پر چوری اور ڈکیتی کی وارداتوں کا تدارک کر کے اس میں ملوث عناصر کو قانون کے شکنجے میں جکڑنے میں ناکام ہیں گزشتہ روز پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور نیچے کمار گزشتہ چند روز سے نصیر آباد اور ملحقہ علاقوں کے دورے پر تھے جہاں پر ہفتہ کو نامعلوم مسلح افراد نے ان کے سکواڈ میں شامل گاڑی کو روک کر اسلحہ کے زور پر گن مین کا اسلحہ اور ڈرائیور سے موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان لوٹ لیا اور فرار ہو گئے گزشتہ روز علاقہ کے صحافی ایوب کھوسہ سے بھی موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان چھینا گیا تھا یاد رہے کہ مذکورہ شاہراہ پر گزشتہ کئی عرصے دن اور رات کے اوقات میں راہزن، چور اور ڈاکوؤں نے آئے روز اس طرح کی وارداتیں کر کے علاقوں مکینوں اور سرکاری حکام کا سفر کرنا دوبھر کر رکھا ہے

بقیہ: سرکاری طور پر 54

رڈیزل کا الگ الگ نرخوں پر فروخت ہونا اس امر کا کھلا ثبوت ہے کہ حکومتی رٹ کمزور ہو چکی ہے اور متعلقہ ادارے اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے میں ناکام نظر آتے ہیں سرکاری طور پر اعلان کردہ نرخ نامے کے باوجود صارفین کو من مانے دام ادا کرنے پر مجبور کیا جا رہا ہے، جو سراسر ناانصافی ہے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا تعین وفاقی حکومت اور آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کے تحت ہوتا ہے، جبکہ صوبائی اور ضلعی انتظامیہ کی ذمہ داری ہے کہ ان نرخوں پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ صوبائی دارالحکومت میں ہی اگر ایک پیٹرول پمپ سرکاری نرخ پر اور دوسرا من فروخت کر رہا ہے

بقیہ: بروقت مداخلت 55

ویک اینڈ کے باوجود فوری سہولت فراہم کی۔ پاکستان کے سفیر نے کہا کہ ایرانی حکام کے تعاون پر تہہ دل سے شکر گزار ہیں، بلوچستان حکومت کی بروقت مداخلت پر بھی مشکور ہیں، خواتین اور بچے تافتان زاہدان بارڈر کے ذریعے سفر کو ترجیح دیں۔ ان کا کہنا تھا کہ سفارتی ذرائع کے مطابق ایران سے گزشتہ 5 روز میں 300 سے زائد پاکستانی شہری وطن واپس پہنچ چکے ہیں۔

بقیہ: الجی بلوم 56

ل آکسیجن کی کمی سے ہلاک ہو رہی ہیں۔ گوادر کے ساحل پر گنارقش سمیت تقریباً 200 سمندری سانپ مردہ پائے گئے ہیں۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات کے مطابق الجی بلوم کے باعث سمندر کے پانی میں بدبو پھیل گئی ہے، جس سے ساحلی آبادی کو مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس موسم میں الجی بلوم کا آنا ایک قدرتی عمل ہے، تاہم اس کے فوری اثرات خطرناک ہو سکتے ہیں۔ ماہی گیروں کو احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے جبکہ توقع ظاہر کی گئی ہے کہ چند دنوں میں صورتحال معمول پر آ جائے گی۔

بقیہ: تجارتی جہاز 57

رسائی کا مطالبہ کیا ہے، تاہم ایران کی جانب سے بھارتی جہاز پکڑنے کی تصدیق نہیں ہوئی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق بھارتی سفارت خانے نے ہفتے کے روز تصدیق کی ہے کہ ایرانی حکام نے دسمبر 2025 کے وسط میں 16 بھارتی عملے کے ساتھ تجارتی جہاز ایم ٹی ویلینٹ روڑ کو پکڑا تھا۔ بھارتی قونصل خانہ بندر عباس نے ایرانی حکومت کو 14 دسمبر کو خط لکھ کر عملے تک قونصلر رسائی کا مطالبہ کیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے دعوے کے مطابق ایران کی اسلامی انقلاب کور پاسداران انقلاب (IRGC) نے جہاز کو 8 دسمبر کو بین الاقوامی پانیوں میں، دبئی کے قریب روکا

بقیہ: ارب پتی تاجر 58

شخصیت کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔ وائٹ ہاؤس نے 'بورڈ آف پیس' کے مرکزی ایگزیکٹو ارکان کے ناموں کا اعلان کیا ہے جس میں امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو، امریکی خصوصی ایلچی برائے مشرق وسطیٰ اسٹیو وٹکوف، ارب پتی تاجر مارک روون، عالمی بینک کے صدر اجے بنگا اور امریکی ڈپٹی نیشنل سکیورٹی ایڈوائزر رابرٹ گیبریل شامل ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سابق برطانوی وزیراعظم ٹونی بلیئر اور اپنے داماد جیرڈ کشنر کو بھی اس نام نہاد بورڈ آف پیس کے بانی ایگزیکٹو ارکان کے طور پر نامزد کیا ہے۔ اس بورڈ کا کام غزہ کے مستقبل کے لیے سیاسی حکمت عملی بنانا، عالمی سطح پر فنڈز اکٹھا کرنا اور سکیورٹی کے بڑے معاملات کی نگرانی کرنا ہے۔ اقوام متحدہ کے سابق ایلچی نکولے ملادینوف کو غزہ کے لیے نمائندہ اعلیٰ مقرر کیا گیا ہے

بقیہ: مقصد طویل فاصلے 59

جنوب مشرقی گرین لینڈ کے اوپر ایندھن بھرنے کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ ڈنمارک کی مسلح افواج کے مطابق یہ مشن یورپی اتحادیوں کے ساتھ آرکٹک خطے میں بڑھتی ہوئی فوجی سرگرمیوں کا حصہ ہے۔ اس کا مقصد طویل فاصلے کی پروازوں اور سخت جغرافیائی حالات میں محفوظ آپریشنز کو یقینی بنانا بتایا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق یورپی ممالک ڈنمارک کی درخواست پر محدود تعداد میں فوجی گرین لینڈ بھیج چکے ہیں تاکہ فضائی مشقوں اور دیگر فوجی سرگرمیوں کو سپورٹ فراہم کی جا سکے۔

بقیہ: آئین کی بالادستی 60

نے کہا کہ باچا خان نے برصغیر میں عدم تشدد، تعلیم اور اصلاح معاشرہ پر مبنی ایسی ہمہ گیر تحریک کی بنیاد رکھی جو آج بھی امن برداشت اور رواداری کی علامت ہے جبکہ خان عبدالولی خان نے جمہوری سیاست وفاقیت آئین کی بالادستی اور پارلیمانی جدوجہد کے ذریعے عوام کے حقوق کے مسلسل اور جرات مندانہ دفاع کیا ہے انہوں نے کہا کہ ان عظیم رہنماؤں نے قید و بند جلاوطنی اور بے مثال قربانیوں کے باوجود اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا اور یہی وجہ ہے کہ آج کے سنگین حالات میں ان کا پیغام پہلے سے کہیں زیادہ اہمیت اختیار کر چکا ہے

بقیہ: تحریری حکم 61

کٹائی سے روک دیا ہے۔ جسٹس خادم حسین سومرو نے چار صفحات پر مشتمل تحریری حکم نامہ جاری کیا، جس میں سی ڈی اے، وزارت موسمیاتی تبدیلی اور انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی کو نوٹسز جاری کرتے ہوئے تفصیلی جواب طلب کرلیا گیا ہے۔

بقیہ: ریسکیو حکام 62

ول نے لاشوں اور زخمیوں کو بی ایچ کیو اسپتال منتقل کیا جہاں دوران علاج مزید 7 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کا کہنا ہے کہ جاں بحق ہونے والوں میں تین مرد، پانچ خواتین اور چھ بچے شامل ہیں۔

بقیہ: ریاستی مشینری 63

فوری عملدرآمد کا مطالبہ کیا ہے انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین ریاستی مشینری میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں

بقیہ: ڈپٹی چیئرمین 64

خالد حسین مگسی، جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سیکرٹری جنرل اور سابق ڈپٹی چیئرمین سینیٹ مولانا عبدالغفور حیدری سمیت دیگر سینیٹرز، ارکان پارلیمنٹ، معروف سیاسی و سماجی رہنماؤں، وکلاء، ڈاکٹرز، قبائلی عمائدین، صحافیوں، بیوروکریسی اور اساتذہ کرام نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کی رہائش گاہ پر جا کر ان سے دلی تعزیت کا اظہار کیا

بقیہ: اثاثوں کی تحقیق 65

آئے ہیں مزید برآں، ذرائع نے انکشاف کیا کہ گرفتار ڈاکٹر اکبر کی کراچی، کوئٹہ اور اسلام آباد میں اربوں روپے کی پراپرٹی بھی موجود ہے، جس سے ان کے مبینہ غیر قانونی اثاثوں کی تحقیق ظاہر ہوتی ہے پولیس اور متعلقہ حکام نے مزید تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

بقیہ: انسانی بحران 66

گی ہے کہ خط میں صدر ٹرمپ نے ترک صدر کو غزہ کیلئے قائم کیے جانے والے مجوزہ "بورڈ آف پیس" کا بانی رکن بننے کی بھی پیشکش کی ہے۔ ترک صدارتی دفتر کے مطابق خط میں انسانی بحران کے خاتمے، فوری جنگ بندی اور غزہ میں امدادی سرگرمیوں کو مؤثر بنانے پر زور دیا گیا ہے

بقیہ: پروسٹیٹ کینسر 67

میں نہیں پھیلا، این ایچ ایس کے تحت مذکورہ نئی دوا حاصل کر سکیں گے۔ گزشتہ 3 ماہ کے دوران ایسے مریضوں کی تعداد تقریباً 2 ہزار ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ہر سال 7 ہزار سے زائد مرد جدید علاج سے مستفید ہوں گے۔ پروسٹیٹ کینسر کی دوا سے اموات کا خطرہ نصف رہ جائے گا۔ این ایچ ایس کے فیصلے سے 3 ہزار جانیں بچنے کی توقع ہے۔

بقیہ: کروڑوں روپے 68

ل برقرار تھا لیکن موجودہ ڈی جی اینٹی کرپشن نصیب اللہ کاکڑ نے جب سے چارج سنبھالا تو انہوں نے مختلف حوالوں سے تحقیقات کا دائرہ وسیع کر کے ان لوگوں تک پہنچ گیا جس نے قومی خزانے کو نہ صرف لاکھوں بلکہ کروڑوں روپے نقصان پہنچا کر رقم اپنے نام کر رکھا اس سلسلے میں اینٹی کرپشن کوئٹہ کے علاوہ نصیر آباد، لورالائی، موسیٰ خیل و دیگر علاقوں میں بھی چھاپے مار کر کرپشن میں ملوث افسران کو گرفتار اور کرپشن سامنے لانے کی پالیسی اختیار کی

بقیہ: صاف ستھرا ماحول 69

میں صفائی کے معیار کو مزید بہتر بنایا جائے، گلی محلوں اور بازاروں میں روزانہ کی بنیاد پر صفائی یقینی بنائی جائے اور عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جائے انہوں نے مزید کہا کہ صاف پانی اور صحت مند گوادر کی ضمانت ہے اور اس سلسلے میں بلدیہ کے کردار کو مزید فعال بنانے کی ضرورت ہے

بقیہ: اگل کیمرہ 70

سے زائد بچوں سے زیادتی میں ملوث رہے ہیں۔ جب کہ پولیس کو 2020 سے 2025 تک 7 شکایات رپورٹ ہوئی تھی۔ انہوں نے بتایا کہ مختلف اضلاع کے کیسز میں ڈی این اے ایک ہی شخص کا ملا تھا اور ہمیں 6 سال سے اگل کیمرہ میں ایک ہی ڈی این اے ملنے پر تفتیش ہوئی، ان تمام کیسز میں 12 سے 13 سال کے لڑکوں کو زیادتی کا نشانہ بنایا گیا اور ایک کیس میں بچے سے 2 سے زائد افراد نے زیادتی کی، درج شدہ تمام 7 مقدمات میں ملزم کا ڈی این اے میچ کر گیا ہے۔ عثمان سدوزئی کا کہنا تھا کہ ایڈیشنل آئی جی کراچی آزاد خان نے 6 جنوری کو ٹیم تشکیل دی تھی، اور یہ ٹیم ڈی آئی جی سی آئی اے مقدس حیدر کی سربراہی میں بنائی گئی تھی، اس ٹیم نے 11 روز کے اندر مطلوب ترین ملزمان کو گرفتار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزم عمران منظور کالونی کا رہائشی ہے اور پنکچر کا ٹھیا لگاتا ہے، اس کیس میں گرفتار مرکزی ملزم عمران نے 6 سال میں درجنوں بچوں سے زیادتی کا اعتراف کیا ہے۔ ان کے مطابق عمران نے تمام بچوں کو ملیر ندی کے قریب لے جا کر زیادتی کا نشانہ بنایا، وہ موٹر سائیکل کا بچوں کو لالچ دے کر ساتھ لے جاتا تھا۔ ایس ایس پی نے مزید بتایا کہ تین کیسز میں بچوں نے ملزم عمران کو شناخت کر لیا ہے، جب کہ ایک کیس میں بچے نے عمران اور ساتھی وقاص خان کو بھی پہچانا ہے، ملزم ایک بچے کو وقاص کے ساتھ سرجانی بھی لے گیا تھا جہاں بچے نے شور مچایا تو دونوں ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے معاملے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ چائلڈ ابیوز کیسز کسی صورت برداشت نہیں کروں گا۔

بقیہ: چشمہ بیراج 71

میں قابل استعمال پانی کی مجموعی مقدار تسلی بخش سطح پر موجود ہے۔ واپڈا ترجمان کے مطابق تربیلا کے مقام پر دریائے سندھ میں پانی کی آمد 17 ہزار کیوسک اور اخراج بھی 17 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا ہے۔ منگلا کے مقام پر دریائے جہلم میں پانی کی آمد 3 ہزار 400 کیوسک جبکہ اخراج 100 کیوسک ہے۔ چشمہ بیراج میں پانی کی آمد 27 ہزار 600 کیوسک اور اخراج 20 ہزار کیوسک ریکارڈ کیا گیا۔ ہیڈ مرالہ کے مقام پر دریائے چناب میں پانی کی آمد اور اخراج دونوں 5 ہزار 700 کیوسک ہیں، جبکہ نوشہرہ کے مقام پر دریائے کابل میں پانی کی آمد 9 ہزار 300 کیوسک اور اخراج بھی 9 ہزار 300 کیوسک بتایا گیا ہے۔ ترجمان واپڈا کے مطابق تربیلا ریزروائر میں آج پانی کی سطح 1492.00 فٹ ہے

بقیہ: منشیات فروشی 72

نے پولیس پارٹی کو دیکھتے ہی فائرنگ شروع کر دی، جس پر پولیس نے اپنی جانوں کے تحفظ میں جوابی کارروائی کی۔ فائرنگ کے تبادلے کے دوران ملزم محمد فیاض جاں بحق ہو گیا۔ جاں بحق ملزم محمد فیاض عرصہ دراز سے منشیات فروشی کے مکروہ دھندے میں ملوث تھا، جس کے خلاف گزشتہ 16 سالوں کے دوران تھانہ ٹوپی میں منشیات فروشی اور دیگر سنگین نوعیت کے کل 14 مقدمات درج اور رجسٹرڈ تھے۔ پولیس رپورٹ کے مطابق اس سے قبل مقامی پولیس نے ابراہیم نامی شخص کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے آئس (منشیات) برآمد کی تھی، جس نے دوران تفتیش انکشاف کیا۔ اس واقعے کے خلاف واقعے پر علاقہ مکینوں اور لواحقین نے لاش کارخانوں روڈ پر رکھ کر احتجاج شروع کر دیا جس کے باعث سڑک ٹریفک کے لیے بند رہی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ نوجوان کو ناحق مارا گیا ہے

بقیہ: مروجہ قانونی 73

وزیر اعلیٰ محض اپنے ذاتی اور علاقائی مفادات کے تحت صرف پانچ یونین کونسلوں پر مشتمل اپنے آبائی ورور اور اقدہ علاقے کو ضلع بنانے کیلئے دن رات کوشاں ہیں، حالانکہ یہ علاقہ کسی بھی طرح ضلع بنانے کے مروجہ قانونی، آبادیاتی، انتظامی اور مالی معیارات پر پورا نہیں اترتا۔ اس کے برعکس ضلع شیرانی ایک تاریخی حیثیت، وسیع رقبے، مستقل آبادی اور واضح جغرافیائی شناخت کا حامل ضلع ہے۔

بقیہ: دیگر شخصیات 74

سیف اللہ ترین، دین محمد حسنی نے وفاقی آئینی عدالت اسلام آباد میں بلوچستان کی 62 مزدور یونینز پر عائد پابندی کیخلاف دائر آئینی پٹیشن کی پیروی کیلئے اسلام آباد میں ماہر قانون حافظ عرفات چوہدری اور دیگر شخصیات سے ملاقاتیں کیں اور انہیں بلوچستان میں مزدوروں کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ٹریڈ یونین پر پابندی کی وجہ سے ہزاروں مزدوروں و ملازمین کے بنیادی حقوق شدید متاثر ہو رہے ہیں

سرگودھا، ٹرک خشک نہر میں جا گرا، خواتین و بچوں سمیت 14 جاں بحق

سوار افراد اسلام آباد سے فیصل آباد جا رہے تھے، نہر میں پانی نہیں تھا، حادثہ دھند کے باعث حد نگاہ کم ہونے سے پیش آیا

7 افراد موقع پر دیگر 7 ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گئے، تین مرد، 5 خواتین اور چھ بچے شامل

بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

افواج اور عدلیہ کیخلاف کسی کو بات نہیں کرنے دونگا، ایاز صادق

اپوزیشن لیڈر ٹھیک بات کرتے رہیں گے تو انہیں فلور ملتا رہے گا، آئین اور پارلیمنٹ میں عوام کی خدمت کا کام کریں

خارجہ پالیسی کبھی اچھی نہیں تھی، کوئی ملک نہیں جس سے ہماری دوستی نہیں، صرف ہمسایہ سے مسئلہ ہے، گفتگو

بقیہ 38 صفحہ نمبر 7 پر

ذخیرہ اندوزوں نے ملک کو بحرانوں سے دوچار کر رکھا ہے، قاری مہراللہ

مزدور اور غریب۔۔۔۔۔۔ بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

چاول کی قیمتوں میں نمایاں اضافہ

حکومت ملازمین کے ساتھ طے شدہ معاہدے پر عمل کرے، بی این پی

بلوچستان پہلے ہی بدامنی، معاشی بحران جیسے سنگین مسائل سے دوچار ہے، اختر حسین لانگو

سرکاری ملازمین کو دوبارہ احتجاج پر آنا کسی صورت قبول نہیں، سابق رکن اسمبلی

مرکزی رہنما سابق رکن اسمبلی میر اختر حسین لانگو نے گرینڈ الائنس کے رہنماؤں کے گھروں پر ... معاہدے پر۔۔۔۔۔۔ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

خریداری کی صلاحیت متاثر کر دی ہے

عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھائیں گے، علی مدد جتک

عوام کے اعتماد پر پورا اترنے کی بھرپور کوشش کریں گے، رہنما پیپلز پارٹی

تجاویز حاجی علی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار ٹریفک حادثے میں طالب علم جاں بحق

بنا مقامی انتظامیہ نے نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔

مرکزی انجمن تاجران خوشحال روڈ کی نو منتخب کابینہ سے جنرل سیکرٹری حضرت علی اچکزئی حلف لے رہے ہیں

صوبے کا پہلا میڈیکل جرنل متعارف کروا دیا، پروفیسر ڈاکٹر اسلم بزدار

مستقبل میں جرنل کی بین الاقوامی نمائش بھی کی جائے گی، وائس چانسلر بی یو ایم ایچ ایس

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز نے یونان جرنل آف میڈیکل اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز کے نام سے صوبے کا پہلا میڈیکل جرنل متعارف کروا دیا گیا جرنل کے چیف ایڈیٹر پروفیسر ڈاکٹر اسلم بزدار کے مطابق جرنل کے کا کام کا آغاز 2017 میں جب بلوچستان یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز قائم کی گئی تب سے حکومت اور یونیورسٹی انتظامیہ کی خواہش تھی کہ صوبے کا پہلا میڈیکل جرنل متعارف کروایا۔۔۔۔۔۔ بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

پشتونخوا نیشنل پارٹی خیبر پختونخوا کے صوبائی سیکرٹریٹ کے افتتاح کے موقع پر اجتماع سے پارٹی کے شریک چیئرمین مختار خان یوسفزئی، رضا محمد رضا، نصر اللہ زیرے اور دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کا سیدال خان ناصر سے اظہار افسوس

مولانا عبدالغفور حیدری سینیٹرز، وزراء، اراکین اسمبلی بھی فاتحہ خوانی کرنے والوں میں شامل

کوئٹہ + اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر کی بھابھی اور ان کے بڑے بھائی امان اللہ خان ناصر کی اہلیہ کے انتقال پر ملک کی اعلیٰ سیاسی قیادت اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات کی جانب سے تعزیت کا سلسلہ جاری ہے۔ چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر برائے سائنس و ٹیکنالوجی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

گرفتار ڈی ایچ او واشک کراچی اور اسلام آباد سے بھی کرپشن زدہ نکلا

ڈاکٹر اکبر پر یہ بھی الزام ہے دوران ڈیوٹی انہوں نے سرکاری ایمبولینس کو نجی استعمال میں لایا

کوئٹہ (یو این اے) کوئٹہ سے گرفتار ہونے والے ڈی ایچ او ڈاکٹر اکبر پر الزام ہے کہ انہوں نے دوران ڈیوٹی سرکاری ایمبولینس کو نجی استعمال میں تبدیل کیا ذرائع کے مطابق اس کے علاوہ ڈاکٹر اکبر کے زیارت میں بھی کروڑوں روپے کی کرپشن کے کیسز سامنے۔۔۔۔۔۔ بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کی ترک صدر کو غزہ پیس بورڈ کا رکن بننے کی پیشکش

رجب طیب ایردوان کو ایک باضابطہ خط ارسال، ترکیہ کی تصدیق

انقرہ (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ترک صدر رجب طیب ایردوان کو ایک باضابطہ خط ارسال کیا ہے، جس میں غزہ کی صورتحال کے حوالے سے ایک نئے بین الاقوامی امن اقدام پر تعاون کی دعوت دی گئی ہے۔ ترک صدارتی دفتر نے تصدیق۔۔۔۔۔۔ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

برطانیہ: پروسٹیٹ کینسر کی نئی دوا کی منظوری دے دی گئی

دوا مرض میں مبتلا ہزاروں مریضوں کو مفت فراہم کی جائے گی

لندن (م ڈ) برطانیہ کی نیشنل ہیلتھ سروس (این ایچ ایس) نے ملک میں پروسٹیٹ کینسر کی نئی دوا کی منظوری دے دی۔ برطانوی اخبار کی رپورٹ کے مطابق آئندہ چند ہفتوں کے دوران پروسٹیٹ کینسر کی دوا ہزاروں مریضوں کو مفت فراہم کی جائے گی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق یہ پہلی بار ہوگا کہ انگلینڈ میں ایسے مریض، جن کا پروسٹیٹ کینسر ابھی جسم کے دیگر حصوں۔۔۔۔۔۔ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن، حکومت کے دروازے عوام کیلئے کھلے ہیں، بخت کاکڑ

بلوچستان کی محرومی ختم اور بیروزگاری کے خاتمے کیلئے نوجوانوں کو میرٹ پر مختلف محکموں میں بھرتی کریں گے، صوبائی وزیر صحت

نصیر آباد، لورالائی، موسیٰ خیل و دیگر علاقوں میں بھی چھاپے مار کر کرپشن میں ملوث افسران کو گرفتار کر لیا، نصیب اللہ کاکڑ

وہ وقت دور نہیں جب بلوچستان ترقی اور تعلیم کے میدان میں دیگر صوبوں کے برابر آ جائے گا، مختلف وفود سے بات چیت

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ بلوچستان کی محرومیاں ختم، عوام کے تحفظات دور اور ان کے مسائل حل اور بے روزگاری کے خاتمے کیلئے میرٹ کے مطابق نوجوانوں کو مختلف محکموں میں بھرتی کریں گے عوام اپنے آپ کو تنہا نہ سمجھیں صوبائی حکومت ان کے ساتھ ہے ان کے مسائل حل کرنے کیلئے تمام تر فورم پر آواز اٹھائیں گے بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ ہے صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن اور حکومتی دروازے عوام کیلئے کھلے ہیں یہ بات انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔۔۔۔۔۔ بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ کا کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) کوئٹہ کا دورہ

کوئٹہ (آن لائن) رکن بلوچستان اسمبلی و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے ریجنل سینٹر، کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان (CPSP) کوئٹہ کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر سربراہ Cpsp ریجنل سینٹر کوئٹہ ڈاکٹر عائشہ صدیقہ نے ادارے کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ کالج آف فزیشنز اینڈ سرجنز پاکستان صوبہ بلوچستان میں پوسٹ گریجویٹ طبی تعلیم کو خصوصی اہمیت دے رہا ہے اور سی پی ایس پی CPSP کے صدر پروفیسر خالد مسعود گوندل، سینئر وائس پریذیڈنٹ پروفیسر محمد شعیب شفیع سمیت پوری کونسل صوبہ کے پروفیشنل ڈاکٹرز کو اعلیٰ تعلیم کیلئے پوری معاونت فراہم کر رہے ہیں

گیس پریشر میں کمی صارفین کے ساتھ مذاق، مولانا عبدالرحمان رفیق

شدید سردی میں بچوں، بزرگوں، مریضوں کو اذیت میں مبتلا کرنا قبول نہیں، عین اللہ شمس

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمان رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولوی حفیظ اللہ، مولوی محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد، حاجی نعمت اللہ اچکزئی، رحیم الدین ایڈووکیٹ، مولوی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

خضدار پولیس کی کارروائی، موٹر سائیکل چوروں سمیت اشتہاری گرفتار

نور احمد، بابل یوسف اور جلیل احمد گرفتار، مقدمہ درج، پولیس مزید تفتیش کر رہی ہے

خضدار (بیورو رپورٹ) خضدار ایس ایچ او صدر تھانہ کی کارروائی 3 چور رنگے ہاتھوں گرفتار تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی خضدار شہزادہ عمر عباس بابر اور ایڈیشنل ایس پی عبدالقدوس دہوار کے حکم پر جرائم پیشہ افراد کے خلاف مہم زیر۔۔۔۔۔۔ بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

نصیر آباد، مسلح راہزن نتھے کمار کے سکواڈ سے اسلحہ و موبائل چھین کر فرار

گزشتہ روز صحافی ایوب کھوسہ سے بھی موبائل فون اور دیگر قیمتی سامان چھینا گیا تھا

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نصیر آباد کے علاقے میں نامعلوم مسلح راہزن پارلیمانی سیکرٹری اقلیتی امور نتھے کمار کے سکواڈ میں شامل گاڑی کے ڈرائیور اور اہلکاروں سے موبائل فون اور اسلحہ چھین کر فرار ہوگئے تاہم پارلیمانی سیکرٹری محفوظ رہے بتایا جارہا ہے کہ یہ جیکب۔۔۔۔۔۔ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں واضح فرق، عوام میں تشویش کی لہر دوڑ گئی

پمپس پر پٹرول اور ڈیزل کا الگ الگ نرخوں پر فروخت ہونا اس امر کا کھلا ثبوت ہے، محمد عبدالقادر

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے وفاقی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں واضح فرق نے عوام میں شدید تشویش پیدا کر دی ہے ایک ہی شہر میں مختلف پٹرول پمپس پر پٹرول اور۔۔۔۔۔۔ بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

محمود خان اچکزئی کو اپوزیشن لیڈر بنانا خوش آئند ہے، داؤد شاہ

محمود خان اچکزئی کو اپوزیشن لیڈر منتخب کرنے کا فیصلہ عمران خان کا ہے، رہنما پی ٹی آئی

کوئٹہ (آن لائن) عمران خان کی ہدایات پر تحریک انصاف کا محمود خان اچکزئی کو اپوزیشن لیڈر بنانا خوش آئند ہے، محمود خان اچکزئی کو اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی منتخب۔۔۔۔۔۔ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

ٹریفک پولیس کی صرافہ بازار میں تجاوزات کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (آن لائن) ٹریفک پولیس نے صرافہ بازار میں تجاوزات اور غیر قانونی تھڑوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے علاقے کو مکمل طور پر کلیئر کروا دیا۔ صرافہ بازار شہر کے وسط میں واقع ہے جہاں مختلف ہول سیلرز کی دکانیں اور گودام موجود ہیں، جن کی جانب سے سامان سڑک پر رکھے جانے کے باعث ٹریفک کی آمد و رفت شدید متاثر ہو رہی تھی۔ کارروائی کے دوران سڑک پر رکھا گیا تمام سامان قبضہ پولیس میں لے لیا گیا اور تجاوزات ہٹا کر سڑک کو ٹریفک کے لئے بحال کر دیا گیا۔

کوسٹل ہائی وے پر پیش آنے والا حادثہ افسوسناک ہے، نور محمد دمڑ

زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جائیں، صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بی اے پی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے مکران کوسٹل ہائی وے پر مسافر بس کے افسوسناک ٹریفک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے جاری کردہ بیان میں صوبائی وزیر خوراک نے حادثے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ المناک واقعہ انتہائی افسوسناک۔۔۔۔۔۔ بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

۔۔۔ل حادثے میں جاں بحق نوجوانوں کی نماز جنازہ ادا

۔۔۔ل (نامہ نگار) ضلع واشک کے علاقے رخشان بدرنگ کے مقام پر دو زمیاد گاڑیوں کے درمیان خوفناک حادثے میں بری طرح جھلس کر جاں بحق ہونے والے ۔۔۔ل کے دو نوجوان آبائی قبرستان میں سپرد خاک، تدفین کے موقع پر رقت آمیز مناظر، نور آغا ولد احمد ملک زئی ماکلی اور بشیر احمد ولد حسن خان شکر زئی ماکلی واشک کے علاقے میں زمیاد حادثے میں جھلس کر جاں بحق ہو گئے تھے جن کا تعلق نوشکی کے علاقے ۔۔۔ل سے ہے، گزشتہ شب انکی لاشوں کو ۔۔۔ل پہنچایا گیا، رات گئے نجی قبرستان رحمانزئی میں نماز جنازہ و تدفین کر دی گئی

بلوچستان میں کرپشن کیخلاف مہم میں تیزی لائینگے، ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن

قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والوں کا کڑا احتساب کریں گے تاکہ کوئی بدعنوانی کا سوچ بھی نہ سکے

نصیر آباد، لورالائی، موسیٰ خیل و دیگر علاقوں میں بھی چھاپے مار کر کرپشن میں ملوث افسران کو گرفتار کر لیا، نصیب اللہ کاکڑ

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان میں کرپشن زدہ لابی کے خلاف کارروائی تیز، مختلف علاقوں سے ڈی جی اینٹی کرپشن انویسٹی گیشن کی نگرانی میں کارروائی جاری ہے مختلف علاقوں سے افسران گرفتار اور ان سے تفتیش جاری ہے اور مزید گرفتاریاں و اہم انکشافات متوقع ہیں واضح رہے کہ بلوچستان میں ماضی میں جس نے جو چاہا احتساب اور انصاف دلانے والے نظر نہیں آ رہے تھے یہی وجہ تھی کہ صوبے میں کرپشن میں کمی ہونے کی بجائے اس میں مزید اضافہ ہوتا جارہا تھا جس سے مختلف محکموں میں کرپشن زیادہ ہونے کی وجہ سے قومی خزانہ چند لوگوں کے ہاتھ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

فیڈرل لیویز کے ریٹائرڈ ملازمین اپنے مطالبات کے حق میں علامتی بھوک ہڑتال کے احتجاجی کیمپ میں بیٹھے ہیں

ایران: پاکستانیوں کی واپسی میں ہر ممکن مدد کی، مدثر ٹیپو

4 طالبات بارڈر پر پھنس گئیں، ہماری درخواست پر ایران نے سہولت دی، سفیر

تہران (م ڈ) ایران میں پاکستان کے سفیر مدثر ٹیپو نے کہا ہے کہ ہم نے ایران سے پاکستانیوں کی وطن واپسی میں ہر ممکن مدد کی۔ نیوز سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایران سے بذریعہ سڑک پاکستان سفر کرنے والے طلبا و شہری ایرانی بارڈر اوقات کی پابندی کریں۔ ایران کے بارڈر اوقات صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک ہیں۔ مدثر ٹیپو کا کہنا تھا کہ آج 4 پاکستانی طالبات گبد ریمدان بارڈر پر پھنس گئیں، پاکستانی سفارتخانے کی درخواست پر ایران نے طویل۔۔۔۔۔۔ بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

کسی ادارے یا شخص کو تاجروں کو تنگ کرنیکی ہرگز اجازت نہیں، عبدالرحیم کاکڑ

حکومت تاجروں کو تنگ کرنے کی بجائے مسائل حل کرنے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے، عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی

کوئٹہ میں بجلی و گیس کی غیر اعلانیہ نے کاروبار زندگی کو بری طرح متاثر کیا جس کا خاتمہ ناگزیر ہے، حلف برداری کی تقریب سے خطاب

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی اچکزئی، درویش آغا، حاجی محمد، خانو بادیزئی، ڈاکٹر سمیع کاکڑ، صاحب جان، حاجی نانے عمر، جیلانی جان، منظور احمد اور نادر خان نے کہا ہے کہ مرکزی انجمن تاجران بلوچستان بلا رنگ ونسل تاجروں کی خدمت پر یقین رکھتی ہے کسی بھی ادارے یا شخص کو تاجروں کو تنگ کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی، حکومت تاجروں کو تنگ کرنے کی بجائے انکے مسائل حل کرنے کیلئے فوری اقدامات اٹھائے یہ بات انہوں نے مرکزی انجمن تاجران خوشحال روڈ کے نو منتخب۔۔۔۔۔۔ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

آر سی ڈی شاہراہ پر ٹرالر کی ٹکر، باپ بیٹا زخمی

بیلا (یو این اے) آر سی ڈی شاہراہ شیشہ ہوٹل بیلا کے مقام پر ٹرالر کی ٹکر سے موٹر سائیکل پر سوار باپ بیٹا زخمی سول اسپتال بیلہ میں طبی امداد کے بعد مزید علاج کے لئے کراچی منتقل تفصیل کے مطابق ہفتہ کے روز کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ شیشہ ہوٹل بیلا کے مقام پر ٹرالر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار محمد عیسیٰ ولد محمد علی نصر اللہ ولد محمد عیسیٰ قوم بلوچ ساکنان کولوائی گوٹھ کا ٹھوڑ بیلا زخمی ہو گئے

خیر پور: خاتون سمیت 7 افغان شہری گرفتار

خیر پور (م ڈ) خیر پور میں پولیس اور احساس اداروں نے خفیہ اطلاع پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے خاتون سمیت سات افغان شہریوں کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی خیر پور کے مطابق اکنامک زون تھانے کی حدود میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان شہریوں کی گرفتاری کی گئی، جن کے پاس ویزا یا کوئی قانونی دستاویز موجود نہیں تھا۔

قلعہ عبداللہ: جے یو آئی کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ جامعہ ضیاء المدارس کی سالانہ فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی کا گورنمنٹ عطا شاد ڈگری کالج تربت کے ابتدائی بیچ کے سینئر فارغ التحصیل طلباء کے ہمراہ گروپ فوٹو

بلوچستان کے ساحلی علاقوں میں سمندر کا پانی سبز ہو گیا

ساحل کے اطراف میں شدید بدبو پھیلنے لگی، سیکڑوں آبی حیات کی اموات

پسنی (یو این اے) مکران کے ساحلی علاقوں میں سمندر کا پانی غیر معمولی طور پر سبز ہو گیا ہے جبکہ ساحل کے اطراف میں شدید بدبو پھیلنے لگی ہے۔ ڈپٹی ڈائریکٹر ماحولیات کے مطابق پسنی، اورماڑہ اور جیوانی کے ساحلی علاقوں میں کائی (الجی بلوم) جمع ہونے کے باعث پانی کا رنگ تبدیل ہوا ہے۔ محکمہ ماحولیات کا کہنا ہے کہ الجی بلوم کے نتیجے میں پانی میں آکسیجن کی سطح خطرناک حد تک کم ہوتی ہے، جس کے باعث سمندری حیات کو شدید نقصان پہنچا ہے اور مچھلیاں۔۔۔۔۔۔ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

شاہراہیں غیر محفوظ، بلوچستان میں سفر کرنا عذاب بن چکا، حافظ حمد اللہ

ملک میں عوامی مسائل جوں کے توں، صرف تماشے کیے جا رہے ہیں کوئی سنجیدہ کام نہیں ہو رہا، مرکزی رہنما جے یو آئی

حکومت سے اعتماد اٹھتا جارہا ہے، عوام درکنار سیاسی قیادت بھی محفوظ نہیں رہی، قلعہ عبداللہ میں دستار فضیلت سے خطاب

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام (جے یو آئی) کے مرکزی رہنما مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ ہم ایک عجیب ملک میں رہ رہے ہیں جہاں عوامی مسائل کے حل کی بجائے صرف تماشے کیے جا رہے ہیں یہاں کوئی ایسا سنجیدہ اور موثر کام نہیں کیا جاتا جس سے عوام کو حقیقی فائدہ پہنچے امن، روزگار، تعلیم اور صحت سمیت ہر شعبے میں نااہل افراد مسلط ہیں جبکہ عوام بدامنی اور مشکلات کا شکار ہیں۔ وہ جامعہ ضیاء المدارس، قلعہ عبداللہ میں سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے حافظ حمد اللہ نے کہا کہ نیشنل ہائی ویز غیر محفوظ ہیں اور بلوچستان میں سفر۔۔۔۔۔۔ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بلدیہ گوادر کے کردار کو مزید فعال بنانیکی ضرورت ہے، مولانا ہدایت الرحمن

عوام کو جوابدہ اور ہر قدم پر اعتماد پر پورا اترنا ہی ہماری سیاست کا بنیادی اصول ہے جس کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

مسلسل محنت سے گوادر کو مثالی اور صاف ستھرا شہر بنایا جائے گا، بلدیہ گوادر کے دورے اور سربندن کے کونسلروں کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمان نے میونسپل کمیٹی گوادر بلدیہ گوادر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے چیئرمین بلدیہ گوادر، وائس چیئرمین، چیف آفیسر اور بلدیہ کی صفائی ٹیم کے ذمہ داران کے ساتھ ایک تفصیلی نشست کی۔ اس موقع پر مولانا ہدایت الرحمان کی صدارت میں صفائی و ستھرائی کے نظام سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں شہر گوادر کی مجموعی صفائی کی صورتحال، درپیش مسائل اور مستقبل کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا ایم پی اے گوادر نے بلدیہ کے افسران اور صفائی عملے کو ہدایت کی کہ شہر۔۔۔۔۔۔ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت کا چاہ بہار سے بھاگنے کے بعد ایران کیخلاف واویلا

ایران پر بحری جہاز پکڑنے کا الزام، 16 عملے کے افراد سوار ہیں، بھارتی میڈیا

دہلی (م ڈ) چاہ بہار سے بھاگنے کے بعد ایران کے خلاف بھارت نے واویلا کرتے ہوئے ایران پر بحری جہاز پکڑنے کا الزام عائد کر دیا ہے۔ بھارتی سفارت خانے کے مطابق جہاز پر 16 بھارتی عملے کے افراد سوار ہیں۔ بھارت نے فوری طور پر عملے تک قونصلر۔۔۔۔۔۔ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

غزہ کیلئے عالمی بورڈ کا اعلان، فلسطینی نمائندگی غائب

شامل تمام افراد غیر ملکی، کسی بھی فلسطینی شخصیت کو شامل نہیں کیا گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے غزہ میں جنگ بندی کے بعد اس کی نگرانی، سیکیورٹی اور بحالی کے لیے بین الاقوامی بورڈ کا اعلان کیا ہے جسے 'بورڈ آف پیس' کا نام دیا گیا ہے، جس میں شامل تمام افراد غیر ملکی ہیں اور کسی بھی فلسطینی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

امریکی حملے کا خدشہ، ڈنمارک و فرانس کی فضائی مشقیں شروع

ڈنمارک کے ایف 35 لڑاکا طیاروں نے گرین لینڈ کی فضا میں پروازیں کیں

واشنگٹن (م ڈ) امریکی حملے کے خدشے کے تناظر میں ڈنمارک اور فرانس نے گرین لینڈ کی فضاؤں میں مشترکہ فضائی مشقیں شروع کر دیں۔ ڈنمارک کے ایف 35 لڑاکا طیاروں نے گرین لینڈ کی فضا میں پروازیں کیں، جبکہ فرانس کے ایم آر ٹی ٹی ٹینکر طیارے نے۔۔۔۔۔۔ بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

آٹا کی قیمتوں میں اضافہ سمجھ سے بالاتر ہے، ملک سکندر ایڈووکیٹ

آئی ایم ایف کی پالیسیوں سے عوام کو ریلیف فراہم کرنے کی کوئی امید نہیں، رہنما جمعیت

ملک میں بحرانوں کے تسلسل کی بنیاد کرپشن ہے، سابق سپیکر بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) ملک میں وافر مقدار گندم ہونے کے باوجود آٹے کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں ملک سکندر ایڈووکیٹ جمعیت علماء اسلام کے مرکزی جوائنٹ سیکرٹری سابق اسپیکر بلوچستان اسمبلی ملک سکندر خان ایڈووکیٹ نے کہا کہ ملک میں وافر مقدار گندم ہونے کے باوجود آٹے کی قیمتیں آسمان کو چھو رہی ہیں آج بھی گندم پر ذخیرہ اندوز کا راج ہے مافیاز سرگرم۔۔۔۔۔۔ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بی اے پی کا کوسٹل ہائی وے حادثے پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی ترجمان نے مکران کوسٹل ہائی وے پر مسافر بس کے افسوسناک ٹریفک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اپنے جاری کردہ بیان میں ترجمان بی اے پی میر ضیاء اللہ لانگو نے حادثے کے نتیجے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کے لئے دعا کی انہوں نے حادثے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے سوگوار خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ ایسے افسوسناک ٹریفک واقعات کی مکمل تحقیقات اور مستقبل میں ان کی روک تھام کے لئے موثر اور عملی اقدامات ناگزیر ہیں

کراچی: سینکڑوں بچوں سے زیادتی میں ملوث 2 افراد گرفتار

مرکزی ملزم عمران کا 6 سال میں درجنوں بچوں سے زیادتی کا اعتراف

چائلڈ ابیوز کیسز کسی صورت برداشت نہیں کرونگا، وزیر اعلیٰ مراد علی شاہ

کراچی (م ڈ) کراچی پولیس نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے 100 سے زائد بچوں سے جنسی زیادتی میں ملوث 2 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ رپورٹ کے مطابق ایس پی انویسٹی گیشن عثمان سدوزئی نے کہا کہ ہماری ٹیم نے متاثرہ بچے کی نشاندہی پر نیو سلطان میں کارروائی کی، گرفتار ملزمان میں مرکزی ملزم عمران اور وقاص خان شامل ہیں، ملزمان 100۔۔۔۔۔۔ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

علی پرویز ملک کی سعودی وزیر توانائی سے ملاقات

ریاض (این این آئی) پاکستان اور سعودی عرب نے توانائی شعبے میں تعاون بڑھانے اور نالج ایکسچینج پر اتفاق کیا ہے۔ جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیر مملکت برائے توانائی علی پرویز ملک نے ریاض میں سعودی وزیر توانائی شہزادہ عبدالعزیز بن سلمان سے ملاقات کی، جس میں پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان توانائی کے شعبے میں تعاون بڑھانے اور نالج ایکسچینج پر اتفاق کیا گیا۔ سعودی وزیر توانائی نے کہا کہ پاکستان کے ساتھ توانائی کے مختلف شعبوں میں شراکت داری کو مزید وسعت دی جائے گی

کوئٹہ: پاکستان ریلوے انقلابی یونین کوئٹہ کے زیر اہتمام آر ایل کے ملازمین تنخواہوں میں کوتی کیخلاف احتجاجی مظاہرہ کر رہے ہیں

ٹی 20 ورلڈ کپ: بھارت اور بنگلہ دیش میں تنازع شدید

بنگلہ دیش کا آئی سی سی کے بھارتی اہلکار کو ویزا جاری کرنے سے انکار

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کے سلسلے میں بنگلا دیش اور بھارت کے درمیان کرکٹ تنازع شدت اختیار کر گیا ہے۔ بنگلا دیش نے آئی سی سی کے دورے پر آنے والے وفد میں شامل بھارتی اہلکار کو ویزا جاری کرنے سے انکار کر دیا، جبکہ صرف ہیڈ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کے والد کا 5 سال سے بلاک شناختی کارڈ بحال

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کریم کے والد کا پانچ سال سے بلاک شناختی کارڈ بحال۔ درخواست گزار کریم نے بتایا کہ نادرا کی جانب سے بغیر کسی وجہ کے میرے والد عبدالقیوم کا شناختی کارڈ بلاک کر دیا گیا۔ متعدد بار نادرا کے دفتر چکر لگائے۔ نادرا والے کبھی کہاں تو کبھی کہاں جانے کا کہتے۔ آخر کار مجبور ہو کر وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر آئے اور انصاف کے لئے درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمے کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت شروع کر دی۔ سماعت کے دوران متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب نہ دے سکا۔

کمشنر سبی ڈویژن اسد اللہ فیض ٹیکنیکل ٹریننگ سی کی معلم کو لیپ ٹاپ پیش کر رہے ہیں

باچا خان نے عدم تشدد و تعلیم پر مبنی ہمہ گیر تحریک کی بنیاد رکھی، اے این پی

خان عبدالولی خان نے جمہوری سیاست اور پارلیمانی جدوجہد کے ذریعے عوام کے حقوق کا مسلسل دفاع کیا، مابت کاکا

عظیم رہنماؤں نے قید و بند، جلاوطنی اور بے مثال قربانیوں کے باوجود اصولوں پر کبھی سمجھوتہ نہیں کیا، رہنما عوامی نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا نے فخر افغان خان عبدالغفار خان (باچا خان) کی 38 ویں برسی اور رہبر ملی قائد جمہوریت خان عبدالولی خان کی 20 ویں برسی کے موقع پر ہفتہ باچا خان و ولی خان کے انعقاد کو موجودہ دگرگوں اور پرآشوب حالات میں امید شعور اور روشنی کی کرن قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ باچا خان اور ولی خان کی عدم تشدد، جمہوریت، قومی خودداری، سماجی انصاف، انسانی برابری اور پشتونوں سمیت تمام محکوم اقوام کے حقوق کیلئے جدوجہد آج بھی ہماری سیاسی و فکری رہنمائی کا سرچشمہ ہے انہوں۔۔۔۔۔۔ بقیہ 60 صفحہ نمبر 7 پر

بھارت 114 رافیل خریدنے کی تیاریوں میں مصروف

پاکستان سے شکست کے بعد بھارت جنگی جنون میں مبتلا ہو گیا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) معرکہ حق میں پاکستان سے عبرتناک شکست کے بعد جنگی جنون میں مبتلا ہو گیا، بھارت فرانس کی کمپنی سے 100 سے زائد لڑاکا طیارے رافیل خریدنے کی تیاری کر رہا ہے۔ بلومبرگ کی رپورٹ کے مطابق بھارت نے فرانسیسی ساختہ 114 رافیل لڑاکا طیاروں کی خریداری اور ان کی مشترکہ تیاری کے منصوبے کی منظوری دی ہے۔ اعلیٰ بھارتی حکام نے شناخت ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بلومبرگ کو بتایا کہ بھارت کے ڈیفنس۔۔۔۔۔۔ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ڈیمز میں قابل استعمال پانی کا مجموعی ذخیرہ 72 لاکھ 50 ہزار ایکڑ فٹ موجود

دریاؤں اور آبی ذخائر کی تازہ صورتحال، آمد و اخراج کے اعداد و شمار جاری کر دیے

اسلام آباد (آن لائن) واپڈا کے ترجمان نے ملک کے مختلف دریاؤں اور آبی ذخائر میں پانی کی آمد، اخراج اور ذخیرے سے متعلق تازہ اعداد و شمار جاری کر دیے ہیں، جن کے مطابق اس وقت تمام بڑے دریاؤں میں پانی کا بہاؤ معمول کے مطابق ہے جبکہ آبی ذخائر۔۔۔۔۔۔ بقیہ 71 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور، جعلی نوٹ پھیلانے والے 2 ملزمان گرفتار

پشاور (این این آئی) ایف آئی اے نے پشاور کے بازاروں، تجارتی مراکز سمیت دیگر مقامات پر استعمال کیلئے جعلی کرنسی سمگل کرنے والے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کو پشاور سمیت صوبے کے دیگر بازاروں، تجارتی مراکز میں جعلی نوٹ استعمال کرنے کی شکایت پر گرفتار کیا گیا ہے۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق گرفتار ملزمان میں عبدالوہاب اور سیف اللہ شامل ہیں۔

اسلام آباد میں درختوں کی کٹائی کیخلاف ہائی کورٹ کا سخت حکم

سی ڈی اے کو 2 فروری تک کارروائی سے روک دیا گیا، وجوہات طلب

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی دارالحکومت میں درختوں کی کٹائی کے خلاف دائر درخواست پر اسلام آباد ہائیکورٹ نے بڑا اور اہم حکم جاری کرتے ہوئے کیپٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) سمیت تمام متعلقہ اداروں کو 2 فروری تک کسی بھی قسم کی درختوں کی۔۔۔۔۔۔ بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

صوابی، پولیس کیساتھ فائرنگ تبادلہ، منشیات فروش جاں بحق

علاقہ مکینوں اور لواحقین نے لاش کارخانوں روڈ پر رکھ کر احتجاج شروع کر دیا

صوابی (این این آئی) تھانہ ٹوپی کی حدود میں زروبی روڈ پر پولیس اور منشیات فروش کے مابین فائرنگ کے تبادلے کے دوران موٹر سائیکل سوار منشیات فروش جاں بحق ہو گیا، پولیس تھانہ ٹوپی کی رپورٹ کے مطابق سابقہ ریکارڈ یافتہ اور بدنام زمانہ منشیات فروش باسط محمد فیاض۔۔۔۔ بقیہ 72 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان کی 62 یونینز پر پابندی، مزدور رہنما اسلام آباد پہنچ گئے

ملک وحید کاسی کی قیادت میں وفد کی ماہر قانون حافظ عرفات سے ملاقات

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے مرکزی رہنما ملک وحید خان کاسی کی قیادت میں اتحادی فیڈریشنز کے مزدور رہنماؤں عارف خان تجاری،۔۔۔۔۔۔ بقیہ 74 صفحہ نمبر 7 پر

ضلع شیرانی کے خاتمے سے متعلق بیان متعصبانہ و پشتون دشمنی پر مبنی ہے، پشتونخوا نیپ

بیان عوامی مینڈیٹ کی توہین، جنوبی پشتونخوا کے عوام کی سیاسی، انتظامی اور جغرافیائی شناخت پر براہ راست حملہ ہے

ضلع شیرانی میں امن و امان کے حوالے سے مسائل درپیش ہیں تو اس کا قیام حکومت کی ذمہ داری ہے عوام کو سزا دینا درست نہیں، بیان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز میں فارم 47 کے ذریعے مسلط وزیر اعلیٰ کی جانب سے ایک حالیہ پریس کانفرنس کے بعد ایک صحافی کے سوال کے جواب میں ضلع شیرانی کے خاتمے سے متعلق دیے گئے بیان کو سخت ترین الفاظ میں متعصبانہ، غیر آئینی، غیر جمہوری اور پشتون دشمن قرار دیا گیا ہے پارٹی کا موقف ہے کہ یہ بیان نہ صرف عوامی مینڈیٹ کی توہین ہے بلکہ جنوبی پشتونخوا کے عوام کی سیاسی، انتظامی اور جغرافیائی شناخت پر براہ راست حملہ بھی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ۔۔۔۔۔۔ بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: تحریک تحفظ آئین پاکستان کے رہنما خان نبی مری، کبیر افغان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ملک میں عملاً پارلیمنٹ کی آزادی سلب کی جا رہی ہے، جمعیت نظریاتی

بے اختیار پارلیمنٹ کے باعث ملک آئینی، سیاسی اور معاشی بحران سے دوچار ہے، مولانا عبدالقادر لونی، مفتی شفیع الدین

آئے روز غیر آئینی اقدامات سے ملک کی اساس کو کمزور کیا جا رہا ہے، قاضی گل الرحمان نکیال، مولانا ثناء اللہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے مرکزی قائم مقام امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین صوبائی امیر خیبر پختونخوا قاضی گل الرحمان نکیال صوبائی امیر پنجاب مولانا ثناء اللہ صوبائی امیر سندھ مولانا عزیز احمد شاہ امروٹی مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ و دیگر نے کہا کہ ملک میں عملاً پارلیمنٹ کی آزادی سلب کی جا رہی ہے بے اختیار پارلیمنٹ کے باعث ملک آئینی، سیاسی اور معاشی بحران سے دوچار ہے انہوں نے کہا کہ اسپیکر غیر آئینی شرائط۔۔۔۔۔۔ بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر